بانی: منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرۃ العزیز

https://www.hyderone.com/

اپنے اندر بے پناہ علمی روحانی خزانہ لیے ہوئے 1947ء سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے

قدیم وجدید ریسرچ پر مشتمل پاک وہند میں شائع ہونے والا منفرد آفاق، فلکیاتی و روحانی مجلہ

اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں

نمونہ کا شمارہ مفت منگوائیں

قیمت 150 روپے

خواہش مند حضرات نمونہ کا شمارہ منگوانے کیلئے 20 روپے کے ڈاک ٹکٹ لازماً ارسال کریں (ادارہ)

https://www.hyderone.com/

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

گروپ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

جلد نمبر 75 جنوری 2023 شمارہ نمبر 10

مجلس مشاورت

- ڈاکٹر علامہ محمد حسین اکبر
- مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی
- چودھری واجد علی خان
- سردار شعیب ممتاز خان
- شجاعت ہاشمی (آرٹسٹ)
- افتخار احمد (سینئر صحافی)
- کرنل (ر) سید پرویز اقبال بخاری
- ڈاکٹر نثار احمد ملک

مشیر قانونی

طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ

محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

گرافکس۔ لے آؤٹ

ارشد علی

قیمت فی شمارہ 450 روپے

سالانہ چندہ 1800 روپے

لائف ممبرشپ 15000 روپے

بیرون ممالک

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر

For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ، انڈیا، کویت، سری لنکا
18000 روپے

یورپ، فار ایسٹ
20000 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا
25000 روپے

بیرونِ ملک نمائندگان

فیض احمد (نیویارک)

ارشد محمود ناز (لندن)

فیصل عرفان (دبئی)

ہیڈ آفس

ہیڈ آفس کاشانہ زنجانی D-125 حضرت میراں حسین زنجانی روڈ گلبرگ II لاہور

فون: 35872277, 042-35752277 موبائل شاہ زنجانی 0300-9456949

موبائل مصور زنجانی 0300-9483758 Email: aienaeqismat@gmail.com

کراچی آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200 فون: 021-32217544

راولپنڈی آفس کاشانہ زنجانی A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی
Cell # 0300-4135822

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد
نوازش علی شیخ

جسم اور رُوح سبھی تِرے اِشارے پر ہے
ڈوبا جو عِشق کے ساگر میں کنارے پر ہے
ہاتھ پاؤں تو بُہت دنیا میں مارے ہم نے
ہنس کے کہتی ہے مگر زیست خسارے پر ہے
جس طرف دیکھتا ہوں جلوہ نُما ہے تُو ہی
نور کا دَریا، میری ناؤ کنارے پر ہے
لاکھوں رنگوں میں نمایاں ہے مگر تیرا ہی رنگ
شان تیری ہے تِرا ذکر سپارے پر ہے
چاندنی پھیلی ہے ہر سو تو درخشاں ہے چاند
چال دنیا کی مگر پھر بھی ستارے پر ہے
رازِ دَرپردہ کو جانے لا شریکَ لَہُ
کائنات عاصیؔ اِسی ایک سہارے پر ہے

نعت
نوازش علی شیخ

عشق صادق ہو تو پھر دِل میں سفر جاگتے ہیں
تائبِ خواب ہیں ، تا وقتِ سحر جاگتے ہیں
جذّب اور شوق کا روشن ہے الاؤ دِل میں
ذہن میں لا اِلہٰ کے تازہ ہُنر جاگتے ہیں
شہروں میں گلیوں میں اور کوچہ و بازاروں میں
ذکرِ لاہوت سے ، دیوار اور در جاگتے ہیں
جس کسی کو بھی عطا چاہیے ، تا زیست مُدام
اُسکے اعضائے بدن شام و سحر جاگتے ہیں
دِل میں ہو سوخت ، نظر میں ہو تجلّی کا سماں
اِن اداؤں سے فقط اہلِ نظر جاگتے ہیں
کج اداؤں سے حذر ، واعظ و مُلّا سے حذر
عاصی درحالِ سفر عذرِ خطر جاگتے ہیں

تشنہ دہان کی فغاں عہد پیام تک گئی
بادِ سُموم کربلا، کوفہ و شام تک گئی
خطبہ تھا اِک اسیر کا، نوکِ سناں پر جو دیا
اُسکی صدائے بازگشت ہر خاص و عام تک گئی
نازشِ مُصطفی سلام تیرے سفر کی شان پر
صبح و مسا کی ہر گھڑی سجدہ قیام تک گئی
جیسے ہوا کٹا سفر، جیسے سہی صعوبتیں
بندِ رسَن کی داستاں میرے اِمام تک گئی
چُن چُن کے مارے تھے شقی بُرشِ ذُوالفقار نے
ہر اک عدو کی دشمنی حدِ حرام تک گئی
ہر اک شہید نے امام کے لئے سر کٹا دیا
رُوحِ بتول و مرتضٰی اُنکے سلام تک گئی

U.N.O کہاں؟

خوش اُمیدی کے 75 سال

W.W.3 آغاز

پاکستان کا زوال کب عروج میں بدلے گا، 2023ء الیکشن، ایمرجنسی یا مارشل لاء کا سال

بہت عرصہ قبل پاکستان کے کسی اخبار میں مجھے ملائیشیا کے مہاتیر محمد طویل مدتی سابقہ وزیر اعظم ملائیشیا کا انٹرویو پڑھنے کا اتفاق ہوا یوں تو وزیر اعظم نواز شریف کو بھی یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ تین مرتبہ وزیر اعظم بنے مہاتیر نے اپنے انٹرویو میں فرمایا کہ جب میں پہلی مرتبہ وزیر اعظم بنا تو خوشی کے مارے مجھے نیند نہیں آئی ساری رات امیر ہونے اور اپنے عزیز و اقارب کو نوازنے کا سوچتا رہا وقت کا احساس نہ ہوا اور اچانک مسجد سے **اللہ اکبر** اذان کی آواز آئی تو میں ڈر گیا کہ بے شک اللہ بڑا ہے۔ میں نے اپنی ذات کی نفی کرتے ہوئے اس پر کراس لگا دیا اور ملک کی تعمیر و ترقی کی طرف دن رات لگا رہا۔ اور شکر ادا کرتا ہوں کہ آج ملائیشیا کہاں سے کہاں پہنچ گیا ہے۔ وزیر اعظم عمران خان کی دعوت پر مہاتیر محمد **97** سالہ (پیدائش **10** جولائی **1925**ء) وزیر اعظم پاکستان کے یوم آزادی پر پاکستان تشریف لائے سابقہ وزیر اعظم عمران خان ان کے قریب ہو کر اچانک نامعلوم کیوں دور ہو گئے۔ ورنہ ان کے تجربات سے پاکستان کی قسمت اگرچہ سنورنی نہ سہی مگر بہتر ضرور ہو جاتی پاکستان کے آئین و قانون اور سیاست سے کھلواڑ جاری ہے۔ حالیہ سیلاب اگست/ستمبر **2022**ء نے ملک کو آسیب زدہ بنا دیا ہے۔ حکمران عوام کو جو اُمیدیں بھی دلاتے ہیں خود بھی ان کو کھلونوں کی طرح توڑ دیتے ہیں۔ ہر بار لیڈران قوم کو خوش اُمیدی دلاتے ہیں اور قوم انہیں مسیحا جاننے لگتی ہے اقتدار پر قابض ہوتے ہی قوم کے خواب چکنا چور اُمیدیں دم توڑنے لگتی ہیں۔ تحمل برداشت بردباری اور مدینہ کی ریاست میں مساوات جیسی آوازیں دم توڑ رہی ہیں۔ پاکستان اب آسیب زدہ لگنے لگا ہے۔ شائد ہم سب ناشکرے ہیں۔ ناشکرے پن کی پہلی سزا **1971**ء میں آدھا ملک کٹ گیا ہم باز نہ آئے چار صوبے اب تو گلگت بلتستان، فاٹا، اور آزاد کشمیر سب قوم پرستی میں مبتلا اسلام کے نام پر حاصل کردہ پاکستان میں آج ہم سب ایک دوسرے کو پھر سے مسلمان بنانے کی ناکام اسلامی جنگ کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پس پردہ اسلام دشمن دجالی فتنوں نے مذہب سیاست کی آڑ میں معصوم عوام کو ایک دوسرے کا دشمن بنا دیا ہے۔ کاش ہم **1947**ء کے بعد سب پاکستانی بن جاتے تو نہ آدھا ملک کٹتا اور اب باقی ماندہ پاکستان کو تقسیم در تقسیم کرنے کی جو سازشیں جاری ہیں ہماری آنکھیں کھل جائیں ملک کا ٹوٹ جانا کبھی زلزلے اور کبھی سیلاب کی تباہ کاریاں ہمارے ناشکرے پن کا نتیجہ ہے۔ ناشکری نعمتوں میں کمی اور شکر گذاری نعمتوں میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔ کم تعداد کی اقوام نے دُنیا میں ترقی کی پاکستان **22** تا **30** کروڑ آبادی کا ملک اور سبھی سیاست دان کئی کئی بار حکومتیں کر چکے ہیں۔ سابقہ اور موجودہ حکومت نے ہمیں **IMF** کے آگے گروی رکھ کر مہنگائی کا جو طوفان برپا ہو چکا ہے **75** سالہ ناکام سیاسی اور معاشی تجربات نے ہم سب کو ساحل سمندر پر پہنچا دیا ہے۔ لوگ ہم سے پوچھتے ہیں کہ کیا پاکستان کی تقدیر کبھی بدلے گی؟ بحیثیت آسٹرالوجر مجھ گنہگار شاہ زنجانی کو زائچہ پاکستان سے پاکستان کے عروج کا **19** سالہ دور **30** نومبر **2024**ء تا **30** نومبر **2043**ء دکھائی دیتا ہے زندگی نے وفا کی پاکستان کا روشن مستقبل ہم سب دیکھیں گے۔ **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2024**ء زائچہ پاکستان میں عزت حکمرانی کے گھر میں عروج و زوال کا ستارہ زحل دسویں **30** سال کے بعد عروج یافتہ اور ادھر مہادشا زحل کی ابتداء ہر دو لحاظ سے پاکستان بتدریج ترقی کرے گا۔ کئی سیاسی چہرے بدل جائیں گے۔ قدرت کاملہ کو شائد ہم پر رحم آجائے۔ ہم سب کو اپنے ناشکرے پن کو "استغفر اللہ" میں بدل دینا چاہئے۔ تیسری عالمی جنگ عظیم روس، یوکرائن، چین، تائیوان، جاپان، کوریا، کشمیر، ایران، عراق، شام، بھارت، افغانستان، پاکستان، فلسطین، اسرائیل ہی حساس مقامات نہیں بلکہ ترکی کا **2023**ء میں سو سالہ لوزوان معاہدہ سے آزاد ہونا پوری دُنیا خصوصاً یورپ انرجی کرائس سے متاثرہ ہو چکے ہیں۔ اور مزید انرجی کرائس کے ساتھ ساتھ کساد بازاری کے خدشات سامنے نظر آرہے ہیں۔ کیا پھر ہیروشیما ناگاساکی ایٹمی حملوں کی امریکہ کے بعد روس تاریخ دہرا سکتا ہے؟ اس خوف سے ہی دُنیا کانپی ہوئی ہے ہمیں سب کو ملکر امام زمانہ مہدیؑ کے جلد ظہور کی دُعا کرنی چاہئے۔ جنگی آمد سے دُنیا کے تمام اسلحہ خانہ سرد پڑ جائیں گے۔ دُنیا بنانے والے نے دُنیا عدل و انصاف پیار محبت کے لئے بنائی ہے ہم سب اس دن کے منتظر اور منتظر مہدیؑ ہیں کہ آپ جلد تشریف لے آئیں۔ منتظر امام زمانہؑ سیّد انتظار حسین زنجانی

جو شخص دریا کی موج پر گھر بناتا ہے (وہ موج دنیا ہے) اس کو اس میں آرام نہیں ملے گا۔ (حضرت عیسیٰ)

مصدقہ:
ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

شجرہ طیبہ معصومین علیہم السلام

مصدقہ:
آقا ملت مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی، پشاور

اسمائے معصومین	مشہور لقب	کنیت	اُمہات	تعدادِ اولاد	تاریخ و ماہ و سن ولادت	جائے ولادت	تاریخ وفات	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ	مصطفےٰؐ	ابوالقاسمؐ	حضرت آمنہؑ بنت وہب	فاطمہ، ہر ابطیب طاہر، قاسم و ابراہیم	۱۷ ربیع الاول سنہ ۱ عام الفیل	شب ابی طالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر سنہ ۱۱ھ	۶۳ سال	و۔ نوشیرواں عادل ش۔ ہرقل بادشاہ قیصر روم	زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر	مدینہ طیبہ
اُم الائمہ جناب فاطمہؑ	زہراء	ام الحسنین سیدۃ النساء	حضرت خدیجہ الکبریٰ	حسن و حسینؑ، محسنؑ، ام کلثوم و حضرت زینبؑ	۲۰ جمادی الثانیہ ۴۵ عام الفیل	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانیہ سنہ ۱۱ھ	۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم	و۔ یزدجرد ش۔ حضرت ابوبکر	افتادن در پہلو شکستن	جنت البقیع (مدینہ)
ابوالائمہ حضرت علیؑ	امیر المومنین	ابوالحسن ابوتراب	حضرت فاطمہؑ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل یوم جمعہ	درمیان خانہ کعبہ	۲۱ رمضان سنہ ۴۰ھ	۶۳ سال	و۔ شہریار ش۔ معاویہ	ضرب عبدالرحمن ابن ملجم سازش امیر شام بمقام مسجد کوفہ	نجف سے اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ	مجتبےٰ	ابو محمدؐ	حضرت فاطمہؑ زہراؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر سنہ ۵۰ھ	۴۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ	زہر دادن جعدہ بنت اشعث بتحریک معاویہ [illegible]	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام حسینؑ	سید الشہداء	ابوعبداللہ	حضرت فاطمہؑ زہراؑ	۶ پسر ۴ دختران	۳ شعبان سنہ ۴ھ (بنابر مشہور)	مدینہ منورہ	۱۰ محرم سنہ ۶۱ھ	۵۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ یزید	ذبح بےشمار بمقام کربلا [illegible]	کربلائے معلی (عراق)
حضرت امام علیؑ	زین العابدین	ابو محمدؐ	حضرت شہربانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم سنہ ۹۵ھ	۵۷ سال	و۔ بادشاہ [illegible] ش۔ ولید	زہر دادن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام محمدؐ	باقر	ابوجعفر	فاطمہ بنت امام حسن	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ سنہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	و۔ معاویہ ش۔ ہشام	زہر ابراہیم بن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام جعفرؑ	صادق	ابوعبداللہ ابواسمٰعیل	ام فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال سنہ ۱۴۸ھ	۶۵ سال	و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور	زہر منصور دوانقی	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام موسیٰؑ	کاظم	ابوالحسن ابوابراہیم	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر ۱۲۸ھ	ابواء (مابین مکہ و مدینہ)	۲۵ رجب سنہ ۱۸۳ھ	۵۵ سال	و۔ مروان الحمار ش۔ ہارون رشید	زہر ہارون رشید عباسی بذریعہ سندی ابن شاہک	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	رضا	ابوالحسن	ام البنین	امام محمد تقی فقط	۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذی قعدہ سنہ ۲۰۳ھ	۵۵ سال	و۔ منصور دوانقی ش۔ مامون رشید	زہر مامون رشید	مشہد مقدس (خراساں)
حضرت امام محمدؐ	تقی	ابوجعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذی قعدہ سنہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم	و۔ محمد الامین عباسی ش۔ معتصم باللہ	زہر معتصم باللہ بذریعہ ام الفضل بنت مامون رشید	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	نقی	ابوالحسن	سمانہ خاتون	۵ فرزند	۵ رجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب سنہ ۲۵۴ھ	۴۰ سال	و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ	عسکری	ابو محمدؐ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب الامر	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول سنہ ۲۶۰ھ	۲۸ سال ۲ ماہ	و۔ جابر [illegible] ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام محمدؐ	مہدی ابوالقاسم صاحب الزمان	ابوالقاسم	نرجس خاتون	العلم عند اللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سر من رائے عراق	بحکم خدا زندہ ہیں	ماشاء اللہ	و۔ معتمد باللہ	بحکم خدا زندہ ہیں	جائے غیبت سر من رائے

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

دُعائے حل المشکلات

یہ دُعا مشکلات کے وقت ایک ہفتہ تک روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے سے مشکلات دُور ہو جاتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

اِلٰهِیْ بِحَقِّ الْخَمْسَةِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ وَ عَلِیٍّ وَ صِیِّ رَسُوْلِكَ وَ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِكَ وَ الْحَسَنِ وَ

یا اللہ پنج تن پاک کے حق کا واسطہ محمدؐ تیرے رسول علیؑ تیرے رسولؐ کے وصی فاطمہؑ تیرے رسولؐ کی صاحبزادی اور حسن و

الْحُسَیْنِ سِبْطَیْ رَسُوْلِكَ وَ بِعِزَّةِ جَلَالِ وَجْهِكَ الْكَرِیْمِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

حسین علیہما السلام تیرے رسولؐ کے نواسے اور تیری ذات کریم کی جلالت وعزت کا صدقہ میری درخواست ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل

مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِمَّآ اَنَا فِیْهِ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ لَا تَضِیْقُ مِنْ شَیْءٍ وَّ بِقُدْرَتِكَ

محمد پر رحمت فرما اور جس حالت میں گرفتار ہوں مجھے اس سے نکال کر نجات دے تجھے تیری اس رحمت کا واسطہ جو کسی چیز سے کم نہیں ہوتی

الَّتِیْ لَا یَتَلَكَّاءُ مِنْ اِجَابَتِهَا شَیْءٌ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ تین مرتبہ کہے تَضَآئَقِیْ یَنْفَرِجُ

اور تیری اس قدرت کا واسطہ جسے زمین وآسمان کی کوئی چیز روک نہیں سکتی "میری پریشانی دُور ہو جائے گی"

دُعائے ہزارہ

حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے، جو شخص روزانہ یہ دُعا پڑھے گویا اس نے ہزار قرآن پڑھے، ہزار حج کئے، ہزار عمرے ادا کئے، ہزار بھوکوں کو کھانا کھلایا، ہزار شہیدوں پر نمازِ جنازہ پڑھی، ہزار غلاموں کو آزاد کیا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

فَاكْفِنَا یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا كَافِیَ الْمُهِمَّاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ہمارے لئے کافی ہو جا اے حاجتوں کو پورا کرنے والے اے بڑے بڑے اہم کاموں میں مکمل مدد کرنے والے بیشک تو ہر چیز پر مکمل قدرت رکھتا ہے

نوٹ: ۔قارئین زنجانی جنتری **2023**ء کو ان دُعاؤں کے پڑھنے کی عام اجازت ہے۔خصوصی اجازت کیلئے عامل شاہ زنجانی رابطہ: **0300-9456949**

عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی

جشن میلاد النبی ﷺ کے زیر سایہ 09 ربیع الاوّل/ بمطابق 06 اکتوبر بروز جمعرات 2022ء بانی ادارہ آئینہ قسمت کا 50واں عرس بمقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شاد باغ لاہور ہر سال کی طرح عقیدت ومحبت سے منایا گیا اس کے علاوہ کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ II میں محفل میلاد کی صورت اور منجم اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے شاہ انتظار حسین زنجانی و پوتے شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی نے سفر عشق (عمرہ) مکہ ومدینہ میں عمرہ وایصال ثواب کی صورت میں بھی منایا۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 09 ربیع الاوّل/ بمطابق 06 اکتوبر بروز جمعرات 2022ء نماز ظہر سے قبل قرآن خوانی اور بعد نماز ظہر محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، اس کے بعد ثناء خوانوں علامہ محمد وقاص عطاری، محترم جناب محمد کوثر علی عطاری قادری، محترم جناب ناصر علی قادری نے محفل میں جوش وولولہ روحانی سماء باندھ دیا۔ محفل کے اختتام پر جناب قبلہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب جو کہ راقم کے بڑے بھائی اور صدر محفل بھی تھے نے ملک وقوم کے لئے دُعا خیر فرمائی اور اپنے نیک خیالات کا اظہار فرمایا، جس کا لطف راقم نے مکہ کی پاکیزہ ورحمتوں والی فضاء میں اُٹھایا۔ محفل میلاد النبی ﷺ اور عرس شاہ زنجانی کو رونق بخشنے کے لئے جن مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت فرمائی انکے روشن چہروں کی طرح منصور نام درج ذیل ہیں: جناب نعیم الدین راٹھور (جج) ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب، محترم جناب علامہ اشفاق قادری، محترم جناب محمد دانیال عطاری قادری، محترم جناب ندیم وائس چیئرمین گوالمنڈی، محترم جناب طلعت محمود صدر لوہا مارکیٹ، صاحبزادہ سید علی رضا سجادہ نشین پیر سیّد چن پیر قادری صاحب (سجادہ نشین میاں میر لاہور)، محترم جناب جمیل بدر صاحب (برادر مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، جناب محمد یونس صاحب (بھماں جھگیاں)، جسٹس رانا زاہد محمود صاحب (سابق جج لاہور ہائی کورٹ، موجودہ جج الیکشن ٹربیونل پنجاب)، محترم جناب ذوالفقار علی بدر صاحب (صاحبزادہ مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، محترم جناب غلام محمد علی حسن گجر صاحب (وائس چیئرمین گجر برادری، صدر شاہ عالم مارکیٹ تاجر برادری)، صاحبزادہ پیر سیّد ظہور شاہ کاظمی (سجادہ نشین حضرت صابر شاہ ولی وحضرت ناصر شاہ ولی)، میاں محمد اکرم صاحب (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ)، خواجہ ندیم سعید صاحب (چیئرمین وال سٹی UC)، علامہ محمد اشفاق عطاری قادری صاحب، جناب سیّد ریاض علی شاہ گیلانی صاحب، محمد شہزاد بٹ صاحب (چیئرمین مصالحتی عدالت وال سٹی)، محمد فیصل بٹ (چیئرمین کینال پارک بازار)، علامہ عبدالقیوم قادری صاحب، چوہدری محمد خرم ریاض گجر صاحب (چیئرمین گجر یوتھ ایسوسی ایشن)، جناب سیّد شاہد علی قادری نقشبندی صاحب (کینال پارک)، مفتی محمد ساجد عطاری قادری صاحب، پیر سیّد ریاض علی شاہ صاحب (شادباغ)، الحاج محمد خالد محمود صاحب (خلیفہ مرتضیٰ علی حسینی عثمان آباد انڈیا)، معین الحق علوی صاحب، جناب سیّد اشتیاق حسین بخاری صاحب، محترم جناب حاجی انور صاحب (شادمانی ہال)، جناب سیّد عاصم بخاری صاحب (اداکار)، جناب سیّد اویس شاہ بخاری صاحب، محمد حبیب خان (سابق چیئرمین کینارل پارک بازار)، جناب سیّد شجاعت ہاشمی صاحب، جناب سیّد ریحان شاہ بخاری صاحب، محترم جناب عبدالعزیز صاحب، جناب ڈاکٹر نوازش علی صاحب، علامہ وقار علی قادری صاحب، محترم جناب جمال بدر صاحب، قاری محمد عارف صاحب نے شرکت کی۔ 4 بجے سبھی حاضرین محفل درود شریف کا ورد کرتے ہوئے درگاہ چنوں شاہ سے درگاہ شاہ زنجانی کی طرف چادر پوشی کے لیے روانہ ہوئے۔ درود وسلام کے ورد میں جانشین خاندانِ زنجانیہ و صدر محفل جناب قبلہ شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب کے ہمراہ سینکڑوں زائرین کے ساتھ چادر پوشی کی متعدد مرتبہ دُعاؤں کے بعد خصوصی دُعا شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی صاحب نے مکہ سے فرمائی بعد از مہمانوں کی لنگر سے تواضع کی گئی۔ یوں یہ روحانی محفل دُعاؤں کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہوئی۔

ZANJANI TV
زنجانی
زنجانی جنتری 2023ء
یہودی اور بت پرست مومنوں کے بدترین دشمن ہیں (قرآن مجید)
لوح مصطفائی
یا رب تری رحمت سے مایوس نہیں فانی
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے
مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی۔ قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردش ایام کے کوڑے سہتا ہے۔
سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں
آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام
میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کالم پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ
منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوح مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حقہ خاص تک تھا۔ اب
آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوح مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔
☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہونگے ☆ افسران بالا مہربان ہونگے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضہ ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہونگے ☆ مقدمات میں کامیابی ہو
گی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہو سکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں
رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہو سکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوح مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہونگی۔
پس لوح مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدین کے نام بھی تحریر فرمائیے۔ لوح مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔
ہدیہ =/900 روپے۔
نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔
خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف
نقش اسم اعظم
حصول خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں
ہدیہ =/700 روپے
نقش نادِ علی
نادِ علیؑ کا وِرد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہر وار کو بے اثر کر کے حرز جاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے
ہدیہ =/700 روپے
نقش تنلیس
بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کر کے انسان کو تباہی و بربادی سے بچا لیتا ہے
ہدیہ =/700 روپے
نقش انقلاب عظیم
تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانہ تحفہ نہیں ہے
ہدیہ =/700 روپے
نقش یوسفؑ
گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ
ہدیہ =/700 روپے
نقش محافظ
یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے
ہدیہ =/700 روپے
نقش ولادت
دردِ ولادت میں کمی کر کے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے
ہدیہ =/700 روپے
مینیجر شعبہ روحانیات آئینہ قسمت
کاشانۂ زنجانی، D-125، حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ
گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ)، لاہور
بیرون ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے
فون: 0300-9483758
آئینہ قسمت ☆ بارہ ماسیہ جنتری ☆ البیرونی تقویم
9
☆ سلطان نیوز ایجنسی، اخبار مارکیٹ، لاہور۔
https://www.hyderone.com/

توشہ اصحاب کہف

کی پُرنور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورۃ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دُور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیرِ نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دُور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلافِ شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف پانچ سو (**500**) روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہوسکتے ہیں۔ ایک دو یا تین زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

خوشی و غمی سے مرقع اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علمِ نجوم اور دیگر علومِ مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لحہ متاثر ہوتے ہیں۔ معروفیات زندگی مثلاً ذاتی مسائل، مال و اسباب، عزیز و اقارب، گھریلو مسائل، معاملات عشق و محبت، غیر متوقع آمدن، انعام وغیرہ، صحت و قرض کے مسائل، شادی اور شراکت، وراثت اور حادثات، سفر و روحانیات، ترقی و روزگار، خواہشات، خفیہ امور، مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے منجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

https://www.hyderone.com/

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم و لباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کریں۔ **واللّٰہ المستعان علی ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اِسکے بعد عروج ماہ تک عمل تنجیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں — ہدیہ ایک ہزار (**1000/=**) روپے

لوحِ امساک

نوٹ: پامسٹری کے شائقین بھی ذاتی طور پر مل کر لطیف بُرا اسرار علم سے فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندانِ عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آ رہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیرِ ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوالیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ سات سو (**700/=**) روپے ہے۔ گزشتہ سال جو الوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند الوح باقی رہ گئی ہیں۔

لوح درج ذیل ہے

٣٦٤	٣٥٨	٣٦٦
٣٦٥	٣٦٣	٣٦٠
٣٥٩	٣٦٧	٣٦٢

طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندانِ زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آ رہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت مل سکتا ہے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظر بد سے محفوظ رہیں

2023ء کا اسمِ اعظم

یا نُور یا وَارِثُ یا غنیُّ

شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی

2023ء کی مناسبت سے قارئین کو آج ایک عجیب و غریب مگر پُر تاثیر خاندان زنجانیہ عالیہ کا مجرب المجرب اسم اعظم پیش کرنے کی سعادت حاصل کروں گا۔

نیا سال 2023ء سب بہن بھائی کو مبارک ہو۔ زنجانی جنتری میں برسوں سے ہم سال کی مناسبت سے ایک اسم اعظم نکال کر قارئین کو ہدیہ کرتے ہیں یہ اسم اعظم صرف اسی سال کے لئے ہے۔ آپ نے اکثر سنا ہوگا کہ تقدیر نہیں بدلی جا سکتی یہ بات سچ ہے۔ ہم سائلین کو علوم الفلکیات یا علم نجوم سے انکی تاریخ پیدائش وقت پیدائش مقام پیدائش یا پھر ان کے ہاتھوں کے پرنٹ سے ان کے زائچے بنا کر انکی تقدیر ہی بتا رہے ہوتے ہیں۔ دُنیا میں جہاں عرب و عجم سپر پاور اور ہر مذہب و نسل کے حکمران اپنی اپنی رعایا پر حکمرانی کر رہے اور اللہ کے بعد ان کی اخلاقی مذہبی، دُنیاوی ذمہ داری بنتی ہے کہ اپنی اپنی رعایا کی خوشحالی کا خیال کریں۔ **2023**ء کا اسم اعظم کچھ یوں روحانی طور سے اخذ ہوا ہے۔ یوں تو اللہ تعالیٰ کے پاک پیارے **99** اسمائے حسنیٰ بہت مشہور و معاروف ہیں۔ اکثر والدین اپنے بچوں کا نام بھی اسمائے حسنیٰ سے اتفاقاً یا قصداً رکھتے ہیں۔ میرے بڑے شہزادے سیّد "**مصوّر علی**" زنجانی کا نام میں نے اس کی پیدائش پر انکے پیدائشی زائچہ اور نہایت خوب سوچ سمجھ کر اسمائے حسنیٰ میں سے رکھا۔ **مصوّر** (عدد **236**) **علی** (عدد **110**) تب یہ خیال کیا تھا کہ جب شہزادہ بڑا ہوگا تو اسے بتاؤں گا کہ یہ آپ کے نام کا ذاتی اسم اعظم بھی ہے۔ اس کے کل ابجدی قمری اعداد **346** مرتبہ ورد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شرف پڑھ کر کرتے رہیں۔ یوں کوئی بھی بہن بھائی زنجانی جنتری ہذا میں دیئے گئے اسمائے حسنیٰ کے چارٹ سے اپنے نام کے ابجدی نکالنے میں مشکل ہو تو پتہ لکھا جوابی لفافہ ادارہ کے نام بھیج کر ہم سے بھی بلا ہدیہ اپنا ذاتی اسم اعظم معلوم کر سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے آپ اسے بلا ناغہ نماز فجر کے بعد پڑھنا پسند فرمائیں تا کہ ہمارے توشہ آخرت میں بھی کوئی ایک نیکی لکھی جا سکے۔ یاد رہے کہ قرآن پاک **28** حروف ابجد میں نازل ہوا ہے اور اسی ابجد قمری کی معین کردہ قوت سے ہی اسم اعظم نکالا جاتا ہے۔ یقیناً جو بہن بھائی اس کا سال بھر ورد کریں گے کوئی غم و پریشانی آپ کے نزدیک ہرگز نہ آئے گی۔ دعائے جوشن کبیر جسکی **100** آیات ہیں ہر آیت میں **10** اسمائے حسنیٰ کا دُعا میں وسیلہ اپنایا گیا ہے کبھی آپ کو فرصت ہو تو یوٹیوب پر دُعائے جوشن کبیر ضرور سنیں آپکی **30/40** منٹ کی زحمت راحت میں بدل جائیگی۔ **2023**ء کے لئے ہم نے آپ کی خدمت کے لئے جو اسم اعظم نکالا ہے اسے میں گزشتہ سال کی ناگہانی آفات ارضی و سماوی کو بھی مدنظر رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک پاک نام "یا نُور" (اے روشنی بخشنے والے) مطلب اے بلند رُتبہ والے اس کے اعداد **256** ہیں۔ دوسرا پاک نام "یَا وَارِثُ" (اے دینے والے) جس کے اعداد **707** ہیں۔ اور تیسرے پاک نام "یَا غنیُّ" (اے بے پرواہ) جس کے اعداد **1060** ہیں۔ عظمت بزرگی والی کی بلند اور یکتا عظیم ذات بے شک اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔ آپ سال نو کے آغاز سے یا جب بھی یہ مضمون آپکی نظر سے گزرے آپ یہ اسم اعظم "یَا نُور یَا وَارِثُ یَا غنیُّ" **2023** مرتبہ سال ہذا کی نسبت سے (اسکی تعداد **2023** یا پھر کم از کم **223** مرتبہ) اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا معمول بنالیں روز بروز عزت مرتبہ برکت پائیں۔ نہ صرف ہر قسم کی جسمانی ذہنی روحانی پریشانیوں سے بھی حفاظت میں رہیں گے۔

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ **پیر بھائی داتا گنج بخش**" کا یہ روحانی ادنیٰ سا سیّد زادہ شاہ زنجانی بھی آپ کے سب رنج و غم پریشانی دور ہو جانے اور سال نو میں ہر وہ نعمت آپکو مل جانے کے لئے دُعا گو ہوں جسکی آپ کو تمنا ہو۔ اور ہاں اپنے دن کا آغاز صدقہ سے کریں خواہ وہ ایک روپیہ ہی کیوں نہ ہو۔ اللہ کے ہاں صدق خلوص سچائی ہے وہاں مقدار کا کوئی تعین نہیں حصول برکت و تقویٰ کے لئے بس وہ پاک ذات دلوں کے حال بہتر جانتی ہے اور ہماری ہر نقل و حرکت سے صبح و شام واقف ہے۔

AUSTRALIA STUDY VISA
Done Base
https://www.hyderone.com/

مومن کو بدبختی اور تکلیف اس کے گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ (امام محمد باقرؑ)

جفری فالنامہ

مولائے کائنات حضرت علیؑ راسخون فی العلم ہیں (قرآن) انا مدینة العلم و علی بابها ہیں (حدیث) اس لئے تمام علوم کتاب مبین میں ہیں۔ علیؑ امام مبین ہیں۔ ان کا ہر قول تاویل قرآن ہے۔ دنیا تفسیر قرآن کے لئے ان کی محتاج ہے۔ یہ مشیت الٰہی کے مظہر ہیں، اسرار کائنات جاننے والے ہیں، مخزنِ اسرار الٰہیہ ہیں، علم جفر ہو یا علم النجوم، علم فلکیات، علم ارض وسماء قرآن پاک میں ہے۔ اسکا علم امام مبینؑ کے پاس ہے اسی لئے تفصیلات محمدؐ وآل محمدؐ کے پاس ہیں۔ دنیا انہی کی طرف رجوع کرتی ہے۔

فالنامہ بقاعدہ جفر: جس شخص کو اپنے سوال کا جواب لینا ہو وہ باوضو بصدق علیؑ آنکھ بند کر کے انگلی رکھے جس خانہ میں انگلی پڑے اس حرف کو چھوڑ کر اس کا ساتواں حرف اگر دوسری لائن میں ہو تو دوسری لائن کے مقابل میں جو عبارت لکھی ہے اس کو پڑھے اور اگر اسی سطر میں ہو تو اسی لائن کے مقابل جو عبارت لکھی ہے اسے پڑھے مطلب کا جواب ملے گا۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ط	اس خیال میں نہ رہو کامیابی وہ گی
ب	ت	ب	ج	د	ه	و	ز	ی	ک	ل	ح	ذرا مشکل سے کامیاب ہونگے ایک شخص مخل ہے
ج	د	ه	و	ح	ز	ط	ی	س	ز	م	د	ایک ماہ کے بعد مطلب پورا ہوگا
ر	ه	ن	س	ع	غ	د	ف	ل	ل	ن	و	سفر مفید ہے اور اُمید پوری ہوگی
ه	و	ز	ح	ط	ی	ظ	س	و	ه	ش	چ	جس آدمی کیساتھ کام ہے وہ سرا متکبر ہے
و	ل	م	ن	س	ع	ف	س	ص	م	و	ب	روزگار میں فائدہ ہوگا۔ عورت سے خوشی ہوگی
م	ق	ر	ش	ت	ث	ج	د	و	ب	ز	ز	جو کام تم چاہتے ہو وہ ہو جر بگڑ جائیگا
ح	ب	ن	ه	ا	ق	د	ن	م	ح	ذ	ا	اس مقدمہ میں صلح ہوگی بازو پر تل ہے
ط	ی	ک	ب	ب	ح	ا	ط	ن	ج	ف	غ	کوئی شخص تمہارا مخالف ہے اس کو ہموار کرو
ی	ج	و	ذ	ح	ی	ک	م	ع	ث	د	ظ	جس راہ میں ہوا چھا ہے دو ماہ میں کامیاب ہونگے
ک	ک	م	ک	س	ع	س	ن	س	س	ب	ش	تمہاری گردن پر تل ہے اس کام میں کامیاب ہونگے
ل	ل	ث	ج	ن	س	ذ	ز	ع	ق	ن	د	تم ہرگز کامیاب نہ ہوگے اس ارادہ سے باز آؤ
م	ن	م	ع	ف	س	ق	د	ش	ت	ث	ج	تمہاری وجہ سے تم اس میں خراب ہوگے

علم جفر کا بے نظیر فالنامہ: قاعدہ حصول جواب کا یہ ہے کہ سائل اوّل اپنا سوال کاغذ پر تحریر کرے پھر جدول مندرجہ تحت 28 خانوں سے کسی ایک خانہ کے حروف پر انگلی رکھے اور اس حروف کو جس پر انگلی رکھی ہے کاغذ پر تحریر کرے۔ اس کے بعد چھ چھ حروف چھوڑ کر ساتواں حرف لکھتا چلا جاوے اور اسی حرف تک کہ جس پر انگلی رکھی ہے۔ دور شمار ختم کرے۔ اس عمل سے کل 20 حروف حاصل ہونگے جو عبارت ہے۔ عبارت ہی جواب سائل ملے۔ اس میں اتنا لحاظ رکھا جائیگا کہ جب نقشہ ہذا کا آخری دور ہو جائے اُس کے بعد جو حروف حاصل ہوں انہیں اوّل رکھا جاوے مثلاً ایک شخص نے کوئی سوال کیا اور خانہ 9 کے نیچے دوسری لائن میں حرف "و" پر انگلی رکھی تو اوّل حروف وتحریر کیا پھر چھ چھ حروف چھوڑ کر حرفوں کو لکھا تو (وودل ت وح س م ت م ل ی گ ی) آخری دور تک حروف آئے اور اب ساتواں حروف اوّل لائن کا س ہے۔ پس س سے تا حرف وتحریر کیا تو (ص ب رک ر) حاصل ہوئے۔ اب ان کو اوّل رکھ کر مرتب کیا تو مجموعہ 20 حرفوں کا ہے۔ (س ب رک رووودل ت وح ش م ت م ل ی گ ی) اس سے یہ عبارت پیدا ہوئی۔ صبر کرو دولت وحشت ملے گی۔

اسی قاعدہ سے عمل کریں اور جواب نکالیں مگر ایک ہی سوال کو 28 دن کے اندر مکرر دیکھنا ممنوع ہے۔

خانہ	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28
اوّل	ط	س	م	م	ب	ا	م	ر	ب	ط	ر	ف	ر	ش	ل	ر	ل	ا	ض	ا	ک	ع	ک	و	و	ل	و	ل
دوم	ت	ر	ب	ی	ل	ه	ت	و	**و**	ک	و	و	ت	م	گ	و	ا	ل	ا	ر	ه	ی	د	م	ی	د	ک	ا
سوم	د	ل	ل	ب	س	ک	ر	س	ت	ن	ه	م	ر	ی	م	و	ا	ب	ن	و	ج	ر	ح	ت	ج	م	ن	ل
چہارم	ن	س	و	ل	غ	ق	و	ه	م	و	د	ل	ص	ی	ی	ت	ش	ب	د	ا	ل	ص	م	و	ر	ب	ن	ل
پنجم	ب	ل	ا	ا	ه	ه	ه	ر	ی	ر	ی	و	و	و	ک	گ	ه	ک	گ	گ	گ	ر	ی	ی	ی	ا	ا	ی

ہیرے اور شیشے کے علاوہ یاقوت، زمرد، فیروزہ، عقیق وغیرہ قیمتی پتھر وانکی تاثیر معلوم کرنیکا اعجاز نما جعفری طریقہ

دائرہ تحقیق تاثیرات نگینہ

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ لَيْسَ
لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ

عزت نزد سلطان
مناکحت
رفع حاجات
سعادت
عقد اللسان
حفظ برق
حفظ غرق
حصول علم
امن سرقہ
رفع غم
امن سفر
برکت مال

سب سے پہلے باوضو ہو کر دو رکعت نماز نوافل ادا کریں اور اس کا ثواب امام المشارق والمغارب سیدنا ومولانا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی روح پر فتوح کی خدمتِ اقدس میں بطور نذر عقیدت پیش کریں۔ پھر نگینہ (جس کی تاثیر دریافت کرنا مطلوب ہو) کو انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان لے کر سورۃ یٰسین پڑھیں اور نگینے پر دم کریں بعد ازاں قبلہ رُخ ہو کر مصلّے پر دو زانو ہو کر بیٹھیں اور یہ آیت مبارکہ مندرجہ ذیل کو سات بار پڑھ کر نگینہ پر دم کریں۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ پھر نگینے کو دائرے کے خانے اوّل ''استواری ایمان'' رکھ کر انگشت شہادت اس پر رکھ دیں اور پھر یہ آیۃ مبارکہ مندرجہ دائرہ کو بلاتعین اس قدر پڑھیں کہ نگینہ خود بخود حرکت میں آجائے یہاں تک کہ نگینہ کسی ایک خانے میں جا کر خود بخود ٹھہرے جس خانے میں وہ ٹھہرے گا اس خانے میں لکھے ہوئے مطلب کے لئے وہ نگینہ پہننا نہایت موثر اور مفید ہوگا۔ اگر یہ نگینہ ایک سے زیادہ خانوں میں قرار پکڑے تو ان جملہ خانوں سے متعلقہ مطالب کے موافق نگینہ تاثیر کامل و مکمل رکھے گا۔ ایک نگینے کی تاثیر معلوم کرنے کے لئے کل بیس منٹ کا وقفہ درکار ہوگا اگر ان بیس منٹوں میں وہ نگینہ حرکت نہیں کرتا ہے تو سمجھ لیجئے کہ یہ نگینہ آپ کے لئے پہننا بیکار رہے۔ اگر آپ ایک سے زائد نگینوں کی تاثیرات معلوم کرنا چاہیں تو ایک ہی نشست میں معلوم کرسکتے ہیں ہر بار نوافل پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

نوروز عالم افروز سنہ 2023

بادشاہ سال مریخ عالمی لیڈران جنگی جنون میں مبتلا رہیں۔ وزیر اعظم عطارد U.N.O کو حرکت میں لائے۔

26 جدی 15

خانہ	سیارے
10	پلوٹو 29
9 / 8	کیتو 4
12 / 11	قمر 18، زحل 1
1	شمس 0، عطارد 3، مشتری 16، نیپچون 25
7	
4	
6	
2	راہو 4، زہرہ 4، یورانس 16
3	مریخ 27
5	

بتاریخ 21 مارچ 2023ء اسلام آباد بوقت علی الصبح 02 بجکر 26 منٹ

1: بادشاہ سال	مریخ	2: وزیر اعظم سال	عطارد
3: سپہ سالار سال	زحل	4: مشیر سال	زھرہ

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُرنور سیّد النور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 21 مارچ 2023ء بحساب یونانی نجوم بروز منگل 02 بجکر 26 منٹ اسلام آباد قبل طلوع آفتاب پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 21 بجکر 26 منٹ اور نیو یارک واشنگٹن ڈی سی 16 بجکر 26 منٹ نوروز عالم افروز مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق و المغارب ہو گا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظام شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی و روشنی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق و المغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 21 مارچ 2023ء بوقت 02 بجکر 26 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 2023ء 21 بجکر 26 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔ (جبکہ بحساب ویدک نجوم نوروز عالم افروز 14 اپریل 2023ء 14 بجکر 28 منٹ طلوع آفتاب کے بعد ہوگا)

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آرہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ زائچہ سال نوروز

اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**، سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**، چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جاسکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے، اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ **2009** میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ **15** مارچ **2010**ء کو **384** ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم ٥ فقال انی سقیم ٥

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت مجلیین خانیسؒ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ دے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہوگئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ **30** ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حضقیلؑ تھے۔

(5) ۵۱ء حضرت علیؑ نے دوش مبارک رسولِ خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المؤمنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المؤمنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاء اللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

فلکیاتی احکامات نوروز عالم افروز

زائچہ نوروز **2023**ء آسمانی کونسل (**Tropical**) طالع برج جدی کا نقشہ سیارگان غیر معمولی اہمیت کا حامل دکھائی دیتا ہے۔ طالع کا مالک زحل تیسرے ساتویں کے حاکم قمر کے ہمراہ ملک کے نشریات مواصلاتی اطلاعاتی اداروں کی غیر معمولی سرگرمیاں افواہیں پھیلانے کی بنیاد بنیں۔ **2023**ء کا مفرد نمبر **7** جدید نجوم میں ستارہ نیپچون سے منسوب یہ ستارہ ان دنوں اپنے **165** سالہ بروجی سرکل میں آخری برج حوت اپنے ذاتی گھر میں اس کا قیام **04** اپریل **2011**ء تا **26** جنوری **2026**ء تک برج حوت میں رہیگا۔ نیپچون عالمی دھوکہ فریب جھگڑالو ستارہ اسکی برج حوت میں جب سے آمد ہوئی ہے۔ تب سے دُنیا میں عالمی جنگ وجدل کا بازار گرم ہے۔ منجمین کا ماننا ہے کہ جب یہ بارہ بروج حمل تا حوت اپنا سفر مکمل کر کے جنوری **2026**ء میں برج حمل میں آئے گا۔ تب آج کی دُنیا سے **2026**ء مختلف دُنیا ہوگی۔ سپر پاور چین، روس **v/s** امریکہ اور ان کے حواری مما لک کی سرد و گرم جنگ وجدل دُنیا کو بدل کر رکھ دے گی۔

زائچہ نوروز (اسلام آباد) **2023**ء وطن عزیز پاکستان پر نیپچون تیسرے ہمراہ زحل قمر ہونے سے اس کے بد اثرات ملکی سرحدوں خارجہ پالیسی مذہب قانون الیکشن کمیشن جیسے امور نمایاں رہیں گے۔ طالع نوروز برج جدی ایڈمن اور حکمرانوں کی حکمرانی میں آزمائش لائیگا۔ ستارہ پلوٹو اپنے **248** سالہ سرکل میں **20** نومبر **2024**ء تک چھٹے نحس بیٹھے مریخ کی مکمل نظر کی زد میں رہیگا۔ ماضی یا حال کے حکمرانو کو اپنے سیاسی مقاصد کی تکمیل میں سخت مذہمت کا سامنا رہیگا۔ **2023**ء پاکستان میں سیاست دانوں کی تطہیر کا عمل شروع ہو جائیگا۔ آج تک عوام کو بیوقوف بنانے والے سیاست دانوں کی سبکی **20** نومبر **2024**ء کے بعد پاکستانی سیاست کا ایک نیا باب شروع ہوگا مستقبل میں وہی سیاست داں حکومت کر پائیں گے جو عوامی فلاح و بہبود کا جذبہ اور عوام کے مسائل حل کر سکیں گے۔ پڑوسی مما لک سے تجارتی درآمدی برآمدی معاہدے تاہم وتد الارض کا حاکم مریخ چھٹے نحس گھر اور **وتد الارض** **پر آٹھویں بارھویں نحس گھروں کے سیارگان شمس مشتری** کا قابض ہونا ہمراہ چھٹے ملکی سروسز ادارے (بیوروکریٹس، پولیس، اسٹیبلشمنٹ، الیکشن کمشنر) اور نویں عدلیہ قانون مذہب خارجہ پالیسی کا **حاکم ستارہ عطارد دو نحسین کواکب شمس مشتری کے ہمراہ اندرون ملک تخریب کاری دہشت گردی کی ناپسندیدہ سرگرمیوں میں اضافہ حکومت اور حکمران پارٹی کی غیر مقبولیت میں اضافہ متوقع الیکشن کے سال میں الیکشن میں دھاندلیاں بد عنوانیوں کی شکایات عام ہوں** حکومتی منفی اقدامات بے سکونی بے اطمینانی کا باعث بنتے عوام الناس حیران و پریشان زمینی معاملات زراعت کے علاوہ تعمیرات ہاؤسنگ کا شعبہ تعمیرات کی بڑھتی لاگت سے حوصلہ شکنی کا شکار ہو محکمہ اوقاف اور غیر مسلم پراپرٹی میں دھاندلیاں اپوزیشن حکومت کی سیاسی جنگ سے سبھی صوبے وفاق خصوصاً عام عوام کا حوصلہ پست بڑھتی مہنگائی کے خلاف اپوزیشن عوام سراپا احتجاج رہیں۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت و دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر و صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ و سپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم **46** مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنیوالے
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ وَفَوَّضْتُ اِلَيْكَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد رسی کر میری فریاد رسی کر میری فریاد رسی کر بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمْرِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللهُ يَا بَاسِطُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا كَرِيْمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین 2,2 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربۃ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ وَ اَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَ شَرَّفْتَهٗ وَ عَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَ وَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ وَ مَا فَقَدْتُّ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمدؐ مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الیٰ مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوٹ: خصوصی تحفہ نوروز سب کے لیے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ 77-76 سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ 77 پر درج ہے۔

نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم

ا لا // |||9 |||9 // ||| یحطی

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں۔

فضائل روزِ عیدِ غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ کو عیدِ غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز ۱۸ ذوالحجہ عید غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المؤمنینؑ کو اپنا خلیفہ و جانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درجِ ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابو سعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درجِ ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ (مائدہ: ۶۷)

اے رسولؐ جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو سمجھو کہ تم نے اسکا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا (تفسیر در منثور جلال الدین سیوطی)

☆ جب اعلانِ ولایت علیؑ ہو چکا تو جبرائیلؑ یہ درج ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر در منثور جلد ۲ صفحہ ۲۰۹)

اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا (مائدہ: ۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارک باد دی اور آپ کی مداح سرائی کی۔ (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهُ قُمْ يَا عَلِيُّ فَإِنَّنِي ۞ رَضِيتُكَ مِنْ بَعْدِي إِمَامًا وَهَادِيًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی اٹھو بیشک میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

برائے حصول رشتہ

☆ چاند کی گیارہ سے بیس تک کے درمیانی جمعہ کو بعد نماز عصر درج ذیل آیات زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور دھو کر پیئے تو اسکی شادی ہو جائے گی نیز یکم تا دس فراوانی رزق کیلئے مجرب ہے

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

اور جوان میں سے کچھ لوگوں کو دنیا کی اس ذرا سی زندگی کی رونق سے نہال کر دیا ہے تاکہ ہم ان کو اس میں آزمائیں تم اپنی

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿۱۳۱﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ

نظریں ادھر نہ بڑھاؤ اور تمہارے پروردگار کی روزی کہیں بہتر اور زیادہ پائیدار ہے اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود بھی

لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا ۖ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿۱۳۲﴾ (سورہ طٰہٰ: ۱۳۱ ـ ۱۳۲)

اس کے پابند رہو ہم تم سے روزی تو طلب نہیں کرتے ہم تو خود روزی دیتے ہیں اور پرہیز گاری کا تو انجام بخیر ہے

عقد بندی کھولنا: کسی بھی وجہ سے عقد بندی ہو گئی ہو تو لڑکی درج ذیل آیت مع دعا لکھ کر بالوں میں لگائے تو عقد بندی کے اثرات زائل اور عقد کے مواقع پیدا ہوں گے۔

وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿۲۷﴾ (الحج: ۲۷)

اور لوگوں کو حج کی خبر کر دو کہ لوگ تمہارے پاس پیادہ اور ہر طرح کی دبلی سواریوں پر جو راہ دور دراز طے کر کے آئی ہوں گی آ پہنچیں گی

يَا حَيُّ يَا وَدُودُ يَا فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ أَسْأَلُكَ بِالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ وَالنَّبِيِّ الْكَرِيمِ وَبِحَقِّ عِيسَىٰ وَمُوسَىٰ

اے زندہ اے محبت کرنیوالے اے وہ جو ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے میں تجھ سے سوال کرتی ہوں قرآن عظیم کے واسطے سے اور کریم نبی اور عیسیٰ اور موسیٰ

وَإِبْرَاهِيمَ انْحَلَّتْ عُقْدَةُ (اور ابراہیم سے کھل جائے گرہ) (لڑکی کا نام مع والدہ لکھیں)

☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی شادی کیلئے سورۂ قصص کی یہ آیت تلاوت کی تھی کہ ان کی شادی ہو گئی لہٰذا مرد اپنے لئے اور عورت اپنے لئے پڑھ سکتی ہے۔

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿۲۴﴾ پروردگار سب سے اچھی (نعمت) میری طرف نازل فرمائیں ضرور حاجتمند ہوں

☆ سورۂ احزاب (ہاتھ سے لکھی ہوئی) کو ایک ڈبیہ میں بند کر کے اپنے گھر میں بحفاظت رکھ دیں اور اس سورہ کو ہر روز ایک بار پڑھ کر دعا مانگیں تو ان کی بیٹی کے لئے حسب منشا رشتہ دستیاب ہوگا۔

تسبیح: لڑکی، والدین یا لڑکا ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد از نماز عشاء اس اسمِ اعظم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے تو اُس کی شادی ہو جائے گی **يَا مُعْطِي**

فضائل روز مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی و عقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر ڈٹے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ﴿۶۱﴾

(کہو کہ اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو (بلائیں) اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران ۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقث ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اسی میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین، بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

مشترکہ اعمالِ عیدِ غدیر و مباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مؤمنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزے دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنتِ مؤکدہ اور باعثِ فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر و عید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸/ ۲۴ ذوالحجہ کو کسی مؤمن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح سے ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مؤمن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب و فضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریگا پوری ہوں گی۔ (انشاءاللہ)

برائے حفاظت سفر

سواری کی دعا: سواری پر سوار ہوتے وقت درج ذیل آیت پڑھیگا تو حوادثات سے محفوظ رہیگا۔

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿۱۳﴾ (الزخرف۔ ۱۳)

پاک ہے وہ ذات جس نے اسکو ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اس پر قابو پانے والے نہ تھے

☆ امام زین العابدینؑ نے فرمایا کہ گھر سے نکلتے وقت یہ کلمات پڑھے تو اس کا سفر بخیر ہوگا۔

بِسْمِ اللَّهِ آمَنْتُ بِاللَّهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ اللہ کے نام سے ابتداء میں ایمان لایا اللہ پر اور توکل کی اللہ پر

طریقۂ امام ضامن: سفر پر جانے والے کو امام ضامن کے طور پر حسب توفیق کچھ رقم ایک کپڑے میں باندھ کر درج ذیل آیت جو حضرت جبرئیلؑ نے بوقتِ ہجرت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے پڑھی تھی اوّل و آخر صلوات کے ساتھ پڑھ کر مسافر کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ (القصص: ۸۵)

یقیناً وہ جس نے تم پر قرآن نازل کیا ضرور تمہیں ٹھکانے تک پہنچا دے گا

آیات حفاظت: سفر و حضر میں ہر قسم کے حوادثات و خطرات و آفات و حشرات کے علاوہ رہزنوں وغیرہ سے جان و مال کی حفاظت کے لئے درجِ ذیل آیات لکھ کر باندھے اور دورانِ سفر پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ (نقش سلیمانی)

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً (الانعام: ۶۱) وَحِفْظًا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اور وہ تم لوگوں پر نگہبان فرشتے بھیجتا ہے اور (تاروں کو) ہر سرکش شیطان سے

مَارِدٍ ﴿۷﴾ (الصافات: ۷) إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ (الطارق: ۴) فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا ۖ وَهُوَ

حفاظت کے واسطے کوئی شخص ایسا نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں تو اللہ اس کا سب سے بہتر حفاظت

أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿۶۴﴾ (یوسف: ۶۴) إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ ﴿۵۷﴾ (ہود: ۵۷) وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ

کرنے والا ہے اور وہ تمام رحم کرنیوالوں سے بہتر ہے اس میں تو شک نہیں کہ میرا پروردگار ہر چیز پر نگہبان ہے اور ہر راندہ

شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ﴿۱۷﴾ (الحجر: ۱۷) وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ﴿۱۰﴾ (الانفطار: ۱۰)

شیطان سے محفوظ رکھا اور تم پر نگہبان مقرر ہیں

دعائے امام زمانہ علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ بِحَقِّ مَنْ نَّاجَاكَ وَبِحَقِّ مَنْ دَعَاكَ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے میرے معبود اس کا واسطہ جو تجھ سے راز کہتا ہے اور اس کا واسطہ جو تجھے صحرا اور دریا میں پکارتا ہے

تَفَضَّلْ عَلٰى فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنَآءِ وَالثَّرْوَةِ وَعَلٰى مَرْضَى الْمُؤْمِنِيْنَ

کہ مفلس مؤمنین اور مؤمنات کو مال و ثروت عطا کر کے خوشحال و خورسند کر دے اور مؤمن مردوں

وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَآءِ وَالصِّحَّةِ وَعَلٰى اَحْيَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِاللُّطْفِ

اور مؤمن عورتوں میں بیماروں کو صحت و تندرستی عطا فرما اور زندہ مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر اپنا لطف

وَالْكَرَامَةِ وَعَلٰى اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَعَلٰى غُرَبَآءِ

و کرم ارزانی فرما اور مرحوم مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں پر بخشش اور رحمت فرما دے اور مسافر مؤمن

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰى اَوْطَانِهِمْ سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

مردوں اور مؤمن عورتوں کو سلامتی اور مال کے ساتھ اپنے گھروں میں پہنچا دے واسطہ ہے تجھے محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ کا

دعائے سلامتی امام زمانہؑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ

اے معبود محافظ بن جا اپنے ولی حجت ابن الحسن کا تیری رحمت نازل ہو اُن پر اور اُنکے آبائے گرامی پر اس لحہ میں اور ہر آنیوالے

كُلِّ سَاعَةٍ وَّلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِيْلًا وَّعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَهٗ

لحہ میں بن جا اُن کا مددگار اور نگہدار اور پیشوا اور حامی اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے

فِيْهَا طَوِيْلًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُمْ

اور مدتوں اس پر برقرار رکھ اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور اُنکی آل پر اور اُنکے ظہور میں تعجیل فرما اور انکے ظہور میں آسانی فرما

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مؤمنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اے معبود بخش دے مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ان میں سے جو زندہ ہیں اور جو مر گئے ہیں

تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

تو ہمیں اور ان کو نیکیوں میں باہم ملا دے بیشک تو دعائیں قبول کرنے والا ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

نمازِ امام زمانہ علیہ السلام

☆ روایات کے مطابق یہ نماز "استغاثہ حضرت امام زمانہ علیہ السلام" کے مترادف ہے
☆ اللہ تعالیٰ کے حضور بوسیلۂ وارثِ قرآن حضرت امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام نہایت ہی سریع الاثر نماز ہے جو حاجات کی برآوری کے لئے ایک بے مثال تحفہ وحرز ہے۔
☆ یہ نماز دو رکعت ہے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد تلاوت کرتے وقت جب آیت **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** پر پہنچیں تو اسے سو مرتبہ دُہرا کر سورہ کو تمام کرے اس کے بعد سورۂ توحید ایک مرتبہ پڑھے اور رکوع و سجود بجالا کر دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔
☆ دوسری رکعت بھی اسی طریقے سے بجالائے اور نماز ختم کرنے کے بعد کھڑے ہو کر دعائے فرج رجوعِ قلب سے پڑھے تو انشاء اللہ جملہ امورِ عظیمہ میں کامیابی حاصل ہوگی۔
☆ یہ نماز عجیب وغریب اسرار کی حامل ہے شبِ جمعہ آخرِ شب یہ نماز پڑھنی چاہیے۔

استغاثہ بحضور حجتؑ: ہر مشکل گھڑی کے عالم میں باوضو زیرِ آسمان قبلہ رخ ہو کر ستر مرتبہ یہ توسل پڑھے تو حضرت حجتؑ ہر مشکل میں مشکل کشائی اور رہبری فرمائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا فَارِسَ الْحِجَازِ اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا صَالِحِ الْمَهْدِيّ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے حجاز کے شہسوار میری مدد کرو اے ابا صالح المہدی

اَدْرِكْنِيْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَدْرِكْنِيْ وَلَا تَدَعْنِيْ اِنِّيْ عَاجِزٌ ذَلِيْلٌ

میری مدد کرو اے ابو القاسم میری مدد کرو اور مجھے نہ چھوڑنا بیشک میں عاجز ذلیل ہوں

عریضہ بحضور امامؑ: مکارم الاخلاق میں روایت ہے کہ تمام پریشانیوں کے ازالہ کیلئے درج ذیل عریضہ لکھ کر جاری پانی میں ڈال دے تو امام زمانہؑ اس کی فریاد رسی کریں گے (نیچے اپنا نام مع والدہ کے لکھے)

مِنَ الْعَبْدِ الضَّعِيْفِ اِلَى الْمَوْلَى الْجَلِيْلِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

ناتواں غلام کی طرف سے باعظمت مولا کی طرف اے میرے رب یہ مصیبت میرے پیچھے لگ گئی ہے اور تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

فَاكْشِفْ عَنِّيْ ضُرَّ مَا اَنَا فِيْهِ وَاكْشِفْ عَنِّيْ هَمِّيْ وَفَرِّجْ غَمِّيْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تو مجھے اس غم سے نجات فرما جس میں مبتلا ہوں اور میری مصیبت سے مجھے نجات اور غم سے کشائش عطا فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ کے واسطے سے

فضیلت و آیات چہل قاف

☆ قرآن مجید کی مختلف چار سورتوں کی یہ چار آیتیں لطیف ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین آیتیں ہیں ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف (چہل قاف) میں ہیں ☆ اگر کوئی ان آیات کو اپنے پاس رکھے گا تو افسروں اور حاکموں کے سامنے سرخرو ہوگا ☆ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور اسے ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل رہے گی۔

اوّل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے (اے رسولؐ) کیا تم نے موسیٰؑ کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں (کی حالت) پر

مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ

نظر نہیں کی جب انہوں نے اپنے نبی (شموئیل) سے کہا کہ ہمارے واسطے ایک بادشاہ مقرر کیجئے تاکہ ہم اللہ کی

اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا

راہ میں جہاد کریں (پیغمبرؑ نے) فرمایا کہیں ایسا نہ ہو کہ جب تم پر جہاد واجب کیا جائے تو تم نہ لڑو کہنے لگے تو پھر ہمیں کون

لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ۭ فَلَمَّا

سا عذر باقی ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں جب ہم اپنے گھروں اور اپنے بال بچوں سے نکالے جا چکے پھر جب ان

كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢبِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾

پر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے چند آدمیوں کے سوا سب نے لڑنے سے مُنہ پھیرا اور اللہ تو ظالموں کو خوب جانتا ہے (البقرہ: ۲۴۶)

دوئم لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ

جو لوگ (یہودی) یہ کہتے ہیں کہ اللہ تو کنگال ہے اور ہم بڑے مال دار ہیں اللہ نے ان کی بکواس سنی ان لوگوں نے جو کچھ کہا

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

اس کو اور اُن کا پیغمبروں کو ناحق قتل کرنا ہم ابھی اسے لکھے لیتے ہیں اور ہم کہیں گے کہ جلانے والے عذاب کا مزہ چکھو (آل عمران ۱۸۱)

سوئم اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

کیا تم نے ان لوگوں (کے حال) پر نظر نہیں کی ان کو حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رہو اور پابندی سے نماز پڑھو

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ

اور زکوٰۃ دیے جاؤ مگر جب ان پر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے کچھ لوگ (بودے پن میں) لوگوں سے

النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا

اس طرح ڈرنے لگے جیسے کوئی اللہ سے ڈرے بلکہ اس سے کہیں زیادہ اور (گھبرا کر کہنے لگے الٰہی) تو نے ہم پر جہاد کیوں

الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ

واجب کر دیا ہم کو کچھ دنوں کی مہلت کیوں نہ دی ان سے کہہ دو دُنیا کی آسائش بہت کم ہے

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾ (النساء۔۷۷)

اور آخرت پرہیزگار کیلئے بہتر ہے اور ریشہ برابر تم لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا

چہارم وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

(اے رسولؐ) تم ان لوگوں سے آدمؑ کے دو بیٹوں (ہابیل قابیل) کا قصہ صحیح صحیح بیان کر دو کہ جب ان دونوں نے اللہ کی درگاہ میں قربانیاں پیش کیں تو ان میں سے ایک (ہابیل) کی (نذر تو)

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾

قبول ہوئی اور دوسرے (قابیل) کی قربانی نہ قبول ہوئی کہنے لگا میں تو تجھے ضرور مار ڈالوں گا اس نے جواب دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں کی نذر قبول کرتا ہے (المائدہ۔۲۷)

نئے سال 2023ء میں نئے الیکشن

پاکستان ایک جمہوری ملک جہاں ہر پانچ سال بعد عام انتخابات کا انعقاد ہوتے رہنے چاہیے۔ 1954، 1962، 1970، 1977، 1985، 1988، 1990، 1993، 1997، 2002، 2008، 2013 اور 2018ء انتخابات کے بعد آج ہم 2023ء میں عام انتخابات ہونے کا انتظار کر رہے ہیں۔ علم نجوم کی روشنی میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ کیا 2023ء میں انتخابات ہونگے جبکہ ماضی میں جنرل ایوب، یحییٰ خان، ضیاء الحق اور پرویز مشرف کی آمرانہ دور میں یا تو الیکشن نہیں ہوئے یا مرضی کی مجلس شوریٰ اور غیر جماعتی الیکشن کروا کر مرضی کے نتائج اور مرضی کے حکمران بنائے گئے اور کچھ نگران وزیر اعظم بیرون سے بھی لانے پڑے تین مرتبہ کے بننے والے وزیر اعظم نواز شریف کو صحافتی برادری میں ایک مرتبہ مجھے عرض کرنے کا موقعہ ملا کہ زائچہ پاکستان 1947ء اور نئے زائچہ پاکستان 1971ء کی روشنی میں

نیا زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ اسلام آباد

ہمارے ملک کا نظام حکومت جمہوری نہیں بلکہ عسکری ہے۔ پانچ بار مارشل لاء اور وہ بھی منگل ہی کے دن لگنے سے اس بات کی دلیل ہے منگل کا دن ستارہ مریخ اور مریخ آسمانی افواج کا کمانڈر انچیف فوج سے تعلق رکھتا ہے گزشتہ کئی شماروں میں ماہنامہ آئینہ قسمت اور زنجانی جنتری میں جمہوریت کے استحکام اور مارشل لاء نہ لگنے کے لئے آسٹروجیکل اور روحانی تجویز دیں اور آج پھر اسے دُہرا رہا ہوں کہ تین سال آرمی چیف کی ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں تین سال کے لئے صدر مملکت بنا دیا جائے ایوان صدر کی کرسی مضبوط شخصیت کے پاس ہونی چاہئے جیسے وطن کے ساتھ عالمی سیاست کی بھی آگاہی ہو۔ یوں آرمی افسران کی سینارٹی کا تسلسل قائم رہے گا اس طرح سول ملٹری تعلقات بھی خوشگوار رہیں۔ مستقبل کے مارشل لاء کے خدشات کی روک تھام بھی ممکن ہو سکے گی۔ ہم 2023ء متوقع الیکشن کی طرف آتے ہیں پاکستان کے سبھی عام جنرل الیکشن علم الاعداد کی روشنی میں 1,2,4,5,6,8,9 کے سالوں میں انجام پائے پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں 2023ء جسکا مفرد نمبر 7 بنتا ہے یہ واحد الیکشن ہوگا جو 7 نمبر میں متوقع ہوگا۔ قدیم علم نجوم میں کیتو اور جدید نجوم میں نیپچون کا نمبر 7 مانا جاتا ہے۔ کیتو مشکلات آئی ہوئی عزت مال کا نقصان دشمنوں سے

خطرات نئے زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء کے زائچہ میں چلت کا کیتو چھٹے نحس گھر 17 مارچ 2022ء تا 29 نومبر 2023ء جبکہ مقابل راہو رہیگا۔ یوں بھی ہر زائچہ کے 12,8,6 گھر خراب چھٹے بارہویں راہو کیتو کا آنا بندش رکاوٹ نظر بد سحر جادو آسیب زدہ ماحول کا اشارہ راہو سر اور کیتو کو دھڑ مانا جاتا ہے۔ سیاسی نجوم میں چھٹا گھر ملکی صحت عامہ امراض خوراک ملکی بری بحری افواج بیوروکریٹس لیبر ٹریڈ یونین پولیس انٹرپول ملکی تفتیشی ادارے جیسے (M.I) (I.S.I) (C.I.D) مزدور طبقہ اغواء چوریاں ڈکیتیاں تخریب کاری غیر ملکی ایجنٹ سازشوں کے علاوہ سیاست دانوں کے اعلیٰ عدالتوں، نیب، ایف آئی اے کے کیسز سے بھی ہے۔ مقابل راہو زائچہ کے بارہویں نحس گھر ہونے کرپشن زدہ لوگوں کی پکڑ دھکڑ معذور اور بیماروں کے خیراتی ادارے، خانقاہیں، اسرار مذہبی، جرائم کریمنل خفیہ تحریکیں جاسوس ادارے سراغ رسانی کے امور ناگہانی اخراجات خفیہ رکاوٹیں سیاست دانوں کو مائل سیاست میڈیا پر بندش جیسے خطرات منڈلاتے رہیں گے۔ زائچہ میں 25 اکتوبر 2022ء چھٹے سورج گرہن 08 نومبر 2022ء بارہویں چاند گرہن کے بداثرات کے ساتھ ساتھ زائچہ پاکستان طالع برج ثور ایک درجہ زائچہ کے سب سے منحوس بارہویں کا مالک ستارہ مریخ زائچہ پاکستان میں غیر معمولی حرکات کرے گا۔ (شمس کا بارہ بروج میں اپنے مدار میں ایک سرکل 365 دن جبکہ مریخ کا اپنے مدار میں 322 دن یا زیادہ سے زیادہ ایک سال ممکن ہے) یوں غیر معمولی طور سے ستارہ مریخ 17 اکتوبر 2022ء برج جوزا زائچہ کے دوسرے گھر آ کر 31 اکتوبر رجعت یافتہ ہو کر 14 نومبر پھر زائچہ پاکستان کے طالع برج ثور میں آ کر 19 جنوری 2023ء مستقیم ہو کر 13 مارچ 2023ء دوبارہ دوسرے برج جوزا میں آ کر طالع کے حساس درجات کو 24 مارچ 2023ء تک متاثر کرے دوسرے مریخ کی موجودگی ملکی معیشت پر برا اثر ڈالے پانچویں میڈیا پر سنسر شپ سٹاک مارکیٹوں میں زبردست اُتار چڑھاؤ مارکیٹیں کریش بھی کر سکتی ہیں۔ اندرون ملک زلزلے طوفان آندھیاں اہم سماجی سیاسی شخصیات کی موت کے صدمات سے قوم دوچار ہو مریخ کی نویں گھر پر نحس نظر عدلیہ اور الیکشن کمشنر کی فعال کارکردگی متاثر ہو نیز 20 اپریل 2023ء بارہویں سورج گرہن 05 مئی چھٹے چاند گرہن ان جاری ستاروں کی نحوست میں اضافہ جاری رکھیں تحریک انصاف کے عمران خان حکومت کیخلاف لانگ مارچ اور الیکشن جلد کرانے کے خواہاں ہیں۔ 2023ء جسکا مفرد نمبر 7 ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں اس نمبر میں کبھی آج تک الیکشن نہیں ہوئے۔ الیکشن ہوئے تو اس کے نتائج غیر معمولی آئیں گے۔ یوں بھی ملک میں اکتوبر 2022ء تا مئی 2023ء تک الیکشن متوقع کئے جا رہے ہیں۔ ستاروں کے بداثرات مستقبل قریب میں اس دوران عام الیکشن متوقع ہوتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے ہیں۔ قبل ازیں خدشات ہیں کہ سیاست دانوں کی محاذ آرائی جو آجکل عروج پر ایمرجنسی یا مارشل لاء کو دعوت دے سکتے ہیں الیکشن کمشنر اپنے شیڈول 12 اکتوبر 2023ء سے قبل الیکشن کروا دے گا۔ اگر سیاست دانوں نے جاری جمہوری عمل کو سبوتاژ نہ کیا۔

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہوگئیں

نئے سال 2023 کے ماہ بہ ماہ رنگ بدلتے حالات کا فلکیاتی جائزہ

2022 کی سفا کیوں سے ہم آہنگ ایک اور سخت اور مشکل سال

اکتوبر نومبر 2022ء کے سورج اور چاند گہن اس بات کا فیصلہ کردیں گے کہ انتخابات کب ہوں گے۔

انقلابی سال بھی ثابت ہوسکتا ہے عوامی احتجاج ممکن ہے سب کچھ بہا کر لے جائے

سول ملٹری اسٹیبلشمنٹ کا رویہ حکومت کیساتھ مفاہمانہ نہیں ہوگا

موسمی تغیرات کی شدت مہنگائی میں اضافہ جیسے معاملات نمایاں رہیں گے

ہم کئی بار اس حقیقت کی نشان دہی کرتے رہے ہیں کہ پاکستان اپنے زائچے کے مطابق سیارہ مشتری کے دور اکبر سے گزر رہا ہے اور اس کا آغاز ستمبر 2008 سے ہوا تھا جب کہ اختتام دسمبر 2024 میں ہوگا، سیارہ مشتری پاکستان کے زائچے کے مطابق آٹھویں گھر کا حاکم ہونے کی وجہ سے نہایت منحوس اثر رکھنے والا سیارہ بن گیا ہے لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ جب سے مشتری کا دور شروع ہوا ہے پاکستان مستقل مسائل و مشکلات سے دوچار ہے، قرضے بڑھ رہے ہیں، پاکستانی کرنسی کی ویلیو گھٹ رہی ہے، 2010 میں بدترین سیلاب آیا اور اب موجودہ سال 2022 میں تاریخ کا سب سے زیادہ تباہ کن سیلاب بھی اسی دور میں ہم دیکھ رہے ہیں جس کے نقصانات کا ابھی تک کوئی درست اندازہ بھی نہیں ہوسکا ہے۔اس دور کا آغاز پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کے دوران میں ہوا تھا، بعدازاں مسلم لیگ ن کی حکومت کو بھی شدید ترین مشکلات کا سامنا رہا اور پھر تحریک انصاف کی حکومت بھی شدید نوعیت کے مسائل کا شکار رہی، 2020 میں کووڈ-19 کی وبا بھی ملک کے عوام کو برداشت کرنا پڑی اور 2022 میں ایک تحریک عدم اعتماد کی صورت میں حکومت ختم ہوگئی، گزشتہ سال کی جنتری میں ہم نے اس خطرے کی نشان دہی کی تھی مگر اتحادی جماعتوں کی مشترکہ حکومت کا حال بھی اچھا نہیں ہے، ملک میں سیلابی صورت حال کے علاوہ مہنگائی کا طوفان عوام کے لیے عذاب بن گیا ہے، پٹرول، بجلی اور تمام اشیائے ضرورت کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، شاید یہ مشتری کے دور اکبر کے اختتامی جھٹکے ہیں جو نہایت شدید ہوچکے ہیں، صورت حال اس قدر قابو سے باہر ہوچکی ہے کہ خدانخواستہ ملک کے دیوالیہ ہونے کی باتیں کی جارہی ہیں اور کہنے والے کہہ رہے ہیں کہ موجودہ بحران سے نکلنے کے لیے پاکستان کو کافی لمبا عرصہ درکار ہوگا۔اس صورت حال میں اس شدت کا آغاز مشتری کے دور اکبر میں مریخ کے دور اصغر سے ہوا جو اگست 2021 سے شروع ہوا تھا اور

جولائی 2022 تک رہا، اب راہو کا دور اصغر شروع ہو چکا ہے جو مشتری کے دور اکبر کے خاتمے تک جاری رہے گا **اور اس کے بعد سیارہ زحل کا دور اکبر شروع ہوگا، جو یقیناً ایک بھتر دور ہوگا۔**

راہو زائچے کے نویں گھر میں ہے اور یہ ایک مثبت پوزیشن ہے، راہو کے دور میں امید رکھنی چاہیے کہ ملکی سیاست میں نت نئے رنگ دیکھنے کو ملیں گے اور مل رہے ہیں، **راھو** ہماری نظر میں **سیاست کا نمائندہ** ہے لہٰذا **سیاسی داؤ پیچ جاری رھیں** گے جس میں مقتدر حلقے بھی پوری طرح شریک نظر آتے ہیں اور آئندہ بھی شریک رہیں گے، **بدقسمتی سے پاکستان کے سیاست داں گزشتہ 14 سالوں میں آھستہ اپنی ساکھ اور اعتماد کھوچکے ھیں،** چناں چہ عوام غیر سیاسی حلقوں کی طرف دیکھنے پر مجبور ہوتے ہیں، ستمبر میں جب یہ سطور لکھی جارہی ہیں، ملک میں اتحادی جماعتوں کی حکومت ہے اور جناب **شھباز شریف ملک کے وزیراعظم ھیں لیکن یہ حکومت اسلام آباد تک محدود ھے،** دلچسپ صورت حال یہ ہے کہ **وفاقی حکومت کا کسی صوبے پر کوئی اختیار نہیں ھے،** سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، پنجاب، کے پی کے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں تحریک انصاف کی حکومت اور حیرت انگیز طور پر اپوزیشن لیڈر **عمران خان اپنی حکومت ختم ھونے کے باوجود روز بہ روز مقبول ترین ھوتے چلے جارھے ھیں،** اس کی وجہ ان کے زائچہء پیدائش میں ملاویا یوگ اور مہا راج یوگ ہے، ان کا مطالبہ نئے انتخابات کا ہے جو اتحادی حکومت کے لیے قابل قبول نہیں ہے، بہرحال سیاسی جوڑ توڑ اور داؤ پیچ جاری ہیں، امکان ہے کہ **اکتوبر نومبر 2022ء کے سورج اور چاند گھن اس بات کا فیصلہ کردیں گے کہ انتخابات کب ھوں گے** اور موجودہ ن لیگی حکومت کب تک رہے گی۔ نئے سال **2023** کا مفرد عدد **7** ہے جو علم الاعداد میں نہایت سخت اور پراسرار عدد شمار کیا جاتا ہے لہٰذا نئے سال کو ایک مشکل اور نہایت پیچیدہ سال تصور کرنا چاہیے، ایک ایسا سال جس میں ہماری امیدوں اور توقعات کے خلاف کچھ بھی ممکن ہے، اگر حکومت اور مقتدر قوتیں عوامی مشکلات میں کمی کے لیے کوئی مثبت طرز عمل اختیار کرنے میں ناکام رہیں تو یہ ایک **انقلابی سال بھی ثابت ھوسکتا ھے، عوامی احتجاج ممکن ھے سب کچھ بھاکر لے جائے۔**

عزیزان من! مشتری کے دور اکبر اور راہو کے دور اصغر میں سال **2023** ملک میں نئے انتخابات کا سال ہے لیکن یہ انتخابات ملک و قوم کی صورت حال میں **کوئی مثبت تبدیلی لاتے نظر نھیں آتے،** سیارہ مشتری زائچے میں حادثات، اموات اور سانحات کی نشاندہی کرتا ہے جب کہ راہو کا دور اصغر ایک نہایت پرفریب صورت حال سامنے لاتا ہے جو عارضی طور پر خوش کن ہوتی ہے لیکن حقیقت اس کے برعکس ظاہر ہوتی ہے بظاہر سب اچھا لیکن بعد ازاں نتائج اس کے برعکس۔

جنوری 2023

2022 کے اکتوبر سے جاری صورت حال اس سال جنوری میں بھی رنگ دکھائے گی، **کوئی آئینی بحران ، عدلیہ اور الیکشن کمیشن سے متعلق نمایاں رھے گا، میڈیا کا کردار متنازع اور ناپسندیدہ ھوگا، اظھار رائے پر گرفت رھے گی،** بچوں سے متعلق مسائل پریشانی کا باعث ہوں گے، **بیرون ملک سے وابستہ امدادی توقعات میں مایوسی رھے گی، تعلیمی نظام متاثر ھوگا، ٹرانسپورٹ سے متعلق حادثات میں اضافہ ھوسکتا ھے،** عوامی مسائل میں کسی کمی کا امکان نظر نہیں آتا، زائچے کا اہم سیارہ زحل اس ماہ برج دلو میں داخل ہوجائے گا۔

فروری

سیارہ زحل کی زائچے کے دسویں گھر میں آمد اور طویل قیام ایک مثبت بات ہے اور اس بات کی نشان دہی ہے کہ حکومت اور پارلیمنٹ کو استحکام ملے گا، حکومتی اقدام اور فیصلے ملک و قوم کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ہوں گے، خاص طور پر نچلے اور متوسط طبقے کو ریلیف دینے کی کوششوں کا آغاز

ہوسکتا ہے، گزشتہ سال **2022** سے جو غیر متوقع اور اچانک پیش آنے والے حالات و واقعات جاری تھے، ان کا خاتمہ ہوگا لیکن حکومت کے لیے درپیش چیلنجز بدستور رہیں گے، **اعلیٰ عہدوں اور مرتبوں پر فائز افراد کے لیے فروری کا پہلا ہفتہ تنزلی اور مصیبت کا باعث ہوسکتا ہے**، اس مہینے میں ایسے افراد سے متعلق اسکینڈل بھی سامنے آسکتے ہیں، میڈیا اور انٹرٹینمنٹ یا اسپورٹس سے متعلق سرگرمیوں میں زیادہ خوش کن صورت حال نظر نہیں آتی، فروری کا مہینہ عدلیہ کے فیصلوں، سول و ملٹری، اسٹیبلشمنٹ میں تبدیلیوں کی بھی نشان دہی کرتا ہے۔

مارچ

یہ مہینہ لازمی طور پر ملکی وقومی سطح پر نئے امکانات اور نئی سرگرمیوں کی نشان دہی کررہا ہے، اعلیٰ سطح پر اہم فیصلے اور اقدام دیکھنے کو ملیں گے جن کے مستقبل میں اچھے نتائج سامنے آئیں گے لیکن اس ماہ میں بھی اعلیٰ عدلیہ کی فعالیت، الیکشن کمیشن کی فعالیت، سول وملٹری، بیوروکریسی سے متعلق غیر معمولی سرگرمیاں جاری رہیں گی، عوام کو ریلیف دینے کے لیے نئے منصوبوں پر غور ہوگا اور حکومت پر دباؤ میں اضافہ ہوگا، حکومت کے بعض ناپسندیدہ اقدام بھی سامنے آسکتے ہیں جو حکومت کی ساکھ کو متاثر کرسکتے ہیں، سیاسی سطح پر اختلافات بڑھیں گے۔

اپریل

اس سال کا نہایت اہم مہینہ ہے جو **ملک وقوم اور حکومت کے لیے ایک مشکل مہینہ** ثابت ہوسکتا ہے، اس مہینے میں سیارہ مشتری بھی گھر تبدیل کریگا اور زائچے کے بارھویں گھر میں داخل ہوجائے گا، معاشی مشکلات میں اضافہ ہوگا خصوصاً بینکنگ سیکٹر اور مالیاتی امور پر دباؤ آئے گا، حکومت اور اعلیٰ عہدیداروں پر بھی یہ مہینہ نئی مشکلات اور پریشانیوں کی نشان دہی کررہا ہے، خصوصاً اپریل کا آخری ہفتہ عوامی سطح پر بے چینی اور اضطراب لائے گا، اس کی وجہ بعض حکومتی فیصلے ہوسکتے ہیں، اپوزیشن جماعتیں اس موقع سے فائدہ اٹھا کر کسی احتجاج کی کال دے سکتی ہیں، اس مہینے میں مختلف قسم کے حادثات میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے۔

مئی

اپریل سے جاری مسائل و مشکلات مئی میں بھی اپنا رنگ دکھائیں گے، خصوصاً عوامی مسائل میں اضافہ، **موسمی تغیرات کی شدت، مہنگائی میں اضافہ جیسے معاملات نمایاں رہیں گے**، وبائی بیماریاں اور حادثات و سانحات کے امکانات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، اس مہینے کی **20** تاریخ تک ہر قسم کی شدت پسندی اور نقصانات عروج پر نظر آتے ہیں، اہم اور صاحب حیثیت شخصیات پر دباؤ آئے گا، بعض کے انتقال پر ملال کا خدشہ بھی موجود ہے، حکومت کو سخت اور ناپسندیدہ فیصلے اور اقدام کی ضرورت پیش آسکتی ہے، بعض اہم مقدمات عدالتوں میں پیش ہوسکتے ہیں، عدلیہ کے کردار پر بھی سوال اٹھ سکتے ہیں، سول وملٹری بیوروکریسی میں نئی تبدیلیاں اسی ماہ میں متوقع ہوسکتی ہیں، گویا اپریل اور مئی کے مہینے اس سال خصوصی اہمیت کے حامل رہیں گے۔

جون

اس سال بھی **شدید نوعیت کی بارشوں اور سیلاب کے خطرات** اپنی جگہ برقرار رہیں گے اور اس حوالے سے قبل از وقت اقدامات کی نوید بھی سنائی جائے گی جو درحقیقت محض افسانہ ہوگی، سیارہ مشتری اور راہو حالات قران میں ہوں گے، گویا اصطلاحاً ”گروچنڈال یوگ“ زائچے میں سرگرم عمل ہوجائے گا جس کے نتیجے میں ملک میں نفسیاتی مسائل میں اضافہ ہوگا، عجیب وغریب پیچیدہ نوعیت کے نفسیاتی امراض جنم لے سکتے ہیں، مذہبی شدت پسندی اور جنون بڑھ جائے گا، شمال مغربی علاقوں میں خصوصاً کے پی کے وغیرہ کی طرف شدت پسندی کی نئی لہر پیدا ہوسکتی ہے جس پر قابو پانے کے لیے طاقت کا استعمال ناگزیر ہوسکتا ہے، جون کا مہینہ ہر اعتبار سے ایک سخت اور مشکل مہینہ ثابت ہوگا۔

جولائی

اس ماہ میں حکومت کی مشکلات میں اضافہ اور نئے چیلنج سامنے آسکتے ہیں، سیارہ زہرہ و مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں حرکت کریں گے جس کی وجہ سے عوام اور اپوزیشن بھی مشکلات کا شکار ہوں گے، عوام کو موسمی اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی مشکلات کے علاوہ وبائی امراض کا سامنا بھی ہوسکتا ہے، بعض معاشی چیلنج بھی اس ماہ میں نظر آتے ہیں جن کا مقابلہ کرنے کیلئے حکومت نئے فیصلے کرسکتی ہے، **سول وملٹری اسٹیبلشمنٹ کا رویہ حکومت کے ساتھ مفاہمانہ نہیں ہوگا**، بعض امور میں اختلافات پیدا ہوسکتے ہیں جو زیادہ شدید نوعیت کے نہیں ہوں گے، خیال رہے کہ اس مہینے میں موسمی خراب صورتحال کے سبب پیدا ہونے والے حالات

میں حسب معمول فوج کو عوام کی مدد کیلئے میدان میں آنا پڑے گا۔

اگست

آزادی کا مہینہ جون جولائی میں پیدا ہونے والی صورت حال پر قابو پانے میں گزرے گا، معاشی صورت حال روز بہ روز مشکل ہوتی نظر آئے گی اور حکومت کے لیے نت نئے چیلنج پیدا ہوں گے جن کی وجہ سے بہت سے تعمیر وترقی کے منصوبوں میں رکاوٹیں کھڑی ہوں گی گویا جولائی سے جاری مشکلات اس ماہ بھی حکومت کی توجہ کا مرکز رہیں گی بلکہ ان کی شدت میں اضافہ ہی ہوگا، کسی کمی کا امکان نظر نہیں آتا، عوام کے مسائل میں کوئی کمی ہوتی نظر نہیں آتی، خواص کے مفادات اور دلچسپیوں کا حال بدستور حسب سابق ہی رہے گا، بچوں سے متعلق حادثات کے مسائل جنم لیں گے ،میڈیا اور انٹرٹینمنٹ کے شعبے بھی متاثر ہوں گے، **اگست سے ایک ایسے وقت کا آغاز ہورہا ہے جس میں حکومت کی پوزیشن روز بہ روز متنازع ہوگی** اور اس کی ساکھ کو لاحق خطرات میں اضافہ شروع ہوجائے گا۔

ستمبر

ستمبر کی ستمگری مشہور ہے، اس سال بھی ستمبر سے راہو کیتو ایسی پوزیشن میں آجائیں گے جو زائچہ پاکستان کو بری طرح متاثر کرسکتے ہیں، ایک مضبوط حکومت اور سیاسی استحکام ہی ایسی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ضروری ہوتا ہے لہٰذا حکومت کے لیے ایک نئے امتحان کا آغاز ہوگا، معاشی چیلنج، عوامی بے چینی اور اضطراب، سول وملٹری بیوروکریسی کا عدم تعاون، کابینہ سے متعلق عدم اطمینان اور بعض اسکینڈل ستمبر کے مہینے کے اہم موضوعات ہوسکتے ہیں، خیال رہے کہ راہو کا دور اصغر جاری ہے لہٰذا یہ توقع رکھنا تو فضول ہی ہوگا کہ اس ملک میں کرپشن کو روکا جاسکے، البتہ اس میں اضافہ بہر طور جاری رہے گا۔

اکتوبر

اس ماہ سے جاری صورتحال میں نہایت شدت پیدا ہونے کا امکان ہے، خصوصاً ملکی مسلح افواج کو بڑے چیلنج درپیش ہوسکتے ہیں جنکا تعلق سرحدی معاملات سے اور ملک میں جاری دہشت گردی کے واقعات سے ہوسکتا ہے، **شمالی اور مغربی حصوں میں نئے فتنے جنم لے سکتے ہیں جن میں بیرونی مداخلت کے امکانات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا**، یہ مہینہ عدلیہ کی فعالیت بھی ظاہر کرتا ہے، بعض اہم کیسوں کے غیر معمولی فیصلے اس مہینے میں اہمیت اختیار کرسکتے ہیں اور حکومت بھی نئی قانون سازی کے ذریعے صورتحال کو کنٹرول کرنے کی کوشش کرسکتی ہے جسکی سخت مخالفت کی جاسکتی ہے، اچھی بات یہ ہے کہ اس مہینے میں سیارہ زحل کی اچھی پوزیشن حکومت کو سپورٹ کریگی اور صورتحال پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

نومبر

اکتوبر سے جاری مسائل ومشکلات میں کوئی نیا ٹرننگ پوائنٹ نومبر میں سامنے آئے گا جو بہت شدید اور چیلنجنگ ہوگا، خصوصاً نومبر کا پہلا ہفتہ اس حوالے سے اہم ہوگا، کسی اہم مشہور شخصیت کا بڑا اسکینڈل بھی سامنے آئے گا لیکن صورت حال کی یہ شدت نومبر کے آخری ہفتے سے کم ہونا شروع ہو جائے گی، سیاسی صورت حال میں استحکام پیدا ہوگا اور معاشی طور پر بھی بعض نئے راستے پیدا ہونے کا امکان ہے، عوامی مشکلات میں بھی اس مہینے میں کمی نظر آتی ہے، خیال رہے کہ نومبر کے آخر سے راہو کیتو گھر تبدیل کریں گے اور نئی پوزیشن میں ان کی سختی اور سفاکی ایسی نہیں ہوگی جیسی گزشتہ سال اور اس سال رہی ہے، گویا زائچہ پاکستان کا یہ مہینہ ایک اہم ٹرننگ پوائنٹ ہوگا جس کے مثبت ثمرات ہمیں آنے والے سال میں نظر آئیں گے۔

دسمبر

دسمبر کا مہینہ خصوصاً ابتدائی **15** دن خاصے اطمینان اور سکون کے نظر آتے ہیں لیکن اس کے بعد صورت حال میں تبدیلی کا امکان موجود ہے، خاص طور پر کرائم میں اضافہ اور دہشت گردی جیسے واقعات کی نشان دہی ہوتی ہے، گویا **15** دسمبر کے بعد سے ایسے حالات و واقعات پیدا ہوسکتے ہیں جو ملکی سلامتی اور قومی مفادات کے خلاف ہوں، بعض اہم اور صاحب حیثیت شخصیات کی اموات بھی اس مہینے میں ممکن ہوسکتی ہیں، بچوں سے متعلق مسائل میں اضافہ ہوگا اور میڈیا پر بھی نامناسب دباؤ بڑھے گا، انٹرٹینمنٹ کا شعبہ متاثر ہوگا، ہماری مسلح افواج کے لیے بھی اس مہینے میں بعض نئے چیلنج درپیش ہوں گے، امکان یہ ہے کہ یہ صورت حال آنے والے سال **2024** کے جنوری تک جاری رہے گی۔

NASA کی ریسرچ کیمطابق ہماری زمین نارتھ پول سے 2023ء تک 360 ڈگری مکمل گولائی سے تقریباً 24 درجہ سرک چکی ہے۔ اس کی درست سرکنے کے درجات آج

یکم جنوری 2023ء Obiliquity 23° 26,18 — 31 دسمبر 2023ء Obiliquity 23° 26,18

2022ء کے بعد 2023ء کیلئے عالمی موسمیاتی الرٹ

محکمہ موسمیات کی قبل پیشگی اطلاع

از تحریر: وسعت اللہ خان

کم از کم تین عشرے قبل ماحولیاتی ماہرین نے چیخ چیخ کر گلا بٹھانا شروع کیا کہ ہم موسم کے رتھ پر سوار تیزی سے میدانِ حشر کی جانب رواں ہیں تو ہم نے کہا یہ سائنسداں تو ہوتے ہی پاگل ہیں۔ انھیں دھمکانے کے سوا کوئی کام نہیں آتا۔ جب پانچ برس پہلے پہلی خبر آئی کہ انٹارکٹیکا میں درجہ حرارت بیس درجہ سنٹی گریڈ کی سطح پر آنے کے سبب لاکھوں برس پرانی برف سے ڈھکی چٹانیں ننگی ہو رہی ہیں تو ہم نے کہا ہنوز انٹارکٹیکا دور است۔ جب گزشتہ برس کینیڈا اور امریکا کے مغربی ساحل پر وینکوور اور سیاٹل کے اضلاع میں درجہ حرارت نے پہلی بار پینتالیس ڈگری سنٹی گریڈ کا ریکارڈ قائم کیا تو ہم نے فرض کر لیا کہ یہ تو محض حسنِ اتفاق ہے۔ جب پچھلے سال برمنگھم میں عالمی ماحولیاتی سربراہ کانفرنس کے موقع پر اقوامِ متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا کہ شاید ہمارے ہاتھ سے وقت نکل چکا ہے، درجہ حرارت میں تیز رفتار تبدیلی بتا رہی ہے کہ اب سے آٹھ برس بعد دنیا کے کئی خطوں میں زندگی ناقابلِ برداشت ہو جائے گی۔ ہم نے کہا بڑھا سٹھیا گیا ہے۔ ایسے تھوڑی ہوتا ہے۔ مگر آج کا موسم بتا رہا ہے کہ کوئی سائنسداں یا خطرے کا بگل بجانے والا مدبر نہیں بلکہ ہم سٹھیائے ہوئے ہیں۔ مجھے وہ خدائی فرمان بے طرح یاد آ رہا ہے کہ ”ہم کسی قوم پر عذاب اتارنے سے پہلے اس کے حواس (عقل) چھین لیتے ہیں“۔ ویسے بھی مصیبت کو تنہا آتے ہمیشہ ڈر لگتا ہے لہٰذا جوڑی یا جھنڈ میں آتی ہے۔ پہلے کووِڈ نے دنیا الٹ کے رکھ دی۔ پھر روس نے یوکرین پر چڑھائی کر دی۔ یوں عالمی منڈی میں ایندھن اور غذائی اجناس مہنگی ہونے کے سبب ترقی پذیر دنیا کی کمر تہری ہونے لگی۔ اب ہم جیسے پسماندگان کو مون سون کا روپ دھار کر آنے والی آسمانی بلا بہائے لیے جا رہی ہے اور ہرے ہرے کے عادی یورپ و امریکا میں خشک سالی نے پنجے گاڑ دیے ہیں۔ آخری دمادم مست قلندر شروع ہو چکا ہے۔ مئی اور جون میں پرتگال سے اٹلی تک جنگلات میں آتشزدگی کی خبریں آتی رہیں۔ ہلاکتیں کم ہوئی مگر ہزاروں لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچانا پڑا۔ جو بوڑھے کووِڈ سے بچ نکلے تھے وہ غیر معمولی درجہ حرارت کی تاب نہ لا سکے۔ گرمی اتنی بڑھی کہ جولائی میں پرتگال سینتالیس سینٹی گریڈ، لندن اکتالیس اور نیدر لینڈز چالیس سینٹی گریڈ پر دہک رہا تھا۔

جب سے درجہ حرارت ریکارڈ ہونا شروع ہوا تب سے اب تک مذکورہ مقامات پر معلوم تاریخ میں کبھی اتنی گرمی نہیں پڑی۔ یورپ کے بیشتر ممالک میں انیس سو تیس کے عشرے کے بعد پہلی بار موسمیاتی ایمرجنسی نافذ کرنا پڑ گئی۔ درجہ حرارت اوپر نیچے ہونے کے نتیجے میں پہاڑوں پر بھی برف کم پڑی۔ چنانچہ دریاؤں اور جھیلوں میں بھی پانی کم ہونے لگا اور اتنا کم ہو گیا کہ تہوں میں صدیوں سے چھپے آثار نمودار ہونے لگے۔ مثلاً یہ تو آپ نے خبروں میں سن ہی لیا ہوگا کہ وولگا کے بعد دوسرا بڑا یورپی دریا ڈینیوب جو جرمنی کے بلیک فاریسٹ سے براستہ آسٹریا، سلوواکیہ، ہنگری، سربیا، بلغاریہ سے ہوتا

ہوا تا رومانیہ پہنچ کر بحیرہ اسود میں جا گرتا ہے۔

اس میں پانی کی سطح بعض مقامات پر پندرہ فٹ تک گر گئی۔ چنانچہ دو درجن سے زائد ان جرمن جنگی جہازوں کے ڈھانچے بھی فاش ہو گئے جو دوسری عالمی جنگ کے اواخر میں سوویت یونین کے ہاتھ لگنے کے خوف سے بحیرہ اسود کی جانب فرار ہوتے ہوئے ڈینیوب میں جگہ جگہ پھنستے چلے گئے۔ گزشتہ ماہ کی ریکارڈ گرمی میں ڈینیوب کے پانی کا درجہ حرارت جرمنی کے بویریا صوبے میں پچیس ڈگری سنٹی گریڈ تک تپ گیا۔ چنانچہ آبی آکسیجن کی قلت کے سبب ڈینیوب کی ٹراؤٹ اور دیگر مخلوق بقائی خطرے سے دوچار ہو گئی۔ جرمنی کی پہچان دریا رائن سوئٹزرلینڈ میں کوہ آلپس سے شروع ہو کر لیختنسٹائین کو چھوتا آسٹریا سے جرمنی میں داخل ہو کر براستہ فرانس نیدرلینڈز پہنچ کر بارہ سو تیس کلومیٹر کے سفر میں ڈھویا آبی بوجھ بحیرہ شمالی میں جا پھینکتا ہے۔ چند ہفتے پہلے یہی رائن اتنا گہرا اور رواں تھا کہ تیل، گیس اور کوئلہ بردار بڑے بحری جہاز بھی آسانی سے گذر جاتے تھے۔ پچھلے ایک ماہ سے دریاِ رائن میں قلتِ آب کے سبب چھوٹے بحری جہازوں کی آمدورفت بھی محال ہو گئی۔ جب کہ رائن کا وہ حصہ جو نیدرلینڈز میں داخل ہوتا ہے اس میں پانی بطور تلچھٹ ہی باقی ہے اور ہلکی پھلکی ہاؤس بوٹس بھی کیچڑ میں پھنسی معذور کھڑی ہیں۔ جرمنی اور سلوواکیہ میں بہنے والے دریاِ ایلب کے ڈوبے کنارے ابھر آنے سے سیکڑوں برس پرانے وہ پتھر بھی سامنے آ گئے جو پرکھوں نے قحط سالی سے خبردار کرنے کیلئے لگائے تھے۔

ان میں سے ایک پتھر پر سولہ سو سولہ میں کندہ کی گئی یہ تحریر صاف صاف پڑھی جا سکتی ہے کہ "جب تم مجھے دیکھو تو اپنے نصیب پے ضرور رونا"۔ شمالی اٹلی میں پچھلے ستر سال کی بدترین خشک سالی کے سبب شمالاً جنوباً بہنے والا سب سے بڑا دریاِ پو معاون ندی نالے خشک ہونے کی وجہ سے جانکنی کے عالم میں ہے۔ سطحِ آب بالایں جا رسید کہ دوسری عالمی جنگ میں نہ پھٹنے والا ہزار پونڈ کا ایک سالم بم بھی اب دریا کی تہہ سے نکال لیا گیا ہے۔ فرانس کی ستر فیصد بجلی جوہری ری ایکٹرز سے پیدا ہوتی ہے۔ اکثر ری ایکٹرز آبی کناروں پر ہیں تاکہ ری ایکٹر کے مرکزی حصے کو مسلسل ٹھنڈا رکھا جا سکے۔ لیکن دریائے غون اور گرونے کے پانی کا درجہ حرارت پچیس ڈگری سینٹی گریڈ سے تجاوز کرنے کے سبب ایک ایٹمی ری ایکٹر کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے بھی یہ دریائی پانی استعمال نہ ہو سکا۔ جب کہ دریا لوغو میں پانی اتنا گھٹ گیا کہ لوگ باگ پل استعمال کرنے کے بجائے پیدل ہی دریا عبور کر رہے ہیں۔ فرانس کے ہمسائے اسپین کا حال اور برا ہے۔ دریائی پانی کی مقدار چالیس فیصد رہ گئی ہے اور شمالی صوبوں میں اتنی خشک سالی ہے کہ بہت سے دیہاتوں کے لیے پینے کے پانی کی راشننگ کرنا پڑ گئی۔

ہمارے سابق آقا برطانیہ کا حال بھی اچھا نہیں۔ گلوسٹر شائر کاؤنٹی سے شروع ہو کر لندن سے گذرتا رود بارِ انگلستان میں گرنے والا ٹیمز پچھلے ڈیڑھ ماہ سے اپنی ہی پیاس نہیں بجھا پا رہا۔ جب کہ سمندر کے دوسری جانب امریکا میں بھی حال بے حال ہے۔ وسطی اور جنوبی ریاستوں پر خشک سالی کا آسیب چھایا ہوا ہے۔ سب سے بڑی قومی مصنوعی جھیل میڈ کی رگِ حیات دریا کولوریڈو ہے۔ یہ جھیل ریاست نیوادا، کیلی فورنیا، ایریزونا اور نیو میکسیکو کے دو کروڑ شہریوں کو میٹھا پانی فراہم کرتی ہے۔ اب یہ جھیل میڈ سکڑ رہی ہے۔ آبی گنجائش کا صرف ستائیس فیصد پانی جھیل میں باقی ہے۔ چنانچہ اس کی تہہ سے شراب کے بیرلز میں بند وہ لاشیں بھی نکل رہی ہیں جنھیں پچاس کلومیٹر پرے عظیم ترین عالمی جوا خانے لاس ویگاس کی چکا چوند کے پیچھے متحرک مافیاؤں نے مخبری یا بے ایمانی کے جرم میں ہلاک کر کے تیس چالیس برس پہلے اس جھیل میں پھینک دیا۔ ایک لاش کی کنپٹی میں تو گولی کا سوراخ بھی واضح ہے۔ حجم کے اعتبار سے سب سے بڑی امریکی ریاست ٹیکساس کا ستاسی فیصد رقبہ معتدل یا انتہائی خشک سالی کی زد میں ہے۔ ریاست کے وسط میں بہنے والے ایک دریا کے سوکھنے کے بعد اس کی تہہ پر ایک سو تیرہ ملین برس پرانے ڈائنوسار کے قدموں کے نشانات دوبارہ دکھائی دینے لگے ہیں۔ پہلے ہم نے کرہ ارض کے ساتھ جی بھر کے بدمعاشی کی۔ اب کرہِ ارض ہمیں ڈبو کر یا پیاسا مار کے انتقام لے رہا ہے۔ یہ محض گزشتہ یا موجودہ برس کی کوئی اتفاقیہ حقیقت نہیں ہے۔ مگر اب بھی ہم ماننے کو تیار نہیں کہ حیاتیاتی بقا کا جہاز اب آخر تک ہچکولے دینے والے طوفانِ مسلسل میں گھر چکا ہے۔

یہی مستقبل کا نیا معمول ہے، بھلے اچھا لگے یا برا، فطرت کے ٹھینگے سے۔

کیوں ڈھونڈھ رہے ہو کسی دیوار کا سایہ
دھوپ تو ہر رخ سے پریشان کرے

از تحریر: میجر (ر) وسیم انور چوہدری

مسلمانوں کی اسلام سے دوری کی اصل وجہ؟

عراق پر امریکی حملے کے دوران بغداد کی ایک قدیم عمارت بمباری سے ملبے کا ڈھیر بن گئی۔ عراق پر امریکی قبضے کے بعد شہر کی صفائی شروع ہوئی تو اس عمارت کا ملبہ ہٹاتے ہوئے گہرائی سے ایک قدیم عمارت کے آثار دریافت ہوئے۔ یہ کسی درس گاہ کے آثار تھے۔ وہاں سے ایک قدیم قلمی نسخہ مکمل حالت میں دستیاب ہوا جس کا نام "تحف آالاغانی" تھا۔ منصنف کا نام عبداللہ بن طاہر البغد ادی رضوی تھا۔ کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف عالم دین اور صوفی تھے۔ یہ کتاب ان کے کشف پر مبنی پیشینگوئیوں پر مبنی ہے اس میں ایک بات خاص طور پر ہند یعنی ہندوستان کے بارے میں ہے۔ اس میں حضرت لکھتے ہیں کہ ہند کے کچھ علاقوں پر مسلمانوں کی حکومت قائم ہوگی لیکن ایک طویل عرصہ تک یہ ملک افراتفری اور بے چینی کا شکار رہے گا۔ اس کی جو وجہ اس کتاب میں بیان کی گئی وہ بہت ہولناک ہے۔ حضرت لکھتے ہیں کہ اس علاقے کے مسلمان خنزیر نماز خوراک کھانے کے عادی ہوں گے اور یہی سبب ہوگا کہ وہ بتدریج دین سے دُور ہوتے جائیں گے۔ یہ بہت عجیب بات تھی کیونکہ پاکستان میں لوگ بظاہر ایسی کوئی چیز نہیں کھاتے۔

2011ء میں یونیورسٹی آف مشیگن کے پروفیسر سٹورٹ جونز جوڈپارٹمنٹ آف بائیوٹکنولوجی کے سربراہ ہیں، انہوں نے اپنی ریسرچ میں ثابت کیا کہ برائلر چکن اور خنزیر کے گوشت میں بنیادی طور پر کوئی فرق نہیں۔ برائلر جس ٹیکنالوجی سے پیدا کیا گیا اس میں خنزیر کے ماڈل کو ہی فالو کیا گیا تھا۔ اس تحقیق کے سامنے آتے ہی اس پر پابندی لگادی گئی اور ڈاکٹر جونز کو نفسیاتی مریض قرار دے کر ذہنی امراض کے ہسپتال میں ڈال دیا گیا۔ نومبر 2015ء میں ڈاکٹر سٹورٹ جونز کا اسی ہسپتال میں پراسرار حالات میں انتقال ہوگیا۔ اگر یہ تحقیق منظر عام پر آجاتی تو مغرب کی ملٹی بلین ڈالر برائلر چکن انڈسٹری تباہ ہوجاتی۔ اس انڈسٹری کے بل پر انہوں نے مسلم ممالک میں اپنے ایجنٹس کو جیسے ارب پتی کیا، وہ سلسلہ بھی ختم ہو جاتا اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ مسلمان حرام گوشت کھا کے جن روحانی امراض کا شکار ہورہے ہیں اس سے نجات مل جاتی۔ انہی دنوں تل ابیب یونیورسٹی میں کدو کے خواص پر ایک ریسرچ پیش کی گئی۔

ڈاکٹر موشے ڈیوڈ جو پولینڈ سے ہجرت کر کے اسرائیل میں آئے تھے، وہ

پچھلے بائیس برس سے کدو کے خواص پر تحقیق کر رہے تھے۔ 2014ء کے موسم گرما میں یہ تحقیق مکمل کر کے یونیورسٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ میں پیش کی گئی۔ اس ریسرچ پیپر میں یہ انکشاف کیا گیا کہ کدو ایک ایسی مکمل غذا ہے جس کی مثال کسی اور غذا میں نہیں ملتی۔ اگر ایک انسان روزانہ دو وقت کدو کھائے تو اس کی غذائی ضروریات بالکل پوری ہوجاتی ہیں۔ کدو میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو انسان کو ہر قسم کی بیماری سے بچا لیتے ہیں۔ کینسر اور ایڈز کے مریضوں کو تجرباتی طور پر ایک مہینہ کدو کھلائے گئے تو وہ بالکل بھلے چنگے ہوگئے۔ کدو کے جوہر سے ہر قسم کی بیماری کے علاج کی ویکسین تیار کرنے کا تجربہ بھی کیا گیا اور نتائج حیران کن تھے۔ کسی بھی بیماری کے آخری سٹیج کے مریض کو بھی کدو ویکسین لگائی گئی تو وہ ایک دن کے اندر پوری طرح صحتمند ہوگیا۔ حیران کن بات یہ ہے کہ ڈاکٹر موشے ڈیوڈ کو بھی اس کے بعد منظر عام سے غائب کردیا گیا۔ تل ابیب ٹائمز میں ڈاکٹر ڈیوڈ کی بیوی مارشا ڈیوڈ کا انٹرویو بھی چھپا جس میں انہوں نے اپنے خاوند کی پراسرار گمشدگی پر سوالات اُٹھائے اور اس کا تعلق ان کی ریسرچ سے جوڑتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اصل حقائق کو سامنے لایا جائے۔ یہ معاملہ بھی بعد میں وقت کی گرد میں گم ہوگیا۔ اس ریسرچ کو اگر آفیشلی طور پر سامنے لایا جاتا تو اسلام کی حقانیت کھل کر پوری دُنیا کے سامنے واضح ہوجاتی اور یہود و ہنود کا کفر روز روشن کی طرح واضح ہوجاتا۔ درج بالا دو واقعات سے ہر مسلمان مرد وزن پر لازم ہے کہ وہ اس تحریر کو شیئر کرے اور اپنے مسلمان بھائی بہنوں کو حرام کھانے سے بچائے اور کدو کے فوائد سے روشناس کرائے۔ جزاکم اللہ

اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا گناہ ہے (القرآن)

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی سلسلہ روحانیات سیّد میراں حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی سچی پیش گوئیوں پر ہر سال کی طرح تبصرہ کے لئے حاضر ہوں۔ عالمی سیاسی حالات اور وطن عزیز پاکستان پر صحیح اُترنے والی پیش گوئیاں لئے حاضر ہوں۔ بالآخر 24 واں سابق وزیراعظم عمران خان کے دورہ ماسکو کے دن روسی صدر پیوٹن نے یوکرائن پر حملہ کر دیا جو تا حال جاری ستمبر 2019ء میں آئینہ قسمت دونوں شخصیات کی مماثلت کے زائچے شائع کر چکے ہیں۔ دُنیا تیزی سے W.W.W.3 کی طرف بڑھ رہی ہے۔ ان خدشات کا اظہار آئینہ قسمت، زنجانی جنتری میں چند سال سے مسلسل کرتے چلے آ رہے تھے۔ 11 فروری 2021ء اور

2021ء تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات قبلہ اوّل خطرات میں، عرب و عجم کیلئے لمحہ فکریہ پاکستان میں تبدیلی نظام سیاسی بساط اُلٹنے ایمرجنسی مارشل لاء کے خطرات

2021ء عالمی جنگوں کا خانہ بدوش مستحکم امریکہ پر زوال یورپی یونین کا جھکاؤ امریکہ کی بجائے چین روس

گریٹر اسرائیل کی تکمیل بین الاقوامی سلسلہ محاذوں پر جنگ و جدل ارضی سماوی وبائی آفات کورونا کا دوبارہ عالمی پھیلاؤ

امریکہ چین میں جنگ و جدل اتحادی ممالک روس، بھارت، پاکستان، افغانستان، ایران، ترکی متاثر کوریا جاپان کا منفرد عسکری انداز

کشمیر، خالصتان کی تحریک آزادی کا زور بھارت کا اتحاد پارہ پارہ آسام ناگالینڈ کی علیحدگی بھارت کی پاکستان چین سے فیصلہ کن جنگ سرحدوں پر مسلسل عسکری نقل و حرکت

دونوں شماروں کی PDF دستیاب ہے۔ 0300-4375837

28 فروری 2022ء ستاروں کا عظیم اجتماع کال سروپ یوگ کی نحوست آخر کھل کر فروری 2022ء سے جاری ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان کے لئے اپنی سابقہ متعدد اشاعت میں اور ہمارے سوشل میڈیا چینل AQ tv پر 20 اگست 2018ء کو ہی عمران کے زائچہ حلف وزیراعظم کی روشنی میں انکی سیاسی مشکلات عدم اعتماد کی تحریک اور انکے ساڑھے تین سالہ حکومت کے بعد خاتمہ کی پیش گوئی کر دی گئی تھی جو الحمدللہ درست ثابت ہوئی اس اشاعت کے بعد پڑھا جانے والا سب سے اہم سال کہ آئندہ وزیراعظم کون ہوگا۔ جون 2021ء/ دسمبر 2021ء آئینہ قسمت کے سرورق پر میاں شہباز شریف کے وزیراعظم بننے کی تاریخ کے ساتھ درست پیش گوئی بھی شامل ہے اور یہ عین تاریخ کے ساتھ درست ثابت ہوئی سالگرہ پاکستان اگست 2022ء میں انگارہ یوگ 25 جولائی تا 05 اگست کی نحوست کا زبردست اشارہ جانی مالی نقصان نظام مواصلات ریلوے اور پلوں کا متاثر ہونے جیسے خدشات اگست سے شروع ہونے والی بارشوں کی تباہ کاروائیاں ستمبر کی ستمگری کے ساتھ جاری رہیں۔ پاکستان کا 60 فیصد رقبہ پانی طوفانی بارشوں میں ڈوب گیا 2005ء زلزلہ کے بعد 2022ء سیلاب سے پاکستانی قوم صدمہ میں ڈوب گئی انگارہ یوگ آسمانی کونسل پر برج حمل میں یورانس مریخ اور راہو کا منحوس قران جسکا پاکستان کے خلاف خفیہ سازشوں سے ہے۔ اندیشے ظاہر کئے جا رہے ہیں کہ یہ دجالی فتنہ HARP ٹیکنالوجی سے مصنوعی بارشیں پاکستان پر برسائی گئیں۔ وقت اس بات کو ثابت کرے گا۔ پاکستان کے زائچے اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ یہ دجالی فتنہ (امریکہ) کا پاکستان پر حملہ تھا، دُعا ہے کہ وقت کے امام کا جلد ظہور ہو جائے پوری دُنیا جو تیسری عالمی جنگ ہونے سے قبل ہی خطرات سے متاثر ہو چکی ہے۔ اور پاکستان ان دنوں سیلاب کی تباہ کاریوں معاشی و سیاسی عدم استحکام کو دُنیا سے ہٹ کر زیادہ ہی متاثر ہے۔ امامؑ اب آپ آ جائیں، مظلوموں کی آواز سُن لیں۔

چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) جنڈیالہ کلساں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ، ضلع شیخوپورہ) Mob# 0300-4259249

اللہ کی نعمتوں کو اللہ کی نافرمانی پر خرچ نہ کرو تمہاری جنت کا میں ذمہ دار ہوں (حضرت علیؑ)

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی ماہر علم النجوم فلکیات

عالمی و سیاسی حالات 2023

WORLD 2023

تقسیم در تقسیم W.W.3 کا آغاز U.N.O کہاں؟

2023ء سرزمین پاکستان جنوری 2023/2024 مارچ 2025ء معدنیاتی نعمتوں میں اضافہ وطن کی خوشحالی کے نئے دور کی ابتداء نظام حکومت کی تبدیلی

20/23ء امریکی عالمی اجارہ داری کا خاتمہ جنوری 2023/2024 مارچ 2025ء ڈالر امریکن یورپی سٹاک مارکیٹس کریش

NASA زمین کا نارتھ پول سے سرکنا | ثانیہ 18 دقیقہ 26 درجہ 23 — پوزیشن یکم جنوری تا 31 دسمبر 2023ء | عالمی موسمیاتی تبدیلیاں قطب شمالی گلیشیر کا پگھلنا

2023ء اسلامی اتحاد پارہ پارہ اسرائیلی بھارتی گھناؤنی سازشیں مودی کی جنونی پالیسیاں اسلاموفوبیا توسیع پسندانہ عزائم عالمی امن پاکستان کیلئے خطرہ

2023ء پاک چین سرمایہ کاری راہداری (سی پیک) خارجہ تعلقات شکوک و شبہات کے دور 2023ء انقلاب الیکٹرانک مکینیکل گاڑیاں عام ہو جائیں گیں

حضرت عزرائیل علیہ السلام اور اسرائیل

روحانی والہامی انکشاف کے مطابق جس طرح روزانہ ہزاروں لوگ دنیا سے اپنے آخری سفر کی طرف روانہ ہوتے ہیں تعزیت کرنے والوں کو مریض کی بیماری ہارٹ اٹیک گردے فیل ہوجانا کوڈیا ٹریفک حادثات وغیرہ بتایا جاتا ہے کوئی شخص یہ نہیں کہتا کہ فرشتہ اجل آیا اور روح پرواز کرگئی۔ اسی طرح پوری دُنیا کو سودی نظام میں جکڑنا IMF یہود و ہنود سازش اسلامی ممالک کی آپس میں جنگ وجدل، بے موسمی بارشوں، سیلاب کی تباہ کاریاں اور عالمی جنگ وجدل W.W.3 کے آغاز کے پس پردہ آخر کون ہے؟ جواب انجام کار آپ کو اسرائیل ہی ملے گا۔ اسرائیل کا طفیلی امریکہ ابتک 39 ممالک میں رجیم چینج حکومتیں تبدیل کروا چکا ہے۔ اس کی حالیہ کاوش یوکرائن کے صدر Volodymyr Zelenskyy کی ہے۔ یہاں کی آبادی ایک فیصد بھی یہودی نہیں ہے اور وہ یوکرائن کا صدر یہودی ہے۔ عمران خان کا دعویٰ بھی یہی ہے۔ روس کا یوکرائن پر حملہ امریکہ کی شہ ملکوں خصوصاً اسلامی ممالک کی تباہی بربادی کے پس پردہ چھوٹا سا ملک اسرائیل پوشیدہ ہے یوکرائن تنازعہ کے بعد دنیا کی آنکھیں کھل جانی چاہیں۔ دنیا تیزی سے تیسری عالمگیر جنگ کی طرف بڑھ رہی ہے۔ U.N.O نے اسرائیل کو 2010ء میں جوہری اثاثوں سے دستبرداری کی تنبیہ دی تھی جس پر تا حال عملدرآمد نہیں ہوا۔ اسرائیل تمام اسلامی ممالک (اندیشہ پاکستان) میں گھس کر انہیں تباہ و برباد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن کا حالیہ بیان پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کو بھی اس تناظر میں دیکھنا چاہئے اسرائیل ہمیشہ سے ہی امریکہ کا کندھا استعمال کر رہا ہے۔ دُنیا کو تباہ کرنے والے اسرائیل کی خاموشی خطرناک پالیسی کا کہیں نام نہیں اور نہ ہی کوئی اس کا نام لیتا ہے۔ ہم سب کیلئے لمحہ فکریہ !!!

پاکستان 2023ء۔ زائچہ پاکستان آسمانی کونسل پر سالانہ (ورش پھل) میں طالع برج جوزا 2 درجہ 55 دقیقہ طلوع ہوگا۔ بارہ منقطعۃ البروج میں یہ واحد برج ہے جو 12,8,6 فعلی منحوس بروج نہیں رکھتا۔ یوں ملکی تعمیر وترقی خوشحالی معیشت کی بحالی جیسے کارہائے

نیا زائچہ پاکستان 20 دسمبر 1971ء بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ اسلام آباد ۔ بتاریخ 20 دسمبر 2022ء اسلام آباد بوقت 16 بجکر 52 منٹ

قدرتی طور سے انجام پاتے رہیں گے۔ حکومت کوئی بھی ہو قدرت کی مہربانی زائچہ ورش پھل میں دکھائی دیتی ہے۔ تکمیل کائنات کا مظہر برج حوت وتد السماء دسویں بیت العزت کی جگہ طلوع ہو رہا ہے سیاسی نجوم میں یہ گھر حکمران طبقہ ملک قوم کی عزت وقار اعزازات شجاعت آئین انتخابات جمہوریت/ڈکٹیٹر شپ (پاکستانی تاریخ کا مطالعہ کریں تو 32/30 سال ملک میں جمہوریت کے برعکس ڈکٹیٹر شپ کا راج رہا) سیاست داں جب غلطیوں پہ غلطیاں کریں۔ ملک کی عزت اور عوام کی ضروریات زندگی کو بھلا دیں خود غرض کرپشن کریں تو مکافات عمل کا سرکل شروع ہو جاتا ہے جمہوریت کی بساط لپیٹ دی جاتی اور نظام ڈکٹیٹر شپ شروع ہو جاتا ہے۔ ملکوں کے طول بلد عرض بلد اپنے اندر بادشاہی نظام جمہوریت ڈکٹیٹر شپ کی بھی نشاندہی کرتے ہیں 15 اگست 1947ء زائچہ پاکستان اپنے اندر جمہوریت کے برعکس نظام ڈکٹیٹر شپ رکھتا ہے۔ اسی سبب ابتک پاکستان میں پانچ مارشل لاء لگ چکے ہیں سرحدوں کا مضبوط دفاع دہشت پسند عناصر پر فتوحات ملکی بھاری صنعتیں لوہا فولاد اسلحہ ساز فیکٹریاں کمرشل امور جیسے سبھی امور اسی دسویں گھر سے منسوب ذاتی حاکم طاقتور ستارہ مشتری کا بارہ سال بعد راج یوگ کی پوزیشن میں یہاں ہونا خوش بختی کا اشارہ وطن عزیز 75 سال سے مسلسل سیاسی معیشت اندرون ملک سرحدوں کے دفاع بے ہنگم آبادی مہنگائی روزگار صحت سیلاب ناگہانی آفات سے بچاؤ کی پلاننگ مردم شماری اور شفاف الیکشن کی سفارشات زراعت باغبانی کیٹل فارمنگ برآمدات کو کم کر کے تجارتی استحکام کی جانب حکام کی توجہ بڑھے اندرون ملک بننے والی ہاؤسنگ اتھارٹی ریونیو کرپشن سے پاک کرنے کے اقدامات ملکی تمام سروسز اداروں فوج پولیس بیوروکریسی کی فعال کارکردگی اور انکی خدمات کو مزید بہتر بنایا جائیگا۔

اِدھر نئے زائچہ پاکستان (20 دسمبر 1971ء) میں وتد السماء بیت العزت کا حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک یہاں رہیگا۔ سیاسی نجوم میں اسکی خاص اہمیت یوں ہے کہ ستارہ زحل کو سیاست کا ستارہ سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں قائداعظم محمد علی جناح"، ذوالفقار علی بھٹو انکی صاحبزادی بے نظیر بھٹو کے بعد مسلسل خلاء چلا آرہا ہے میاں نواز شریف حکومت نے اندرون ملک بہت سارے ترقیاتی کام کئے مگران پر اور آصف علی زرداری ابتک مسلسل کرپشن کے الزامات کا سامنا کر رہے ہیں قوم نے عمران خان کو مسیحا جانا مگر انہوں نے قوم سے جو وعدے کئے ان سے ناتجربہ کاری کے سبب وفا نہ ہو سکے۔ ستارہ زحل سیاست میں عروج وزوال کا ستارہ دسویں گھر میں اسکی اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ بعض سیاسی پنڈت منجمین زحل کی اس پوزیشن کو شیطانی خیال کرتے ہیں **ہمارے نزدیک زحل یہاں اپنے ذاتی گھر کا حاکم ہو کر لامتناہی مثبت تبدیلیاں اور ملکی طرز حکمرانی کو بدل دیتا ہے** زحل اپنے یہاں قیام کے دوران انتخابات جمہوریت نما ڈکٹیٹر شپ تعمیر وترقی کے نئے دور کا آغاز کردے گا حکمرانی کرنے والے ماضی حال کے سبھی طبقات کو اپنے اپنے دور کے کرپشن کا حساب دینے کے لئے عدالتوں کا سامنا رہیگا۔ سیاست دانوں کے طویل در طویل احتسابی مقدمات جیسے ماضی میں دوران مقدمات P.D.M کی حکومت کے بہت سارے وزراء اقتدار میں آ گئے زائچہ پاکستان دسویں ذاتی گھر زحل کی طاقتور سعد نظرات 10,7,4 اور بارہویں گھروں پر ہونے سے زرعی انقلاب لانے خود

کفالت کا نیا سفر شروع کیا جا سکے۔ خارجہ تعلقات پر نظر ثانی ملکی سیاست دانوں کے جھگڑوں میں ٹھہراؤ آپس کے سیاسی معاہدے ہمسایہ ممالک اور سپر پاور سے تنازعات ممکنہ حل کئے جانے کی حکمت بنائی اوران پر عمل کیا جا سکے ان سے مزید دوستی تجارتی وثقافتی معاہدے کئے جا سکیں۔ حکومت وقت عوام سے کئے گئے کئی ایک وعدوں کی پاسداری کرے بڑھتی گرانی مہنگائی کے سبب یہ اقدامات بے اثر عوام مطمئن نہ ہوں۔ زائچہ پاکستان اپنے 19 سالہ دور مہادشا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء کو داخل ہوگا **رفتہ رفتہ پرانے سیاسی چہرے منظر عام سے غائب اور ملک سے فرار ہونے لگیں گے اور انکی جگہ نئی اعلیٰ قیادت منظر پر اُبھرے جو ایک نئے جذبہ حُب الوطنی کے ساتھ ملک وقوم کی خدمت کا جذبہ رکھے**۔ زحل مریخ تثلیث مارچ اپریل اندرون ملک ملک دشمن خفیہ تحریکوں کی سرکوبی جیل خانہ جات اور ملک بھر کے شفاء خانے ہسپتالوں کو اَپ گریڈ اور عام مریضوں کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے خیراتی ادارے اور رفاہ عامہ کے کام کرنے والے ادارے اور اہم سماجی وسیاسی شخصیات بھی ان نیک کاموں میں پیش پیش رہیں زحل مشتری تسدیس جون کاروباری طبقہ اور عوام کو بجٹ 2023/2024ء میں کچھ ریلیف دلائے حکومتی بروقت فیصلے زرمبادلہ میں اضافہ اور غیر متوقع تیل گیس اور نئے معدنیاتی ذخائر کی دریافت زحل مریخ مقابلہ جولائی حکمرانوں حزب اختلاف اور ملک دشمن عناصر کی ریشہ دوانیاں ملک وقوم کے لئے عارضی مسائل و پریشانیاں لانے کا باعث بنے حکمرانوں کو ملکی عزت ووقار کو بحال رکھنے کے لئے مثبت اقدامات کرنے ہونگے۔ زحل مریخ تثلیث جولائی وزارتوں میں نظم وضبط کرپشن زدہ عناصر سے انہیں پاک کیا جائے گا۔ زحل مریخ تربیع نومبر خارجہ تعلقات نہایت حساس رُخ اختیار کریں سرکاری ملازمت کاروباری طبقہ عام عوام اور اپوزیشن حکومت کے خلاف اپنے مطالبات تسلیم کرنے اور حکومت کے ظالمانہ رویہ کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں۔

آسمانی کونسل پر سورج وچاند گرہن 2023ء کے اثرات

20 اپریل سورج گرہن زائچہ پاکستان کے بارہویں لگنے سے عالمی تناظر عالمی جنگوں کے اثرات پڑ سکتے ہیں حکومت کے خلاف سازشیں سرحدوں پر فوجی نقل وحمل ملکی فضائی حدوں کی سپر پاورز کی جانب سے خلاف ورزیاں موسمی تغیرات کے سبب غذائی اجناس کی اندرون ملک بعض علاقوں میں قلت کے خدشات 20 مئی چھٹے چاند گرہن کے بداثرات ملک کی نامور سماجی سیاسی شخصیات کو دھمکیاں تشدد مذہبی لسانی فسادات کرائے جانے کی سازش، 14 اکتوبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے سورش بغاوت ہنگامے سیاسی گرفتاریاں، ہسپتالوں میں وبائی امراض کے سبب رش ملک کے حساس طبقات اور اپوزیشن کے مابین سیاسی محاذ آرائی ملکی معیشت سٹاک شیئر کاروباری طبقہ کے لئے پریشانیاں لائے۔ 29 اکتوبر چاند گرہن بارہویں ہونے سے عوام میں وبائی امراض مال ومویشی بھی ان سے متاثر ہوں موسمی تغیراتی اثرات سے گلوب ارض کے ساتھ ساتھ ہمارا خطہ وطن بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ **سات چکرا کا سال عالمی طور سے ایک غیر معمولی سال دکھائی دیتا ھے**۔ نیا زائچہ پاکستان (20 دسمبر 1971ء راولپنڈی 14 بجکر 53 منٹ) طالع برج ثور ایک درجہ 48 دقیقہ وتد السماء (برج دلو) بیت العزت کے گھر میں حاکم ستارہ زحل پہلی مرتبہ 05 مارچ 1993ء تا 10 اگست 1995ء تب صدر غلام اسحاق خان نے صدر فاروق لغاری کو ہٹا کر الیکشن کروا کر نواز شریف کو وزیر اعظم بنوایا۔ اور اب پھر 30 سال بعد زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء زائچہ کے دسویں اپنے سعد فعلی برج دلو میں رہتے ہوئے بارہویں چوتھے ساتویں اور دسویں گھروں کے منسوبات کو نمایاں کرے۔ اس زائچہ کی سعادت 29 مارچ 2025ء تک رہیگی مزید قدرت کا کرم آئندہ سال سے 11 دسمبر 2024ء تا 11 دسمبر 2043ء زائچہ پاکستان میں 19 سالہ مہادشا زحل شروع ہو جائیگی۔ دسویں بیت العزت کے گھر زحل کا آنا اور اس کی **19 سالہ مہادشا کا آغاز ہونا پاکستان کی غیر معمولی تعمیر وترقی کا دور دکھائی دیتا ھے**۔ تب کوئی بھی حکومت ہو ملک ترقی کرے گا۔ مستقبل قریب مہادشا زحل میں انتر دشا زحل 11 دسمبر 2024ء تا 15 دسمبر 2027ء تک رہیگی قدرتی معدنیات تیل، گیس کے ذخائر قیمتی سونے جیسی معدنیات کی

دریافت اعلیٰ لیڈرشپ قیادت قانون کی حکمرانی سے ملک کی تقدیر بدل سکے گی۔ستارہ زحل **SATURN** یا مہاشنی دیو،عروج وزوال کا ستارہ پاکستان اور قوم کو بتدریج ترقی کی منازل سے ہمکنار کرے گا۔**2022**ء سالانہ ورش پھل میں سبھی سیارگان کا ثمرہ آسمانی کونسل کے مطابق کچھ یوں ہے۔

20 دسمبر 2022ء تا 06 جنوری 2023ء دور عطارد:۔ستارہ عطارد ورش پھل میں طالع اور چوتھے کا مشترکہ حاکم ہوکر ساتویں کمزور راج یوگ بنا رہا ہے۔عطارد کی اہمیت یوں بھی نمایاں یہ زائچہ پاکستان میں ملکی معیشت خزانہ محصول وکسٹم درآمات برآمدات ملکی کرنسی کی بین الاقوامی کرنسی سے شرح توازن ملکی سٹاک ایکسچینج اُتار چڑھاؤ تاہم ملکی تجارت کا حجم بڑھے گا۔بین الاقوامی خبروں میں وطن کی نیک نامی ماضی کی خسارے کی تجارت کا ازالہ **IMF** کے چنگل سے نکلنے کے لئے سنجیدہ غوروفکر حکومتی سیاسی عسکری قیادت کا مشترکہ لائحہ عمل بن سکے آئی ٹی انفارمیشن کا عوام میں شعور بڑھے انٹرنیٹ سوشل میڈیا عام ہومگران پر حکومتی چیک اینڈ بیلنس سخت کیا جائے سال **2022**ء کا اختتام اور سال **2023**ء کا آغاز حکومتی سنجیدگی عوامی مشکلات کو کم کرنے کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔

06 جنوری تا 28 جنوری دور کیتو:۔کیتو ہمراہ قمر مقابل راہو یورانس زائچہ ورش پھل پانچویں سٹاک ایکسچینج میں افواہوں کے سبب زبردست اُتار چڑھاؤ معاشرتی برائیاں کرپشن کیسز خبروں میں نمایاں بچوں کے اغواء چلڈرن ہسپتالوں کے معیار کو بہتر بنانے کی ضرورت الیکٹرانک پرنٹ سوشل میڈیا پرسنرشپ چیک اینڈ بیلنس سخت ہوصحافی برادری اور عام عوام کو بھی احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھنا چاہئے مرکز اور صوبوں کے مابین سیاسی تناؤ ملکی اتحاد کے لئے نیک فال نہیں حکومتی تھینک ٹینک کو ابتداء سال سے ہی مثبت اقدامات پر زور دینا چاہئے۔

28 جنوری تا 29 مارچ دور زہرہ:۔اعلیٰ سطح پر خارجہ تعلقات نظر ثانی ٹریڈ یونین کے حکومت سے مطالبات **12** تا **17** مارچ مریخ نیپچون نویں بارہویں تربیع حکومتی غیر سنجیدہ سیاسی اور خارجہ فیصلے ملکی عزت ووقار کے لئے آزمائش وپریشانیاں لاسکتے ہیں۔**20** مارچ تا **02** اپریل مریخ زحل تثلیث پیچیدہ عالمی سیاسی حالات جنگ وجدل اور عوام کو مایوسی سے نکلنے کی اہمیت ضرورت کو حکومت عسکری ادارے فعال ہوں اندرون ملک دہشت گردی تخریب کاریاں مذہبی منافرت اور سرحدوں کی حفاظت کے نظام میں بہتری لائی جائیگی۔

عمل برائے مغفرت: جو کوئی شب نیمۂ شعبان میں سو مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھے گا تو اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہوں گے نیز جو کوئی روزِ پندرہ شعبان کو نمازِ عصر کے بعد اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ (اے سب سے زیادہ بخشنے والے مجھے بخش دے)

عمل حفاظتِ نفس: علامہ میر داماد مرحوم کے شاگرد خاص سیّد اسماعیل بحرینی سے منقول ہے کہ یہ عمل ایک راز کی حیثیت رکھتا ہے ☆ ایک مٹھی چنے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ سورۂ توحید اور تین مرتبہ صلوات پڑھ کر پکایا جائے پھر ان میں سے ہر ایک شخص سات دانے کھائے تو آئندہ نیمۂ شعبان تک تمام امراض اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے حاجات: بحوالہ ادعیہ جلالیہ سیّد اسماعیل بحرینی نے فرمایا کہ نیمۂ شعبان میں تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ ان درج ذیل حاجات کی نیت سے پڑھے۔

(۱) برائے طولِ حیات (۲) برائے تندرستیٔ بدن (۳) برائے بے نیازی از مخلوق

☆ سورۂ یٰسٓ کے بعد سو مرتبہ درج ذیل تسبیحاتِ اربعہ پڑھے اور لطفِ خفی کا مشاہدہ کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

برائے وبائی امراض: بحوالہ ادعیہ جلالیہ نیمۂ شعبان بعد از نماز مغرب اوّل و آخر صلوات کیساتھ اکیس مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو آئندہ سال تک ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیگا

اَلْاَمَانُ مِنَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَاءِ وَمَوْتِ الْفُجَاۃِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ

پناہ ہو طاعون سے اور وبا سے اور ناگہانی موت سے اور بری قضا سے

اعمالِ ماہِ رمضان

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں بہترین عمل قرآن مجید کی تلاوت ہے۔
☆ ماہِ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت دوسرے مہینوں کے پورے قرآن ختم کرنے کے برابر ہے
☆ اگر ہر روز کی تلاوت کو کسی ایک چہاردہ معصومین علیہم السلام سے منسوب کرتے ہوئے انکے ارواحِ مقدسہ کو ہدیہ کرے تو ان کے جوارِ مقدس میں ہونے کے ساتھ انکے ساتھ محشور ہوگا۔
☆ مستحب ہے کہ ماہ رمضان میں ہزار رکعت نوافل دو دو رکعت کر کے پڑھا کرے۔
تفصیل: پہلی سے بیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے ☆ اکیسویں سے تیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بائیس رکعتیں پڑھے انکا مجموعہ سات سو رکعتیں بن جائیگا تین سو رکعتیں شب قدر کی تین راتوں کیساتھ ایک ہزار رکعتیں مکمل ہوجائینگی
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں محدث قمیؒ اور بلد الامین میں کفعمیؒ سے منقول ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے جو اس نماز کو پڑھیگا تو اللہ اسکے ستر ہزار گناہ معاف فرمائیگا اور نماز کے بعد یہ درج ذیل دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ حَفِيْظٌ لَّا يَغْفُلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے پاک تر ہے وہ (اللہ) جو ایسا نگہبان ہے کہ غافل نہیں ہوتا پاک تر ہے

رَحِيْمٌ لَّا يَعْجَلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَّا يَسْهُوْ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَّا يَلْهُوْ

وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل (غیر ضروری کام) میں نہیں پڑتا

☆ اسکے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
☆ اسکے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سات مرتبہ یہ درج ذیل دعا پڑھے

سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ يَا عَظِيْمُ اِغْفِرْ لِيَ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ

تو پاک ہے تو پاک ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کر دے

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہِ رمضان میں خضوع و خشوع کے ساتھ ہر روز ”دعائے مغفرت“ جو صفحہ نمبر (۱۶۱) پر درج ہے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔

احکامِ روزہ

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ
اے ایمان والو تم پر روزے فرض ہیں (البقرہ: ۱۸۳)

روزہ: یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کی بارگاہ میں قربت حاصل کرنے کیلئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب (شرعی) تک مبطلات روزہ سے پرہیز کرے۔
نیتِ روزہ: نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ میں کل روزہ رکھوں گا/رکھوں گی قُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ بہتر تو یہ ہے کہ شبِ اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کر لے۔
مبطلاتِ روزہ: نو چیزیں روزہ کو باطل کرتی ہیں (۱) کھانا پینا (۲) جماع کرنا (۳) استمناء یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے جس سے منی نکل آئے (۴) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور آئمہ علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) گرد و غبار کو حلق تک پہنچانا (۶) سر اور چہرے کو پانی میں ڈبونا (غوطہ لگانا) (۷) حالتِ حیض و نفاس یا جنابت پر اذانِ صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے انیما، حقنہ کرنا (۹) جان بوجھ کر قے کرنا
ضروری مسائل: بیماری میں دوا کے لئے انجکشن لگوانا جائز ہے البتہ غذائی کمی یا بھوک کے احساس کو ختم کرنے کے لئے جائز نہیں ہے ☆ ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کے لئے ہو یا غذائی کمی دور کرنے کے لیے ہو دونوں صورتوں میں روزہ باطل ہے آنکھ اور ناک میں ڈالنے والے قطروں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر دوا حلق سے نیچے پہنچ رہی ہو تو ناجائز ہے۔
مکروہاتِ روزہ: نو چیزیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں (۱) آنکھ میں دوا ڈالنا یا سرمہ لگانا (۲) ایسا کام کرنا کہ جس سے خون نکل آئے جو کہ کمزوری کا باعث بنے (۳) خوشبو سونگھنا (۴) خشک چیزوں سے حقنہ کرنا (۵) عورت کا پانی میں بیٹھنا (۶) ایسا کام (مسواک) کرنا کہ منہ سے خون نکل آئے (۷) درخت کی تازہ مسواک کرنا (۸) بغیر وجہ پانی یا کسی چیز کا منہ میں ڈالنا (۹) عورت (زوجہ) سے خوش طبعی کرنا۔

دعائے افطار: اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

اعمال ماہ ذُو القعدہ

☆ یہ مہینہ دعاؤں کے قبول ہونے کا مہینہ ہے اس ماہ کی پہلی جمعرات اور ہفتے کا روزہ رکھنا نوسو سال کی عبادت کے برابر فضیلت رکھتا ہے اس ماہ کی پچیسویں کے روزے کا ثواب ساٹھ مہینوں کے روزوں کے برابر اور ستر سال کی عبادت کا نعم البدل ہے (ثواب الاعمال)
☆ حضرت رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اتوار کے دن غسل اور وضو کر کے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے تو اس کے تمام گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور وہ ایمان کے ساتھ مرے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور موت کے وقت ملک الموت نرمی کرے گا۔
☆ اس نماز کا پڑھنا نہایت ہی اجرِ عظیم کا موجب ہے اس نماز کے پڑھنے والے کی توبہ قبول ہوگی۔
طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید اور ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھے نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
☆ نماز اور استغفار کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے کہ موجبِ مغفرت ہے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَذُنُوْبَ

نہیں کوئی قوت و حرکت سوائے اللہ بلند بزرگ تر کے اے زبردست اے بہت بخشنے والے بخش دے میرے گناہ اور بخش

جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

دے تمام مؤمنین اور مؤمنات کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کے بخشنے والا نہیں ہے

اعمالِ ماہِ ذوالحجہ

پہلی ذوالحجہ: اس ماہ کی پہلی تاریخ کو زوال آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ توحید و آیت الکرسی اور سورۂ قدر پڑھے
☆ اس دن نماز امیر المؤمنینؑ اور نماز فاطمۃ الزہراءؑ کا پڑھنا گناہوں کی بخشش کا موجب ہے۔
☆ بحار الانوار علامہ مجلسیؒ میں حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کا ارشاد ہے کہ جس نے ماہ ذوالحجہ کی پہلی سے نویں تک روزے رکھے اللہ تعالیٰ اسکے نامۂ اعمال میں اَسّی مہینوں کے روزے لکھے گا۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں و نویں اور دسویں کی شب غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔
☆ اس ماہ کی آٹھویں (ترویہ) اور نویں (روزِ عرفہ) کے دن کے روزے کا ثواب ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (ثواب کثیر ہے)
نویں ذوالحجہ: اس تاریخ کو حضرت امام عالی مقام حسینؑ بن علیؑ کی مکہ سے کربلا روانگی ہوئی تھی
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ روزِ عرفہ میرے جدّ امجد حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت پڑھنا اسی طرح ہے کہ وہ شخص بنفس نفیس ایام حج میں بیت اللہ کی زیارت اور کربلائے معلّٰی میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے شرف یاب ہوا ہو۔
☆ اس دن حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنا ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار جہاد کے برابر ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی نویں ماہِ ذوالحجہ میں سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ سو مرتبہ سورۂ توحید سو مرتبہ سورۂ قدر سو مرتبہ آیت الکرسی سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور سو مرتبہ صلوات پڑھے گا تو اہم ترین حاجات اور مہم ترین مقاصد کی برآوری کیلئے بہت عمدہ ہے
دسویں ذوالحجہ: اس تاریخ کی رات اور دن کو غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔
☆ آج کے دن زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھنا مستحب ہے۔
☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ شب عید قربان بعد از نماز مغربین اور نماز عید سے پہلے اور بعد میں ان تکبیرات کا جو اگلے صفحہ پر درج ہیں پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے اور اللہ ہی کیلئے حمد ہے اللہ بزرگ تر ہے

عَلٰى مَا هَدَانَا اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا رَزَقَنَا مِنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا اَبْلَانَا

کہ اس نے ہمیں ہدایت دی اللہ بزرگ تر ہے کہ اس نے ہمیں روزی دی بے زبان چوپایوں میں سے اور حمد اللہ کیلئے ہے کہ اس نے ہماری آزمائش کی

زنجانی جنتری کا مقبول عام مضمون نظر ثانی کے ساتھ

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

قرآن پاک حکمت وشفا کی کامل کتاب ہے۔ قرآن پاک کی اصلیت وحقانیت اس سے بڑھ کر کیا ہوگی۔ مسلمانوں میں اختلافات کے باوجود قرآن پاک پر سب متفق اور اِسے کلام الٰہی سمجھتے ہیں۔ صدیوں سے ماہرین نقوش والواح عاملین ومنجمین آیاتِ قرآنی کی حرمت کے سبب آیات قرآنی کے اعداد ابجدی قمری نکال کر ان اعداد قرآنی کے نقوش قوائد عملیات کے تحت بنا کر اس سے خود اور اپنے سائلین کو فیض یاب کرتے ہیں۔ یہاں ہم نے قارئین زنجانی جنتری کے لیے قرآن پاک کی **114** سورتوں کے اعداد اور ان سے آسان فیض یابی کا طریقہ دیا ہے۔ کلام ربانی رب ذوالجلال بے مثال کی طرح اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ ہر انسانی مشکلات کے حل کے لیے آیاتِ قرآنی سے بنائے گئے نقوش میں شفاء وحکمت ہے۔ درود شریف کے عامل شخص کی دعائیں اور بنائے گئے نقوش زیادہ مؤثر کام کرتے ہیں۔ نقش بناتے وقت درود شریف پڑھیں اور بنانے کے بعد بھی درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور دعا کریں۔ حضرت علی مرتضیٰؑ کا فرمان ہے: "جس کو اللہ تعالیٰ دعا کی توفیق عطا فرمادے وہ شرفِ قبولیت سے محروم نہیں رہ سکتا"۔ (عامل شاہ زنجانی)

نظر ثانی شدہ: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔
☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 151 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 154 پر مل جائیں گی۔ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد **9359** میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد **786** بھی شامل کیئے تو کل اعداد **10145** ملے انہیں **12** پر تقسیم کیا تو **845** آیا اور باقی قسمت **5** بچا اب نقش یوں پُر کریں گے۔ **845** کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائیں گے خانہ **6** سے خارج قیمت ہر بار جمع ہوگا۔ تقسیم پر باقی قیمت صفر ہونے پر پھر کوئی عدد جمع نہیں ہوگا۔ سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ کا میزان بنائے گئے نقش کے خانوں سے **10145** چیک کرلیں تبھی بنایا گیا نقش درست ہوگا۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دوعالمؐ سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہوجاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ **70** مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اُٹھ کر زندہ ہوجائے۔ یاد رکھیں کہ جس طرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرطیکہ یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپ کا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پا کر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال **11،10** ربیع الاول کو منایا جاتا ہے عرس کا مقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ، شادباغ لاہور مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۳	۸	۱
۷	چال نقش	۵
۲	۴	۶

۷۸۶

۲۵۳۵	۶۷۶۵	۸۴۵
۵۹۲۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۲۲۵
۱۶۹۰	۳۳۸۰	۵۰۷۵

اسم اعظم سے فیض یابی کا آسان طریقہ یوں ہے کہ اپنی شرعی ضرورت کے تحت 99 اسمائے عظائم سے اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا کسی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر اسے بلا ناغہ مقصد حل ہونے تک نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کر دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری خواص جلالی و جمالی

یا احد اے ایک جلالی 13	یا واجد اے غنی بے پرواہ جلالی 14	یا وھاب اے بے عوض دینے والے جلالی 14	یا حیی اے زندہ جلالی 18	یا واحد اے اپنی ذات میں یکتا جلالی 19	یا ودود بہت دوست رکھنے والے جمالی 20	یا ھادی اے راہ دکھانے والے جمالی 20	یا اول اے سب سے پہلے جلالی 37	یا ولی اے دوست جمالی 46
یا والی اے مالک کارساز جمالی 47	یا ماجد اے صاحب بزرگ جلالی 48	یا مجیب اے دعا قبول کرنے والے جلالی 55	یا مبدی اے پیدا کرنے والے جلالی 56	یا مجید اے بزرگ جمالی 57	یا محی اے جلانے والے جلالی 58	یا باطن اے وہم و خیال سے پوشیدہ جمالی 62	یا حمید اے تعریف کرنے والے جمالی 62	یا اللہ اے معبود جلالی 66
یا وکیل اے بندوں کے کارساز جمالی 66	یا حکم اے حکم دینے والے جمالی 68	یا باسط اے کھولنے والے جلالی 72	یا جلیل اے بزرگ قدر جمالی 73	یا حکیم اے حکمت والے جمالی 78	یا حسیب اے حساب کرنے والے جمالی 80	یا بدیع اے چیزوں کے پیدا کرنے والے جلالی 86	یا حلیم اے بردباری کرنے والے جمالی 88	یا ملک اے ظاہر و باطن کے بادشاہ جمالی 90
یا عزیز اے غالب جمالی 94	یا عدل اے انصاف کرنے والے جلالی 104	یا حق اے ثابت جلالی 108	یا علی اے بلند رتبہ جلالی 110	یا باقی اے ہمیشہ رہنے والے جلالی 113	یاجامع اے جمع کرنے والے جلالی 114	یا قوی اے قوت والے جلالی 116	یا معز اے عزت دینے والے جمالی 117	یا معید اے دوبارہ پیدا کرنے والے جمالی 124
یا لطیف اے باریک بین جمالی 129	یا سلام اے سلامت رکھنے والے جمالی 131	یا صمد اے بے پرواہ جمالی 134	یا مومن اے امن دینے والے جمالی 136	یا واسع اے وسعت دینے والے جلالی 137	یا مھیمن اے نگہبان جمالی 145	یا محصی اے احاطہ کرنے والے جلالی 148	یا علیم اے ہر چیز جاننے والے جمالی 150	یا عفو اے معاف کرنے والے جلالی 156
یا قیوم اے قائم رہنے والے جلالی 156	یا مانع اے منع کرنے والے جلالی 161	یاقدوس اے بہت پاک جمالی 170	یاسمیع اے دعا کو سننے والے جلالی 180	یامقدم اے آگے رکھنے والے جلالی 184	یانافع اے نفع پہنچانے والے جلالی 201	یا بر اے نیکوکار جلالی 202	یاجبار اے نقصان پورا کرنے والے جلالی 206	یامقسط اے انصاف کرنے والے جلالی 209
یامالک الملک دونوں جہانوں کے مالک جلالی 212	یاباری اے خلق پیدا کرنے والے جلالی 213	یا کبیر اے سب سے بڑے جمالی 232	یامصور اے خلق کی صورت بنانے والے جلالی 236	یا نور اے روشنی بخشنے والے جمالی 256	یا رحیم اے بہت مہربان جمالی 258	یا کریم اے نیکوکار جمالی 270	یا رؤف اے مہربان جلالی 286	یا رحمٰن اے بخشنے والے جلالی 298
یا صبور اے بردباری کرنے والے جلالی 298	یابصیر اے دیکھنے والے جمالی 302	یا قادر اے قدرت رکھنے والے جلالی 305	یاقھار اے ہر چیز پر غالب جمالی 306	یارزاق اے روزی دینے والے جمالی 308	یارقیب اے نگاہ رکھنے والے جمالی 312	یا شھید اے حاضر جمالی 319	یا رافع اے بلند کرنے والے جمالی 351	یاتواب اے توبہ قبول کرنے والے جلالی 409
یاممیت اے مارنے والے جلالی 455	یافتاح اے کھولنے والے جمالی 489	یامتین اے مضبوط جمالی 500	یا رشید اے راہنمائی والے جمالی 514	یاشکور اے شکر کرنے والے جمالی 526	یامقیت اے قوت دینے والے جلالی 550	یامتعالی اے بہت بلند جلالی 551	یاباعث اے اٹھانے والے جمالی 573	یامنتقم اے بدلہ لینے والے جمالی 630
یامتکبر اے بزرگ عظمت والے جلالی 662	یاوارث اے دینے والے جمالی 707	یاخالق اے پیدا کرنے والے جمالی 731	یامقتدر اے قدرت والے جلالی 744	یا مذل اے خوار کرنے والے جلالی 770	یا آخر اے سب سے پیچھے جلالی 801	یاخبیر اے خبردار ہر چیز کے جلالی 812	یا مؤخر اے پیچھے ڈالنے والے جلالی 846	یا قابض اے قوت فیض کرنے والے جلالی 903
یاحافظ اے پست کرنے والے جمالی 989	یا ضار اے ضرر پہنچانے والے جلالی 1001	یاعظیم اے ذات و صفات میں بزرگ جمالی 1020	یاغنی اے بے پرواہ جلالی 1060	یاذوالجلال والاکرام اے بخشش اور بزرگی والے جلالی 1100	یامغنی اے پرواہ کرنے والے جمالی 1100	یاظاھر اے ظاہر کرنے والے جلالی 1106	یاغفار اے بخشنے والے جمالی 1281	یاغفور اے بخشنے والے جلالی 1286

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ فاتحہ	9359	شفاء کے لئے
سورۃ بقرۃ	947609	حصول خیروبرکت کیلئے
سورۃ آل عمران	184956	حصول اولاد صالح
سورۃ نساء	1139293	زوجین میں محبت
سورۃ مائدۃ	848546	جدائی منافقین کیلئے
سورۃ انعام	935319	حصول جاہ ومرتبہ
سورۃ اعراف	253592	شیطانی شر سے بچنے کیلئے
سورۃ انفال	412375	رہائی کے لئے
سورۃ توبۃ	703615	تجارتی ترقی کے لئے
سورۃ یونس	550108	اختلاج قلب کے لئے
سورۃ ہود	514851	خطرات سے بچنے کے لئے
سورۃ یوسف	503980	محبت کے لئے
سورۃ رعد	244692	قائم حملکے لئے
سورۃ ابراھیم	225818	رجعت نظر بدو جادو کیلئے
سورۃ حجر	176709	تجارت میں نفع کے لئے
سورۃ النحل	520188	مسخر دشمن کے لئے
سورۃ بنی اسرائیل	38613	حفاظت حاسدین
سورۃ کھف	505517	ہر مشکل کے لئے
سورۃ مریم	289644	واسطے حمل کے
سورۃ طٰہٰ	399283	لڑکیوں کے نصیب کشائی
سورۃ الانبیاء	382219	اولاد نرینہ کے لئے
سورۃ الحج	382344	حفاظت جان ومال
سورۃ مومنون	351714	غفلت نماز کے لئے
سورۃ نور	402457	بندش احتلام کے لئے
سورۃ فرقان	209575	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ شعراء	201339	غلبہ سرکشوں کے لئے
سورۃ النمل	340962	ہر بھلائی کے لئے
سورۃ قصص	305120	حافظہ کی تیزی کے لئے
سورۃ عنکبوت	275297	رجعت مصیبت کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ روم	270377	مابین موافقت کے لئے
سورۃ لقمن	15900	بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے
سورۃ سجدۃ	113332	نشوونما کے لئے
سورۃ احزاب	355258	پیغام نکاح کے لئے
سورۃ سباء	253419	ناگہانی آفات سے بچنے
سورۃ فاطر	242773	حصول مراد حاکم کے لئے
سورۃ یٰسین	215653	ہر کام کے لئے
سورۃ الصّٰفّت	264754	رجعت آسیب کے لئے
سورۃ صٓ	229337	تسخیر خلائق
سورۃ زمر	306585	بلندی مرتبہ کے لئے
سورۃ مومن	368524	امراض چشم کے لئے
سورۃ حٰم السجدۃ	245837	مہربانی حکام بالا کے لئے
سورۃ شوریٰ	201339	زیادتی رزق کے لئے
سورۃ زخرف	260697	حفاظت شر حیوانات
سورۃ دخان	97793	درد شکم کے واسطے
سورۃ جاثیۃ	150153	حفاظت امراض کے لئے
سورۃ احقاف	73774	ہر شر سے بچنے کے لئے
سورۃ محمد	180655	عزت وعظمت کے لئے
سورۃ فتح	188828	فتح ونصرت کے لئے
سورۃ الحجرات	102892	زیادہ شیر مادہ کے لئے
سورۃ قٓ	109736	عجیب وغریب فوائد کے لئے
سورۃ الذّٰریٰت	119544	آسانی وضع حمل کے لئے
سورۃ طور	94183	حفاظت سفر کے لئے
سورۃ النجم	94183	حاجت روائی کے لئے
سورۃ قمر	114374	آسانی مشکلات کے لئے
سورۃ الرحمٰن	120450	تسخیر خلائق کے لئے
سورۃ واقعۃ	102965	فراوانی رزق کے لئے
سورۃ حدید	198924	حفاظت جنگ کے لئے
سورۃ مجادلۃ	34237	غلبہ دشمنوں کے لئے

جو شخص بغیر تجربہ کے کوئی کام کرتا ہے دھوکہ کھاتا ہے اور جو حق کے ساتھ ٹکراتا ہے وہ تباہ ہو جاتا ہے (حضرت علیؑ)

نام سورة	اعداد	حاجت
سورة حشر	133461	ترقی و کامیابی کے لئے
سورة ممتحنة	101350	آسانی شادی کے لئے
سورة صف	59060	نافرمان اولاد کے لئے
سورة جمعة	61525	روشن ضمیری کے لئے
سورة المنفقون	53256	دشمنوں کی زبان بندی کیلئے
سورة تغابن	7741	ناخوشگواری سے بچنے کیلئے
سورة طلاق	818012	نجات غم کے لئے
سورة تحریم	49232	ادائیگی قرض کے لئے
سورة ملک	99594	سلامتی کے لئے
سورة قلم	93708	رجعت نظر بد کیلئے
سورة حاقة	81719	بچے کے رونے ضد کیلئے
سورة معارج	73525	نجات وسواس شیطانی
سورة نوح	60633	حفاظت حیرانی و پریشانی
سورة جن	60633	نفع حصول جن وانس کیلئے
سورة المزمل	68466	کشادگی رزق کے لئے
سورة مدثر	92355	جلد خوشحالی کے لئے
سورة القيٰمة	54607	تسخیر خلائق وحاکم کیلئے
سورة دهر	77588	فوائد کے لئے
سورة المرسلت	70634	غائب کو بلانے کے لئے
سورة نبا	52656	تیزی بصارت کے لئے
سورة نازعات	67253	غلبہ حاسدین کے لئے
سورة عبس	51318	رجعت سحر وجادو کے لئے
سورة تكوير	38299	دفعہ بلیات کے لئے
سورة انفطار	36745	ترقی دولت عزت مرتبہ
سورة مطففين	48707	حفاظت اناج کے لئے
سورة انشقاق	28846	بچوں کو نظر بد سے بچانے
سورة بروج	32155	شفاء جلدی امراض کیلئے
سورة طارق	17765	گمشدہ کو بلانے کے لئے
سورة اعلیٰ	17704	حفاظت سفر کے لئے

نام سورة	اعداد	حاجت
سورة غاشية	36457	حفاظت وبائی امراض
سورة فجر	89092	اطمینان وسکون کے لئے
سورة بلد	24283	عزت وتوقیر کے لئے
سورة شمس	19499	خاتمہ مشکلات کے لئے
سورة اليل	29666	حفاظت مال کے لئے
سورة ضحیٰ	13422	حاضری غائب کے لئے
سورة الم نشرح	12416	برکت مال ودولت
سورة تين	10228	آسانی مہم کے لئے
سورة علق	22541	سچائی کا بول بالا
سورة قدر	8311	وسعت حلقہ احباب
سورة بينة	31223	حفاظت برص ویرقان
سورة زلزال	19966	شفائے مرض لقوہ
سورة عاديات	13354	سہولت ادائیگی قرض
سورة قارعة	9763	فراخی رزق کے لئے
سورة التكاثر	10425	دماغی امراض کے لئے
سورة عصر	4748	حفاظت مال کے لئے
سورة همزه	5948	حفاظت خطرات کیلئے
سورة فيل	5470	زیر دشمن کے لئے
سورة قريش	5656	محتاجی دور کرنے کیلئے
سورة ماعون	9217	حفاظت نئی اشیاء
سورة كوثر	2763	غلبہ حاسدین کے لئے
سورة كافرون	3828	پاکیزگی قلب کے لئے
سورة نصر	6123	دوری فکر وافلاس
سورة لهب	5431	تباہی ظالم کے لئے
سورة اخلاص	1002	مفادات کے لئے
سورة فلق	8675	دفعہ جن وآسیب
سورة الناس	4901	فوائد قدرت کے لئے

نظر ثانی: یاد رہے! یہ میری محنت ہے جس کی توفیق مجھے اللہ، مولاؑ نے دی اور سید انتظار حسین شاہ زنجانی اور اہل بیت رسولؐ کی محبت اور مخلوق خدا کی خیر کے لئے اور خصوصاً خوشنودئ محمدؐ وآل محمدؐ کے لئے اشاعت ہو رہی ہے۔ نہ کہ کسی کی قلب شکنی کے لئے۔ **نوٹ:** قارئین! ہر سورۃ کی ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہے۔ ماسوائے سورۃ توبہ کے، اس لئے ہر سورۃ کے اعداد میں بسم اللہ کے اعداد **786** ضرور شامل کریں۔

اھرام شرفِ مشتری PYRAMID

☆مراقبہ میں ارتکاز توجہ یکسوئی پانے کے لیے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اہرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں، نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔ ☆اہرام نیک خواہشات وخیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اہرام میں ناقابل عمل خواہشات لکھ کر رکھیں، پوری ہوسکتی ہیں۔ ☆اپنے بیڈ کے نیچے اہرام رکھیں، آپ کو پرسکون میٹھی نیند آئے گی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائیں گی۔ ☆اہرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔ ☆اہرام میں موذی امراض کینسر، سرطان کی ادویات رکھیں، ادویہ میں روحانی تاثیر شفا کی قوت بڑھ جائے گی۔ ☆اہرام میں پھل، سبزیاں رکھ کر کھائیں، مزیدار توانائی بخش غذا بن جائے۔ ☆اہرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو ان کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔ ☆اہرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆اہرام میں کوئی اسم اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں، روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

ترکیب استعمال: اہرام کے اندر کاغذ پر دعائیں لکھ کر رکھ سکتے ہیں، دعائیں رکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کر کے اہرام کا ڈھکن اُٹھا کر سنٹر پوائنٹ پر سکوائش ٹیپ لگا کر دعائیں کر کے رکھ دیں، اہرام لیول سے سیدھا کر لیں، اہرام کے نیچے پلیٹ فارم پر چار یکساں لائنیں ہیں۔ ایک لائن کو قطب نما (Compass) سے شمال کی سمت کریں، یوں اہرام میں رکھی ہوئی دوا یا دعا میں تاثیر شروع ہو جائے گی۔ بہتر وقت رکھنے کا عروج ماہ چاند کی یکم تا 14 تواریخ ہیں۔

زنجانی جنتری **2002**ء میں کرشمات اہرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اہرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں کل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم **DHL** نے اہرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھا دی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆اہرام میں بانجھ پن کے لیے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کے لیے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُن کے ایک دوست نے اہرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اہرام کے اَن گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆اہرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات، آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆اہرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆اہرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈز نمبرز معلوم کرنے کے لیے باوضو سونے سے خواب میں متوقع لکی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆اہرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی، داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆اہرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆اہرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆اہرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرمل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔

اھرام بنانے کی ترتیب

اہرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی یا پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ **AB** کا ایک گرافک زاویہ **58.18** اور **BC** کا گرافک زاویہ **301.82** ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے **B** کو ملنے چاہئیں، کمپیوٹر پرنٹر سے پرنٹ نکلوالیں۔ یہ اہرام کی، کی **Key** بن جائے گی۔ اس فارمولا سے اہرام کی سائیڈ تیار ہوگی، اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ **B** کو ملاتے جائیں، درست اہرام بن جائے گا۔ درجنوں غلط اہرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یُغْنِیَھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ (اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے)

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2023

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اس کا پرائز بانڈ نکل آئے، مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی لوحِ محفوظ میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے لوحِ محو و اثبات سے دولت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا علم و آگاہی نہیں ہے، جو ذرہ جہاں ہے، آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزلِ مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم اُمت محمدی ﷺ ہیں۔ انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ ہیں۔ اسی طرح آلِ نبی ﷺ اولادِ علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلے کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الہیہ میں گزارے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کے لیے دعائیں کرنا معمول بنالیں جسے انہوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصولِ دولت کے متمنی ہوں، وہ 72,66,14,12,5 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کے لیے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کر سکتے ہیں۔

تعبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم کر سکتے ہیں۔ وظائف دعاؤں کی مدت آپ کے لیے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپ کی قسمت یاوری کرے گی اور آپ کے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگا۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپ کے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائیں گے، تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ 2، لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-9483758 ہے) مل کر فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں، پھر اس کے مطابق تفصیلات لف کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2023

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
006	102	218	329	408	512	609	728	801	921
019	123	236	341	436	534	624	731	829	936
032	179	249	362	489	560	632	759	836	949
058	184	272	380	492	589	659	784	880	980
061	193	280	394	498	591	681	790	894	992

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں، ان میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے۔ یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ ان لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا، انہیں ملا۔ شہزادہ سید معصوم علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کے لیے "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے اب تک مسلسل 21 ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2023ء ہمراہ البیرونی تقویم 2023ء انشاء اللہ جنوری 2023ء میں پیش کر دیا جائے گا۔ جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 7500,1500,750,200,100 اور روپے ہے، کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کے لیے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کو انعام کے بہت قریب گویا آپ کی قسمت سنوار دے گا، معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہ راست طلب کریں، اس کے علاوہ شوقین دوستوں کے لیے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

کاشانۂ زنجانی D-125، حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور کے پتے پر روانہ کریں۔

صدقہ سے شفا

اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَاءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

قرآن پاک سورۃ توبہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے اموال کی زکوۃ لے لیا کیجیے جس کے ذریعہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انھیں 1 پاک کر دیجیے اور انھیں برکت بھی دیجیے اور اُن کے لیے دعائے خیر و رحمت بھی فرمایے۔ یقیناً آپ کی دعائے خیر و برکت اُن کے لیے باعث تسکین و راحت ہوگی۔ (کیونکہ) یہ حقیقت ہے کہ اللہ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں) سننے والا اور (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرتبے کو) خوب جاننے والا ہے۔(103) کیا انھیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور ان کی زکوۃ و خیرات کو بھی لے کر قبول کر لیتا ہے۔ (یہ اِس لیے ہے) کہ اللہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے۔(یعنی اُس کو تمھارے اموال کی کوئی ضرورت نہیں مگر صرف اِس لیے کہ تمھارے گناہ معاف فرمائے اور تم پر رحم فرمائے وہ تمھاری خیراتوں کو وصول فرماتا ہے۔(104)

صدقہ کی فضیلت

حدیث! مومن جب صدقہ دیتا ہے تو یہ چیز شیطان پر گراں گزرتی ہے۔ جبکہ صدقہ مستحق کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی اللہ کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔

☆ انسان کو بُری موت سے بچاتا ہے۔ ☆ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ ☆ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ستر قسم کی بُری اموات سے بچاتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اس کے عوض دس سے لیکر ایک لاکھ تک گناہ معاف کرتا ہے۔ ☆ جو شخص صبح کو صدقہ دے اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر وہ رات کے پہلے پہر میں صدقہ دے۔ تو اُس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ مال کی زیادتی کا سبب بنتا ہے۔ ☆ مریض کا علاج صدقہ سے ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص ایک مسلمان گھرانے کی کفالت کرے اور اسکے کھانے پینے اور لباس کا اہتمام کرے اور عزت و آبرو بچائے تو ستر حج سے زیادہ کا ثواب ملتا ہے۔ یاد رہے کہ انسان کا سینہ جتنا زیادہ کشادہ ہوگا۔ اُس کی قبر بھی اُتنی ہی کشادہ ہوگی۔

کہتے ہیں کہ اگر دُنیا میں ایک روپیہ راہِ خدا میں خرچ کیا جائے تو دس گناہ دُنیا میں اور 70 آخرت میں ملیں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے مردہ کی طرف سے صدقہ کرے۔ تو مرنے والے کو 700 نیکیاں ملیں گی۔ اور جب وہ انسان خود دوسرے جہاں جائے گا۔ تو اُس کو عالمِ برزخ میں 7000 نیکیاں ملیں گی۔ یہ جان لیں کہ یہ اللہ کا قانون ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ لہٰذا اپنا اور خصوصاً اپنے والدین کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ اسلئے کہ دونوں جہانوں میں آپکا ہی فائدہ ہے۔

صدقہ کا فائدہ

جانے والوں کے لئے بھی صدقہ کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے! دُنیا میں ایک دیں۔ تو آخرت میں اُس کا ثواب (ستر گنا) ملتا ہے۔ لیکن اگر آپ کے عزیز جو اگلے جہاں چلے گئے ہیں۔ اُن کے نام کا صدقہ کیا جائے۔ تو اُن کو سات سو گنا ملتا ہے۔ اور جب دینے والا اگلے جہاں خود پہنچ جائے گا، تو اُس کو سات ہزار گنا ثواب ملے گا۔

حمل ♈	ثور ♉	جوزا ♊	سرطان ♋	اسد ♌	سنبلہ ♍	میزان ♎	عقرب ♏	قوس ♐	جدی ♑	دلو ♒	حوت ♓

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر **103** اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ **2023**ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیّارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَری وَالزُحل وَالزُھرہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَاس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o

خصوصی نوٹ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت و خاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: **042-35872277**

موبائل: **0300-9483758** **دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی**

برج	نشانات بروج	ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ	نافع الخوراک	معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش
حمل	♈	مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر	کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
ثور	♉	آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ	کلونجی اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
جوزا	♊	مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات	شہد اور دودھ	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔
سرطان	♋	کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل	سیب یا تربوز اور دودھ	شیر یا چیتا (چڑیا گھر جا کر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے
اسد	♌	کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ	سبز الائچی ملا دودھ	چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے
سنبلہ	♍	گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ	ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ	طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے
میزان	♎	آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر	دودھ اور شہد	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے
عقرب	♏	ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار	سیب، شہد دودھ	کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے
قوس	♐	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ	بادام، شہد دودھ	بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے
جدی	♑	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے، گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ	شہد، سبز الائچی دودھ	متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔
دلو	♒	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل	پھلوں کے رس اور دودھ	آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔
حوت	♓	چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات	مصری الائچی دودھ	گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش

حمل ♈ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

ثور ♉ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جوزا ♊ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سرطان ♋ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

اسد ♌ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سنبلہ ♍ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

میزان ♎ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

عقرب ♏ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

قوس ♐ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جدی ♑ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

دلو ♒ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

حوت ♓ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

نقش نوروز عالم افروز شائقین وقارئین زنجانی جنتری کیلئے نقش مہر نبوت اور طلسم ہر برج وستارے کا صفحہ نمبر 77-76 پر پیش خدمت ہے، یہ خاندان زنجانیہ عالیہ کی طرف سے آپ کیلئے روحانی تحفہ ہے۔ جو بہن بھائی اعمال نوروز 2023ء کریں اور جو نہ بھی کریں۔ وہ بوقت نوروز یا پھر اسی دن اپنے

برج کا نقش نوروز کاٹ کر لیمینیشن کروا کر اپنے والٹ (پرس) میں یا پھر چاندی یا چمڑے میں مڑوا کر دو نفل حاجت ادا کر کے با پرہیز دائیں بازو یا پھر گلے میں بھی پہن سکتے ہیں۔ بفضلِ تعالیٰ جس جائز مقصد کیلئے پہنیں گے، اُس مقصد میں جلد آسانیاں پائیں گے۔ **دعاگو شاہ زنجانی**

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا، تو اُسے حق ہوگا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔(ارشاد امام علی رضاؑ)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔قبل ازیں پانچ روپے کے شرفِ مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔**12** سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت لاتی ہیں۔انہی ساعتوں کو عامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔شرفِ مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔اس نوٹ کی، کی **(Key)** اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔تبھی شرفِ مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد **3** ہے۔اسی طرح **اللّٰہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر **3** سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔شرفِ مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی **2** ہزار روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔انکی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرفِ مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کیساتھ **50** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔بیرونِ ملک رہنے والے بہن بھائی اپنے رہائشی ملک کا نوٹ بھی بنوا سکتے ہیں۔(**رابطہ: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی 0300-9483758**)

إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

جبرائیل — یٰس — عزرائیل — محیط — اللہ — کھیعص — باسط — حکم — طٰس — اسرافیل — میکائیل

یا نور

یا غنی — یا رزاق

یا منعم — یا وھاب

شرفِ مشتری کا تحفہ: عکس شرفِ مشتری کاٹ کر یا فوٹو کاپی کروا کر بروز جمعرات طلوعِ آفتاب کے بعد دعائیں کر کے جنوب کی طرف لگائیں تاکہ شمال سے آنے والی مقناطیسی شعاعیں پڑتی رہیں، خیر و برکت آتی ہے۔روزانہ خوشبو اگر بتی صبح و شام روشن کریں۔

نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری								تیسری						چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
		ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
		300	400	500	600	700	800	900	1000	

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروفِ ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال اُن پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپ کے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کیجیے۔ پھر اِسی برج کے تحت نیک و بد سالانہ حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔ صفحہ نمبر 185 ملاحظہ کریں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپکے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنا نام کا برج معلوم کیجیے۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروفِ ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کیجیے۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے تو اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

آپ کا برج کونسا ہے؟

قارئین زنجانی جنتری 2023ء، 12 امامیہ جنتری 2023ء، البیرونی تقویم 2023ء اور ماہنامہ آئینہ قسمت اپنے حالات جاننے کے لئے اس صفحہ کے ساتھ ساتھ صفحہ نمبر کا بھی علمی مطالعہ ضرور کریں۔

بیلادِ اسلامیہ پاکستان کی مایہ ناز اسلامی تقوم زنجانی جنتری اپنے 76 ویں مسلسل اشاعت میں اپنے نئے انداز کے ساتھ شائع کی جارہی ہے علوم فلکیات کے بین الاقوامی ادارہ ناسا (NASA) کی تحقیق کے مطابق ہماری زمین نارتھ پول اپنے ایکسل سے تقریباً 24 درجے سرک چکی ہے جبکہ زمین وآسمان کے کل 360 درجات ہیں 2020ء / 2021ء پوری دُنیا میں انقلابی سال ثابت ہوئے۔ منجمین کے نزدیک 26 دسمبر 2019ء سات ستاروں کے اجتماع اور ان میں لگنے والا سورج گرہن اسی دن سورج گرہن نے پوری دُنیا میں انقلاب برپا کردیا۔ 2021ء سے ہم زنجانی جنتری کو مستقبل کیلئے فطرتی علم نجوم کے تحت شائع یونانی سکول آف تھاٹ سے تبدیل کرکے ویدک نجوم (VEDIC ASTROLOGY) میں تبدیل کردیا ہے۔ ہم قارئین زنجانی جنتری کی اجازت سے ہم زنجانی جنتری کو ویدک نجوم میں تبدیل کرکے شائع کرنے کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں۔ **انگریزی کیلنڈر پوپ گریجوری جو کہ عیسائیت مذہب کے روحانی پیشوا تھے انھوں نے اکتوبر 1582ء جولین کیلنڈر میں 15 دن کی کمی کرکے اسے جارجئین کیلنڈر کا نام دیا** اور جس میں مہینے 28 سے 31 دن پر لے گئے اور ہر 4 سال کے بعد کو لیپ کا سال قرار دیا۔ یہ ترامیم صرف اور صرف ایسٹر کی تقریبات کو ہر سال ایک ہی تاریخ پر منانے کے لئے کیا گیا جس میں وقت کے ماہر فلکیات کی خدمت بھی لی گئی شروع میں اسکی مخالفت کی گئی لیکن بعد میں یونان وہ آخری ملک تھا جس نے 1923ء میں اسے اپنالیا اور اب پوری دُنیا میں یہی کیلنڈر رائج ہے۔ قارئین جنتری کیلئے یہ مثال از بس ہماری جانب سے ضروری ہدیہ ہے تاکہ آپ کا علمی شوق بلند ہو اور لکیر سے فقیر بننے کی بجائے ہم علمی تحقیق کو جان کر حقائق علم نجوم کو طلبہ شائق علم نجوم کو عام کریں جبکہ اساتذہ نجوم اس بات کو پہلے سے جانتے ہیں اور ایک دلچسپ بات جو کئی سالوں سے مشاہدے میں چلی آرہی ہے پاکستان بھر کے 99% منجمین جن میں ہم بھی شامل ہیں سبھی ویدک علم نجوم سے ہی زائچے بنا کر اپنے سائلین کی خدمت کرتے ہیں نا صرف بلکہ سوشل میڈیا پر جب اپنا کوئی پروگرام کررہے ہوتے ہیں تو بحساب ویدک نجوم سے ہی آسمانی کونسل پر ستاروں کا مشاہدہ کرتے ہوئے اپنے بنائے گئے زائچے میں ماضی حال مستقبل کی پیش گوئیاں کرتے ہیں اور ویدک نجوم ان دنوں پوری دُنیا خصوصاً یورپ امریکہ میں مقبولِ عام ہورہا ہے۔ یونانی نجوم کے ماننے والے اپنی علمی تحقیق جاری رکھیں ہم اُن سب کے لئے بھی دُعا گو ہیں اور ہمیں اعتراف ہے کہ ہم نے ماضی کے 75 سال اپنے ماہنامہ آئینہ قسمت، زنجانی جنتری کو یونانی حساب سے ہی شائع کرتے رہے ہیں۔ تحقیق علم نجوم (NASA) نے ہمیں گزشتہ چند سالوں سے متوجہ کئے ہوئے تھا جس کا تذکرہ ہم نے اپنی زنجانی جنتری 2019ء کے صفحہ نمبر 92 پر کیا تھا۔ 2021/2020ء کے عالمی انقلابی سال نے ہمیں فلکیاتی دعوت دی کہ ہم زنجانی جنتری کو فطرتی علم نجوم کے تحت یونانی سکول آف تھاٹ سے ویدک نجوم میں تبدیل کردیں۔ ہمیں امید ہے کہ ہم نے آپ کیلئے جو یہ علمی تبدیلی ریسرچ کے بعد کی ہے آپ اس تبدیلی کو باخوشی قبول کریں گے۔ اور کسی بھی قاری کی سمجھ میں کوئی سوالیہ نشان ہوا تو منجم زنجانی برادر اور پاکستان اسٹرولوجرا کیڈمی کی جانب سے ہم آپ کو مطمئن کرنے کی یقینی کوشش کریں گے۔ اس کے باوجود دُنیا میں یونانی نجوم بھی جاری ہے اور جاری رہے گا اور ہماری بھی یونانی نجوم سے طویل وابستگی رہی ہے ہم اس اعتراف اور (NASA) کی ریسرچ کے مطابق زنجانی جنتری وآئینہ قسمت کو یکم جنوری 2021ء سے ویدک نجوم پر تبدیل کرچکے ہیں۔ ستاروں کے تمام شرف وہبوط بھی ہم یونانی اور ویدک نجوم کے تحت شائع کررہے ہیں۔ 2023ء کی سالانہ تقویم سیارگان ہم اس سال یونانی اور ویدک دونوں دے رہے ہیں تاکہ آپ تمام ستاروں کی تقویم میں 24 درجے کا فرق بآسانی معلوم کرسکیں۔ مثلاً: چاند اگر صفر درجے برج حمل میں بحساب یونانی ہو تو ویدک نجوم کے تحت یہ 24 درجے پیچھے برج حوت 6 درجہ پر ہوگا۔ بس آپ اسی ایک مثال سے تقویم سیارگان 2023ء میں ستاروں کا مشاہدہ بآسانی کرسکتے ہیں۔

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفر دنمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یارسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہرا السلام علیکم یاامیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکر ونکیر کو باآدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعاگو:۔ شاہ زنجانی

2023ء آسمانی کونسل پر آپکی زندگی میں دوا اور دُعا سے تقدیر بدلنے کا سال دکھائی دیتا ہے چار اہم ستاروں زحل، مشتری، راہو، کیتو کی امسال بروجی تبدیلی بیت النصیب اور بیت الاعداد کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری بارہ سال کے بعد شمسی زائچے کے بارہویں گھر **21** اپریل **2023**ء رہتے ہوئے گزشتہ پیدا شدہ تمام مشکلات پر قابو پایا جاسکے گا۔ دوسروں کی مدد اور تعاون سے **2023**ء آپکی زندگی پر ایک ایسا یادگار سال بن کر طلوع ہوا ہے جسے آپ ہمیشہ اپنی مستقبل کو درخشاں بنانے کی کوشش اور پلاننگ کے طور پر یاد رکھیں گے زائچے کا بارہواں گھر جو ہمیشہ رکاوٹیں اور ناگہانی پریشانی اور سازشوں سے منسوب ہے سعد اکبر ستارہ مشتری کے بارہ سال بعد یہاں آمد آپ کے دشمنوں کو زیر کرنے کے علاوہ آپ کی ذاتی زندگی میں خداشناسی اور اپنی روحانیت کو بلند کرنے کیلئے ایسے نیک روحانی وسائل میسر آئیں گے جن کا پہلے کبھی تصور بھی نہ ہوگا۔ حج، عمرہ، زیارات مقدسہ کرنے کا شوق وجنون بڑھے گا عبادت اور ریاضت اور کسی خصوصی اسم اعظم کے ورد سے آپ اپنی روحانی صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہوتا محسوس کریں گے بیرون ملک سفر، قیام، حصول امیگریشن کے علاوہ زمین جائیداد پراپرٹی حسب حیثیت سواری کا حصول آسان ہوگا ایسے حملی افراد جو دیرینہ اور پیچیدہ امراض میں مبتلا چلے آرہے ہیں انہیں شفاء کاملہ کیلئے کوئی مسیحا ڈاکٹر یا مرشد کامل مل جانے سے آپ کی تقدیر سنور جائے گی حصول وراثت اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں بھی نفع پائیں گے ستارہ مشتری **22** اپریل سے آئندہ سال بھر کیلئے آپ کے شمسی طالع میں آنے سے مزید خوش بختیاں لائے گا تاہم راہو کے طالع اور ساتویں کیتو ہونے سے اپنی محنت سے حاصل کی گئی عزت اور توقیر کو سنبھالنے پر اپنی خصوصی توجہ مرکوز رکھیں۔ ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ نئے آئیڈیاز نئی ایجوکیشنل برانچز میں حصہ لینے سے آپ اپنے پیشہ ورانہ کیریئر کو مزید بہتر بنا سکیں گے حاسدین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وتوقیر سے آپ کے خلاف ناکام سازشیں کر سکتے ہیں خصوصاً آپ کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **12** مارچ، **10** مئی تا **30** جون کمزور پوزیشن میں ہونے سے ان بھی ایام خصوصاً منگل کے دن سرخ چیزوں یا کلیجی پھیپھڑے کا صدقہ جانوروں کو دینا رد بلا ثابت ہوگا۔ بیت العزت اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ تیس سال بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** مارچ **2025**ء اپنے ذاتی گھر برج دلو میں آنے سے آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل اس بھی عرصہ میں مجموعی طور پر ممکن ہو سکے گی کچھ پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور انکی جگہ بہتر اور وفادار دوستوں کا اضافہ ہوگا مجموعی طور پر کاروباری حضرات کیلئے **2023**ء ایک نفع بخش سال ثابت ہوگا۔ زمین جائیداد پراپرٹی اور اسی نوعیت کے اہم امور میں آپ نفع پائیں گے مستقل ذرائع آمدن کیلئے کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہونگی آپ کی مثبت سوچ اجتماعی طور پر بہت سارے لوگوں کیلئے نفع بخش ثابت ہوگی آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے متعدد سماجی سیاسی روحانی کام انجام پائیں گے تاہم **20** اپریل سورج گرہن اور **29** اکتوبر چاند گرہن طالع میں لگنے سے **15** دن قبل تا **15** دن بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات کثرت سے دیتے رہیں اپنے معلوم ونامعلوم حاسدین کو اپنے بدارادے سے باز رکھنے کیلئے **27** مرتبہ سورۃ الکوثر اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعائیں کرنا ان ایام میں معمول بنالیں۔

آپ کی شخصیت:۔ آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ دوسرے وبال یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے آپ کو پہلے سے زیادہ جستجو محنت اور حاضر دماغی کی ضرورت ہوگی 13 مارچ تا 10 مئی مریخ تیسرے آنے سے آپ کی انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ اپنی ذہانت کے سبب مشکلات پر قابو پایا جا سکے گا تاہم اپنی تیز طبع سے دوسروں سے اپنے تعلقات میں بگاڑ سے کام نہ لیں 10 مئی تا 30 جون گھریلو خاندانی حالات زمین جائیداد و وراثت کے حصول کیلئے بزرگوں سے مشاورت از بس ضروری ہوگی تبھی کچھ فوائد ملیں۔ مریخ زحل تثلیث 28 مارچ تا 02 اپریل آپ کے اندر خود اعتمادی اور اپنے اہم کاموں میں تکمیل کی صلاحیت پیدا ہوگی۔ مریخ زحل مقابلہ 21,20,19 جولائی آپ کے بعض اہم کاموں میں بگاڑ کا اندیشہ محتاط رہیں اس کے علاوہ مریخ مشتری تربیع 20 تا 26 مئی اور مقابلہ 27 تا 30 اکتوبر ہونے سے آپ کے بیرون ملک کسی بھی قسم کے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں بلاوجہ قانونی مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ 28 اپریل، 05 مئی اور 29 اکتوبر کے گرہن آپ کی صحت اور دوسروں سے تعلقات متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں ان ایام میں خصوصی صدقہ وخیرات ضرور دیں 2023ء کا مفرد نمبر 7 ہونے کے سبب 7 مزارات پر نوچندے پیر، منگل یا جمعرات کے دن 2 کلو نمک زائرین کے تبرکات کیلئے صاحب مزار کو فاتحہ ہدیہ کرنے کے بعد نمک دان میں ڈال دیں یہ اس سال کا بہترین روحانی تدارک ہے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 11 مارچ شرف یافتہ 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافہ 2023ء خصوصاً مستقل آمدن کے اضافے کیلئے بھی کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہونگی نئے کاروباری مالی وسائل و اسباب سے آپ لطف اندوز ہو سکیں گے کم محنت سے بھی ذرائع آمدن میں اضافہ ممکن ہے تاہم ستارہ زہرہ 12 مارچ تا 05 اپریل 03 نومبر تا 30 نومبر اور 25 تا 31 دسمبر وبال و ہبوط یافتہ ہونے کے سبب اپنا قیمتی روپیہ لالچ میں آ کر دوسروں کو مت دیں دوسروں کے دامن فریب میں آنے سے بچیں اپنے روپے کی کسی بہتر جگہ ٹھوس سرمایہ کاری کرنے کو ترجیح دیں مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی، یکم اکتوبر تا 18 اکتوبر عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے بہن بھائیوں اور عزیز واقارب ہمسائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اندرون ملک کئے گئے سفر نفع بخش ثابت ہونگے غیر متوقع خوش بختیاں عطارد مریخ تثلیث 23,22 فروری عطارد مریخ تثلیث 9,8,7 اپریل 22,21 جون عطارد مریخ قران 30,29,28 اکتوبر اور 28,27 دسمبر ان سبھی سعد ایام کو نوٹ فرمالیں تاہم عطارد مریخ تربیع 18,17,16 مارچ غیر متوقع طور پر مکینیکل اور الیکٹرونک چیزوں میں خرابی کا اندیشہ قبل ازیں اپنی ذاتی استعمال کی اشیاء خصوصاً اپنی گاڑی کا لمبے سفر سے قبل چیک اَپ ضرور کروالیں ان ایام میں عزیز واقارب کو تحفے تحائف دینا بھی ایک بہترین حُسن عمل ثابت ہوگا۔ مخلصین سے اپنے لئے دُعائیں بھی ضرور کروائیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد بیت الاولاد سے بیت المرض برج دلو میں 17 جنوری 2023ء سے 29 اپریل 2025ء چلا جائے گا اس اہم ستارے کی تبدیلی صاحب اولاد افراد کے تفکرات میں اضافہ ان کی خرابی صحت تعلیم و تربیت شادی بیاہ کے معاملات وسائل و مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں 2023ء اولاد کے علاوہ انعام اور محبت کے معاملات میں سراب جیسی کیفیت رہ سکتی ہے۔ اسٹاک شیئرز میں دلچسپی لینے والے سنبلی افراد کسی نقصان عظیم سے بچنے کیلئے محتاط رہیں ہر کام پھونک پھونک کر کرنے میں ہی عافیت رہے گی پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں حصہ لینے کے شوقین 24,23,22 جنوری، 19,18,17,3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,14,13,12,11,10,9 مئی، 30,18 جون، 28,27 جولائی، 23,22 اکتوبر، 18,17,16,15,14,13 نومبر، یکم، 22,21,12,10,9,8,7,6,5,3,2 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء چھٹے گھر میں آنے سے صحت و تندرستی کے معاملات نہایت اہم ہونگے ارضی و سماوی امراض سے بچنے کیلئے 2 قطرے روزانہ کلونجی آئل پانی میں ملا کر 70 مرتبہ سورۃ الفاتحہ دم کر کے پینا جسمانی اور روحانی شفایابی بحالی کیلئے اچھا عمل ثابت ہوگا یہی عمل آپ اپنی فیملی کو بھی کرنے کی تاکید کر سکتے ہیں 2023ء ملازمت اور پیشہ ورانہ معاملات کیلئے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے غیر ذمہ درانہ فرائض کی ادائیگی شوکاز نوٹس تنزلی یا پھر ملازمت کے خاتمہ کا باعث بن سکتی ہے آپ پر لازم ہے کہ 2023ء کو نہایت ذمہ داری سے انجام دیں۔ ستارہ زحل 17 جون تا 07 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خواہ آپ کی عمر 40 سے کم ہو یا زیادہ اپنا بلڈ پریشر، کیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس کا چیک اَپ ضرور کروائیں ذہنی اور نفسیاتی مسائل اور پریشانیوں سے بچنے کیلئے سب سے آسان طریقہ تمام دن باوضو رہیں اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرتے ہوئے شکر بجا لائیں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہو سکے گا۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد ساتویں اپنے گھر میں 22 اپریل 2023ء تک سعد پوزیشن میں ہونے سے شراکتی ازدواجی معاملات میں خیر و برکت اور شادی کے خواہاں افراد کے رشتے طے ہونے کیلئے جنوری، فروری، مارچ، اپریل نہایت اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں دیرینہ شادی کے خواہاں افراد کو یقیناً شادی کی خوشیوں کے ساتھ لائف پارٹنر کے نصیب سے مال و اسباب اور دیگر کئی طرح کی نعمتیں بھی مل سکیں گی آپ کی اعلیٰ ظرفی اور خوش اخلاقی دوسروں کی نظر میں آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا اس سال شادی ہونے والے افراد کو اولاد نرینہ کی خوشیاں بھی جلد میسر آئیں گی۔ بیرون ملک شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی مراد بھی بر آئے گی ستارہ مشتری 22 اپریل 2023ء سے یکم مئی 2024ء برج تبدیل کرئے شراکت کے خانہ مال میں آنے سے بعض سنبلی افراد کی انتہائی دولتمند شریک حیات سے شادی ہوگی اس خوبصورت بندھن سے زوجین کی عزت دولت نعمتوں میں اضافہ ہوگا معاشرے میں اعلیٰ مقام اور ایسے جوڑے اپنے آپ کو خوش قسمت تصور کر سکتے ہیں مشتری عطارد سعد نظرات 19,18,17 فروری، 29,28,27 مارچ، یکم، 2 جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 19,18,17,9,8,7 دسمبر بننے سے مذہبی لگاؤ خود اعتمادی اور ہم مسلک و قریبی احباب سے تعلقات میں بہتری اور قریبی تعاون آپ کی زندگی میں ایک نئی روح پھونک دے گا اور آپ ایک نئے جذبے کے ساتھ اجتماعی طور پر سبھی کی خیر و برکت اور انہیں سکھ پہنچانے کیلئے کئی ایک روحانی اور دنیاوی کوششیں کریں گے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2023ء وراثت کے گھر ایک اہم ستارہ راہو 29 نومبر یہاں مقیم رہتے ہوئے مشترکہ مفادات کے کام

انتہائی احتیاط طلب ہونگے شراکتی و وراثتی امور ستارہ مشتری کے 12 سال کے بعد 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء یہاں رہتے ہوئے شراکتی و وراثتی امور خوش اسلوبی سے اس عرصہ میں طے پاسکیں گے کوئی بڑا انعام یا انشورنس کلیم خواہاں افراد کو مل سکے گا 2023ء مشترکہ منصوبوں وسائل جیسے کاروباری شراکتی امور کے لئے سعد اور خوش قسمتی کا وقت دکھائی دیتا ہے مذہبی اور روحانی خوشگوار تجربات ضرورت کے مطابق قرض بھی بآسانی مل سکتا ہے ممکنہ قرض لینے سے اعتراض کریں مریخ مشتری نحس نظرات 20,21,22,23,24,25,26 مئی، 27,28,29,30 اکتوبر دوسروں کے ساتھ اصولوں پر تصادم مقدمہ بازی جیسے خدشات اُجلت کے کاموں سے بلاوجہ مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں محتاط رہیں۔ 28 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن اس گھر میں لگنے سے حادثات سے جانی و مالی نقصانات کے خدشات ان ایام سے ہفتہ قبل تا بعد حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ یوں تو اس سال آپ کو بے پناہ سعادتیں دے گا تاہم تیسرے آٹھویں نحس گھر کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ اسی گھر میں رہتے ہوئے آپ کی روحانیات اور روحانی دلچسپیوں میں آپ ایک نئے عزم و جذبے سے اپنے اندر مذہبی جنونی کیفیات جزوی طور پر محسوس کریں مذہب خالصتاً آپ اور اللہ کا معاملہ ہے مذہبی جذباتی امور میں بلاوجہ پڑ کر دوسروں کی دل آزاری سے اجتناب برتیں ورنہ آپ کی عزت میں کمی رسوائی کا اندیشے دکھائی دیتے ہیں انہی ایام میں قانونی امور و وسائل توجہ کے طالب ہونگے بیرون ملک غیر قانونی طور پر جانے سے قانونی مسائل و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ستارہ زہرہ عطارد سعد نظرات 12,13 مئی، 16,17,18 جون، 27,28 جولائی، 15,16,17,18 نومبر، 10,11,12 دسمبر بننے سے بیرون ملک معاہدے اور سمجھوتوں کی روح آپ کے اندر ایک نیا جذبہ پیدا کرے آپ اپنے کئے گئے معاہدوں کو نہایت ذمہ داری سے انجام دینے کی کوششوں میں کامیاب ہوں کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے بیرون ملک کئے گئے سفر نفع بخش ثابت ہوں طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے حسبِ خواہاں بیرون ملک جاسکیں۔ ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 30 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے نصیب یاوری کرانے کے ساتھ ساتھ حج و عمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی نیک خواہشات پوری ہوسکیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ طالع اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 07 تا 24 جون عروج یافتہ، یکم تا 17 اکتوبر شرف یافتہ، 18 اکتوبر تا 26 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے عزت و کاروبار میں بڑھاوا عطا کرے گا اس سال بھی چار اہم کواکب کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو پہلے جیسی سعادت آپ کو نہ دیں گے لہٰذا کام کاج میں اس سال آپ کو کچھ زیادہ ہی محنت کرنی پڑیگی ان سعد ایام میں کی گئی کوششیں کیرئیر اور عزت میں بڑھاوے کا باعث بنیں عطارد زہرہ مشتری سعد نظرات 3,4,5 جنوری، 17,18,19 فروری، یکم 2,3,27,28,29 مارچ، 4,5,6,12,13,14 مئی، 16,17,18 جون، یکم 2,27,28 جولائی، 9,10,11 اگست، 3,4,5,24,25,26 ستمبر، 21,22,23 اکتوبر، 13,14,15,16,17,18 نومبر، 7,8,9,10,12,17,18,19 دسمبر بننے سے آپ اپنے مستقبل کے کاروباری کیرئیر کو درخشاں بنانے کیلئے اہم فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے آپ کی مثبت سوچ اور اپنے ہم عصر کاروباری دوستوں سے آگے نکلنے کیلئے جدت پسندی اپنائیں گے۔ یوں توقع کی جاسکتی ہے کہ آپکی کی گئی محنتیں ثمر آور ثابت ہوں حکام اور اہم شخصیت سے روابط اور مشاورت میں اضافہ آپ کی تخلیقی کاروباری صلاحیتوں کو بھی سراہا جائے گا اور دوسرے آپ سے مشاورت کرنا پسند کریں گے۔ عطارد زہرہ مشتری نحس نظرات 10,11,12,13 جون، 17,18 جولائی، 20,21,22,23,24 اگست، 15,16,17,18,19 ستمبر، 28,29 اکتوبر، 9,10,11 دسمبر کاروباری مخاصمت اور مخاصمت حسد نظر بد جادو ٹونے جیسے بد اثرات کے اندیشے پائے جاتے ہیں زحل کے چھٹے مشتری کے آٹھویں نحس گھر میں ہونے کے سبب ان متوقع نحوستوں سے بچنے کیلئے ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات یا ہفتہ کے دن 60 سے زیادہ مرد وزن کی خدمت متوقع ناقص ایام کا بہترین صدقہ اور یوں بھی سارا سال اَستَغْفِرُ اللہ لاتعداد یا 786 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی تمام حل المشکلات کیلئے دُعائیں کرتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ 2023ء توقعات اور خواہشات کا حاکم ستارہ آٹھویں نحس گھر راہو کے ہمراہ ہونے

اور اس سال اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کی خواہشات بھی وقتاً فوقتاً حالات وواقعات کے مطابق بدلتی رہیں گی دوستوں سے وابستہ توقعات اگر چہ پوری ہونگی لیکن آپ کی جانب سے ان کے لئے حسبِ منشا ایسا جو ابا ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا ایسا بوجہ مجبوری بھی ہو سکتا ہے مگر جب آپ کا موقعہ ملے تو احسان کا بدلہ احسان سے ضرور چکائیں۔ جائیداد کی خرید وفروخت اگر چہ نفع بخش ہوگی تاہم اس میں بھی وہ اطمینان نہ ملے گا جس کے آپ خواہاں ہونگے بیت الامید کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ برج ثور اور سرطان میں آکر پانچ دن اپنا بہترین ثمرہ عطا کرتا ہے جبکہ اس کے برعکس چاند کا برج عقرب اور جدی میں پانچ دن کیلئے آنا مشکلات اور آزمائش جیسے واقعات رونما ہو سکتے ہیں جنتری ہذا سے پورے سال کا داخلہ فی البروج بآسانی ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ اس سال کا بہترین صدقہ سفید کپڑا بطور کفن پیر کے دن سماجی مذہبی سوشل اداروں کو بطور صدقہ دیکر رسید حاصل کرنا اس سال کا بہترین صدقہ شمار کیا جاسکتا ہے صوفی ازم روحانیت مراقبہ قرآنی ذکر اذکار دُعائیں درود شریف کثرت سے پڑھنا اطمینان قلب ذہنی سکون نا گہانی آفات وبلیات سے آپ کو محفوظ اور طاقتور کرنے کا بہترین روحانی عمل ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:- 2023ء میں بھی آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی نحس گھروں میں بروجی تبدیلی اور بیت الاعداد کے حاکم ستارہ شمس کی سالانہ گردش 14 جنوری تا 15 مارچ، 18 اکتوبر تا 16 نومبر ستاروں کی کمزور پوزیشن کے سبب چڑچڑا پن، خوف واضطراب، خرابی صحت ہائی بلڈ پریشر جیسے اندیشے دوسروں سے شکوک وشبہات لڑائی جھگڑے ناراضگی جیسے واقعات پیش آنے جیسے غیر متوقع واقعات ہو سکتے ہیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے بیرون ملک حصول امیگریشن اور ملک سے کسی اعلیٰ مستقبل کی تلاش آپ کو اپنے وطن سے دُور لیکر جاسکتی ہے بوقت ہجرت فلسفہ ہجرت سرکار دو عالم ﷺ کی ہجرت مکہ تا مدینہ کے وسیلے سے دُعا کریں کہ آپ کی ہجرت باعث برکت ثابت ہو۔ 24 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء ستارہ مشتری کی بارہویں گھر کو سعد نظر روحانی ارتکاز توجہ مراقبہ چلّہ کشی دیگر روحانی علوم وفنون میں آپ کی دلچسپیاں اس عرصہ میں یقیناً بڑھ جائیں کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیض بھی پائیں اپنے آپ کو با آدب ثابت کر کے صاحب نصیب بن سکتے ہیں۔

سنبلی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:- 2023ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن اچانک آزمائش ومشکلات کا اشارہ ہیں 28 اپریل آٹھویں سورج گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی اور اہم لوگوں سے مشترکہ لین دین کے امور پر شکوک وشبہات کے سبب تنازعات جنم لے سکتے ہیں 05 مئی خانہ مال میں چاند گرہن لگنا کسی بڑے کاروباری نقصان یا مالی لین دین میں فکر و پریشانی کا اشارہ ہے 14 اکتوبر سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی عزت وساکھ خرابی صحت حادثات نا گہانی مسائل و پریشانیاں اور آپ سے قریبی لوگوں کی مسائل و پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے 29 اکتوبر چاند گرہن پھر آٹھویں لگنے سے حادثات خرابی صحت اور دوسروں سے اختلاف رائے کے اندیشے دکھائی دیتے ہیں ان ایام گرہن سے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقات وخیرات ضرور دیں ان ایام میں دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیوں کے دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:- 2,9,11,16,20,24,29,30 جنوری، 6,9,10,14,18,19,23 فروری، یکم 12,16,17,19,22,27,28 مارچ، 2,5,8,12,17,21,24,26 اپریل، یکم, 2,9,12,13,18,19,23,28 مئی، 5,7,10,11,17,21,22,28,30 جون، یکم ,8,10,13,19,25,27,30 جولائی، 8,13,18,23,28 اگست، 4,6,9,14,19,23,25,30 ستمبر، 3,4,8,14,19,20,24 اکتوبر، 3,9,14,15,19,24 نومبر، 4,8,9,12,14,18,21,22,31 دسمبر۔

نحس تواریخ:- 7,14,26 جنوری، 3,12,22,26 فروری، 2,15,30 مارچ، 3,7,15,28 اپریل، 5,11,25 مئی، 2,9,15,25,26 جون، 3,11,17,24,28 جولائی، 2,3,10,26 اگست، یکم 7,21,28 ستمبر، 2,5,21,22,29 اکتوبر، 4,6,10,22,27,29 نومبر، 7,20,27,28 دسمبر۔

روحانیات کے سال 2023ء کے مفرد نمبر 7 میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ 2023ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یا رسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہرؑا السلام علیکم یا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکر و نکیر کو با آدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آ جائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء آسمانی کونسل ہر گزشتہ سال کی طرح چار اہم کواکب زحل، مشتری، راہو، کیتو برج تبدیل کریں گے ان کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی کے روز وشب نشیب وفراز بدل دیگی گزشتہ مسائل پریشانیاں بتدریج 17 جنوری اور خصوصاً 24 اپریل کے بعد حالات میں بتدریج خیر و برکت عزت و ترقی کے مواقع ملیں گے 2023ء آپ کی زندگی کا ایک غیر معمولی اہم سال دکھائی دیتا ہے زمین جائیداد پراپرٹی از قسم زرعی جائیداد سے بھی بہتوں کو فائدہ ملے اس سال پرائز بانڈ یا انٹرنیشنل لاٹری سے کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے تاہم صاحب اولاد کو اپنے جوان سال بچوں سے تعلقات میں ایک حد نظم وضبط مقرر کرنے کی ضرورت ہوگی ورنہ انکی جانب سے بے راہ روی زمانہ انہیں بھی بہکا سکتا ہے اس اہم خانگی مسئلے کو معمولی خیال نہ کریں حسبِ خواہاں شادی شراکت داری اور ان سے متعلقہ معاہدوں کی پاسداری اتفاق واتحاد سے اطمینان بخش نتائج نکلیں گے اندرونِ اور بیرونِ ملک نئی تعلق داریاں مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے حوصلہ مندی خوشی اور شادمانی کا باعث بنیں اس سال جن افراد کی شادی ہوگی انہیں خوش بخت شریکِ حیات ملے 18 سال کے بعد کیتو کا طالع اور راہو کا ساتویں آنا کچھ آزمائش و پریشانیاں از قسم رشتہ داروں حاسدین ومخالفین کی جانب سے خوف و پریشانی نظر بد جادو ٹونہ کے خدشات بھی نظر انداز نہیں کئے جا سکتے۔ حاسدین کی بدنظری آپ کی روح میں بے چینی اور ہالہ نور میں کمزوری کا اشارہ یوں تو شریکِ حیات سے خانگی اور ازدواجی خوشیاں میسر آئیں تاہم اچانک اختلاف رائے اور آپ کے لائف پارٹنر کی خرابی صحت جو خدانخواستہ طویل ایام پر ہو تو یقین کیا جاسکتا ہے کہ آپ اور آپ کی فیملی کسی حاسد اور دشمن بد بخت کی جانب سے نظر بد سفلی اور سحری عملیات سحر جادو کا شکار ہے۔ ایسے میں مخلصین صاحب روحانیات مذہبی افراد کی خدمات اور دُعاؤں سے فیض حاصل کریں 28 اپریل سورج گرہن اور 29 اکتوبر چاند گرہن کا ساتویں گھر لگنا دوسروں سے تعلقات میں خرابی شریکِ حیات اور شریکِ کار سے غلط فہمیوں کے سبب علیحدگی خرابی صحت مسائل اور بلاوجہ کی پریشانیاں جنم لے سکتی ہیں۔ 05 مئی چاند گرہن کا طالع میں لگنا آپ کی حیثیت اور شخصیت خرابی صحت مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں 14 اکتوبر سورج گرہن کا بارہویں لگنا آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہوں اس کا بہترین صدقہ تمام سفید اشیاء خصوصاً سفید لباس کا صدقہ بطور کفن مذہبی سماجی سوشل اداروں میں اس نیک مقصد کیلئے جمع کروا کر رسید ضرور حاصل کریں اس کے علاوہ گھر کی چھت، پارک، اپنے آفس یا اپنی فیکٹری وغیرہ میں باجرہ چاول کا ٹوٹہ پانی کے ساتھ پرندوں کے کھانے کے لئے روزانہ رکھنا باعث برکت ثابت ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ 2023ء آپ کا حاکم ستارہ زہرہ ہمہ وقت آپ کو خوشی اور شادمانی کے حصول کی طرف راغب رکھتا ہے اور آپ خود بھی ہمیشہ خوش رہنے اور دوسروں کو خوشیاں بانٹنے کا جذبہ رکھتے ہیں قدرت نے یہ سبھی سعادت آپ کے ستارہ زہرہ میں پنہاں رکھی ہے 2023ء چار اہم کواکب زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ملے جلے حالات وواقعات کی نشاندہی کرتے ہیں نتیجۃً 2023ء میں محتاط رہتے ہوئے اپنے حاسدین ومخالفین کے شر نظر بد سے

بچتے ہوئے اپنے حالات و واقعات کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ روزانہ کا آسان اور مجرب صدقہ 2 انڈے سر سے سات مرتبہ اُلٹے وار کر گھر کی چھت یا پارک میں جانوروں کے کھانے کیلئے بطور صدقہ معمول بنالیں جب تک آپ کا یہ صدقہ جاری رہے گا آپ ہر قسم کی آفات و بلیات نظر بد سے محفوظ رہ سکتے ہیں ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 07 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی ذاتی حیثیت اور شخصیت میں اضافہ کرے اس دوران سیاسی سماجی مذہبی تقریبات میں شرکت سے عزت و توقیر میں اضافہ بزرگوں یا روحانی لوگوں سے دُعائیں لینا بھی ذہنی سکون اور اطمینان قلب کا باعث بنے اس دوران آپ دوسروں سے پیدا ہونے والے اختلافات اور مسائل بآسانی حل کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2023ء خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 13 مارچ وبال یافتہ ہونے سے مالی مسائل و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات اس دوران ماضی کی غلطیوں کو دھرائیں مت ورنہ قریبی لوگوں سے مالی معاملات پر شدید نوعیت کے مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں اپنی صحت کی بحالی کیلئے اپنے معالج سے ادویہ واغذیہ تجویز کرائیں ستارہ مریخ 10 مئی تا 30 جون ہبوط یافتہ ہونے سے ان مسائل اور پریشانیوں میں مزید شدت لاسکتا ہے جبکہ ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ اور خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ آمدن میں اضافے کے ساتھ ساتھ اخراجات بھی بلند رہیں گے مالی شراکتی تنازعات مسائل اور پریشانیاں بھی حل کی جاسکیں گی تاہم اپنا قیمتی سامان کھلا نہ چھوڑیں کہ وہ آسانی سے چرایا جاسکے۔ حساس نوعیت کے مالی معاشی معاملات سال کی ان مزید نحس تواریخ میں قابل توجہ ہونگے۔ مریخ زحل مقابلہ 19 تا 23 جولائی، مریخ زحل تربیع 27,26,25,24 نومبر ہونے سے مالی مایوسی جذباتی پن غم وغصہ پر دانشمندی سے قابو پانے کی ضرورت کے ساتھ ساتھ حسب توفیق صدقات وخیرات دیتے رہیں مریخ زہرہ زحل سعد نظرات 9,10، 24,23,22 جنوری، 31,30,29,28,19,18,17,13,12,11,10 مارچ، 2 اپریل، 14,13,12 مئی، 14,13,12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے مالی رکاوٹیں دُور ہو کر مالی استحکام اور بہتری کوشش فرمانے سے یقیناً نصیب ہوسکیں گی نئے کاروباری وسائل اور معاہدے آپ اور آپکی فیملی کیلئے مالی فوائد کا باعث بنیں مریخ زہرہ زحل نحس نظرات 6,5,4 فروری، 15,14,13 اپریل، 5 جون، 21,20,19 جولائی، 11 اکتوبر، 27,26,25,24 نومبر، 31 دسمبر بننے سے ان ایام میں معاہدے تحریر کرتے وقت مالی لین دین میں احتیاط سے کام لیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 22 اپریل عروج یافتہ چھٹے گھر میں رہتے ہوئے عزیز و قارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کی خدمات کے علاوہ سماجی سیاسی مذہبی خدمات سے آپ کی عزت وتوقیر اور مقبولیت میں اضافہ بیمار عزیز واقارب کی عیادت کرنے کی جانب آپ کی خصوصی توجہ رہے 2023ء صلہ رحمی اور صدقہ جاریہ کے کام آپ کے ہاتھوں انجام پائیں اور اندرونِ ملک کچھ ناپسندیدہ اُجلت میں سفر پیش آئیں ستارہ مشتری 22 اپریل تا یکم مئی 2024ء 12 سال کے بعد شمسی زائچے کے ساتویں آنے سے آپ کی خدمات دوسروں کیلئے قابل رشک اور مثال کے طور پر پیش کی جاسکتی ہیں عبدالستار ایدھیؒ جیسے لوگوں کو خدا چُن لیتا ہے اور وہ پکے خدا کی خدمت بطور عبادت سمجھ کر کرنے لگتے ہیں کیا آپ بھی اس لسٹ میں شامل ہو چکے ہیں؟ مشتری زہرہ سعد نظرات 5,4,3 جنوری، یکم 3,2 مارچ، (قران سعدین مشتری وزہرہ) 6,5,4 مئی، 23,22,21 اکتوبر بننے سے یہ سبھی ایام بہن بھائیوں عزیز واقارب سے خوشگوار تعلقات قائم کرنے کیلئے مفید ہیں اس دوران بہن بھائیوں کے ساتھ وقت گذارنا اور سفر کرنا وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ مشتری زہرہ نحس نظرات 13,12,11,10 جون، 24,23,22,21,20 اگست، 19,18,17,16,15 ستمبر، 11,10,9 دسمبر بننے سے غیر ضروری سفر اور اپنے حاسدین کے مابین جانے سے اعتراض کریں یہ سبھی ایام نہایت احتیاط طلب اور قریبی لوگوں سے حد ادب میں رہ کر بات چیت کرنے کا زمانہ دکھائی دیتا ہے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل اپنے تیس سال بعد اپنے اڑھائی سالہ سفر کا اختتام کرتے ہوئے 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء شمسی زائچے کے پانچویں راج یوگ کے بعد اعلیٰ مول ترکون کی قوت حاصل کرتے ہوئے خاندانی اور خانگی رونقیں بچوں کے بچوں کے باعث یا کسی اور اہم خاندانی روحانی خوشی کی تقریبات کے سبب وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں اہل خاندان کے افراد بشمولات ایک دوسرے کی مالی اخلاقی تعلیمی مدد کرنا پسند کریں خاندان کو متحد رکھنے کیلئے 2023ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے نظم وضبط اور صبر وتحمل سے اہل خاندان کے

ناراض لوگوں کے مابین صلح وصفائی کے نیک کام آپ یا آپ کے بہن بھائیوں کے ہاتھوں انجام پائیں۔ زحل زہرہ سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے زمین جائیداد پراپرٹی زراعت سے متعلقہ امور حسبِ منشا طے پائیں صبر وتحمل نظم وضبط سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات کو بہ آسانی دُور کرنے کی پوزیشن میں ہونگے اور ایسا کر لینا ہی اس وقت کا بہترین تقاضا ہے۔ زحل زہرہ نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے خاندان کے بعض حاسد افراد جن کی نظر بد اور جادوٹونہ جیسے خدشات آپ محسوس کریں تو ان سے دُوری اختیار کرنا ہی عافیت کا باعث بنے۔ گیارہ مرتبہ الصبح یا نماز مغربین کے بعد آیۃ الکرسی اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی سبھی مسائل و پریشانیوں کیلئے اپنے اور اپنے پیاروں کیلئے دُعائیں کرنا باعث برکت پائیں ان ایام میں چاول کا ٹوٹہ باجرہ ملا کر پرندوں کی دعوت کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تیس سال کے بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء پانچویں اپنے فعلی سعد گھر میں مول ترکون کی اعلیٰ قوت عطا کرے آپ کی ذہنی اور تخلیقی اور شعوری صلاحیتوں میں اضافہ ہواس گھر کا تعلق اولا د انعام محبت اور خصوصاً انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے جلد امیر ہوجانے سے بھی ہے زحل کے یہاں اڑھائی سالہ قیام انٹرنیشنل لاٹریز پرائز بانڈ میں آپ کی دلچسپیاں اچانک بڑھ جائیں جو میزانی افراد اِسم اعظم یَا عَلِیمُ یَا خَبِیرُ 962 مرتبہ بعد از نماز عشاء باوضو استخارے کی نیت سے سونے سے خواب میں لکی نمبر کی آمد کا سلسلہ شروع ہوسکتا ہے اپنے خوابوں کی یاداشت کیلئے کاغذ قلم سرہانے رکھ کر سوئیں۔ 2023ء میں آپ اپنی ذہنی صلاحیتوں کے ایک نئے ارتکائی دور سے گزر رہیں ہیں اپنی خود اعتمادی شعور وادراک کا استعمال آپ کو شعور سے لاشعوری عالم میں لیجا کر آپ کے شعور وادراک میں اضافے کا باعث بنے۔ زحل کا یہاں قیام بچوں کی تعلیم وتربیت کی طرف متوجہ کرائے گا غیر سنجیدہ جذباتی تعلقات بدقسمتی اور رسوائی کا باعث بن سکتے ہیں مسائل سے بچنے شکوک وشبہات یا غلط مشوروں سے بچنے کیلئے باوضو رہنا اور فراغت اوقات میں درود شریف کا ورد کرنا آپ کو ممکنہ مسائل اور پریشانیوں سے نجات دلا سکے گا ستارہ زحل کا اڑھائی سالہ قیام آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سماجی وسیاسی حیثیت میں اضافہ دوسروں سے خوشگوار مراسم پر مبنی تعلقات قائم ہوں مزید نئے احباب سے دانشور علماء کرام اوران کے ہم عصر افراد سے خوشگوار مراسم قائم ہوں پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں آپ کی دلچسپی بڑھے اسٹاک شیئرز اور انعامی مقابلوں میں حصہ لینے سے غیر متوقع فوائد صاحب اولاد میزانی افراد کو اپنے بچوں کی تعلیم اور شادی بیاہ کی خوشیاں نصیب ہوں ایسا خوشگوار وقت عرصہ دراز کے بعد آیا ہے 2023ء کی ممکنہ خوشیوں کو سمیٹنے کیلئے قبل از وقت پلاننگ کی گئی تو یہ سال آپ کی زندگی کا تخلیقی انقلابی اور انعام اور محبت کی دولت سے مالا مال سال ثابت ہو سکتا ہے ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ وقت قدرے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کے روز وشب اور تعلیمی سرگرمیوں پر توجہ و نظر ثانی کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں انہی ایام میں معاملات اُلفت ومحبت میں شکوک وشبہات سے بھی بچیں ایسے میزانی افراد جو پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی رکھتے ہیں اپنی قسمت آزمائی کیلئے 31,30,29,24,23,22,10,9 جنوری، 30,29,28,19,18,17,13,12,11,10 مارچ، 2, 26,25,24 اپریل، 25,24,23,22,21,20,19,14,13,12 مئی، 30,29,28 جون، 25,24,23,15,14,13,12 اکتوبر، 26,25,24,23,7,6,5 دسمبر حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**'' کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2023ء بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 22 اپریل چھٹے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ اور پھر برج تبدیل کرتے ہوئے 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء ساتویں گھر میں چلا جائے گا صحت وحفظان صحت کے اصولوں کا شوق بیدار رہے گا 2023ء مسیحا قسم کے ڈاکٹر حکیم نباض ھوالشافی روحانی شخصیات سے فیضیابی قرآن پاک سے شفا کی آیات جاننے اور دوسروں کی خدمت کرنے کا جوش وجذبہ رہے گا روحانی عبادت وریاضت روح کی تقویت اور تازگی کا باعث بنے ملازمتی فرائض کی ذمہ دارانہ انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا آپ کو افسران بالا اور حکام کی نظر میں مقبول بنائے مشتری زہرہ سعد نظرات 5,4,3 جنوری، یکم، 3,2 مارچ، 6,5,4 مئی، 23,22,21 اکتوبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ صحت

و دیگر مشکلات سے نجات ملے گی اور آپ اپنے اندر صحت و توانا شخصیت محسوس کریں گے۔ مشتری زہرہ نحس نظرات **13,12,11,10** جون، **24,23,22,21,20** اگست، **19,18,17,16,15** ستمبر، **11,10,9** دسمبر بننے سے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروا لیں یقیناً اس چیک اَپ کے نتیجے میں پوشیدہ امراض سے شفایابی کی قوت بڑھے گی سنت رسولؐ ہے ستر (**70**) مرتبہ سورۃ الفاتحہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم شدہ شفایاب پانی خود پینے کے ساتھ ساتھ اپنی فیملی کو بھی بلا ناغہ پلاتے رہیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ **2023**ء بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں یکم جنوری تا **13** فروری وبال یافتہ، **10** مئی تا **30** جون ہبوط یافتہ رہتے ہوئے شادی منگنی کے معاملات میں تاخیر لانے کا باعث بن سکتا ہے اِدھر راہو بھی **29** نومبر تک ساتویں ہونے سے شراکتی خانگی ازدواجی ناپسندیدہ واقعات لڑائی جھگڑے علیحدگی تک کے خدشات غیر متوقع طور سے دکھائی دیتے ہیں غیر اہم شخصیات کو اپنے حساس نوعیت کے معاملات میں شریک نہ کریں ستارہ مشتری **12** سال کے بعد **24** اپریل تا یکم مئی **2024**ء آنے سے بہت ساری حساس نوعیت کی مشکلات کو دُور کرانے کا باعث بنے خصوصاً رشتے ناطوں کے معاملات ایک بار پھر استوار ہو کر خوشی کا باعث بنیں۔ شادی اور شراکت جیسے سبھی امور ان مہینوں میں خوشی اور شادمانی لانے کا باعث بنیں ٹوٹے ہوئے رشتے پھر سے بحال ہونے لگیں ناراض زوجین کے مابین صلح وصفائی ہر دو خاندان کیلئے باعث مسرت ثابت ہو۔ ستارہ مریخ زہرہ مشتری سعد نظرات **10,9,5,4,3** جنوری، یکم **3,2**، مارچ، (قران سعدین زہرہ مشتری) **13,12,11,10** مارچ، **6,5,4** مئی، **31** جولائی، **3,2** اگست، **23,22,21** اکتوبر بننے سے سماجی سیاسی شراکتی ازدواجی تعلقات میں سخاوت خوبصورتی اور ایک دوسرے کے احترام کی تجدید وفا مخلصانہ انداز سے کی جائے گی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف (وراثت) کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں زمین جائیداد کے مالک زحل کے ہمراہ ہونے سے **2023**ء کا سال اس لحاظ سے اہم دکھائی دیتا ہے کہ وراثتی اور شراکتی امور میں بہتری آئے ستارہ زہرہ **15** فروری تا **12** مارچ شرف یافتہ، **06** اپریل تا **30** مئی، **30** نومبر تا **25** دسمبر عروج اور اوج کے گھروں میں رہتے ہوئے شراکتی لین دین انشورنس کے متعلقہ امور خصوصاً وراثت کے معاملات حل ہوسکیں گے اس سال چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ان تصفیہ طلب معاملات کے حل ہونے کیلئے وقفہ وقفہ سے سازگار ماحول بنتا رہیگا۔ قانونی امور کے علاوہ پنچائتی طریقے سے بھی اپنے معاملات کو بآسانی حل کیا جاسکے گا حصول وراثت کیلئے اس سال کا بہترین صدقہ مستحق بچیوں کی شادی میں تعاون کرنا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور بیت الاعدا کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد یکم تا **19** اکتوبر شرف یافتہ جبکہ **24** جون تا **08** جولائی عروج یافتہ، **19** اکتوبر تا **22** نومبر اوج یافتہ رہیگا آسمانی کونسل پر زحل، مشتری، راہو، کیتو کی یکے بعد دیگرے تبدیلیاں آپکو اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کی طرف متوجہ کرائیں گی آپکے ذاتی حاکم عطارد کی سعادت کے ساتھ ساتھ سعد اکبر ستارہ مشتری اور زحل بھی تیس سال کے بعد اپنے ذاتی برج دلو میں ہونے سے مستقبل کی بہتری اور منصوبہ بندی بیرون ملک کسی اعلیٰ مقاصد کیلئے کئے گئے سفر نہایت مفید ثابت ہونگے حج وزیارات اور عمرہ پر جانے کے خواہاں میزانی افراد کی آرزو برآئے گی نہ صرف یہ بلکہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سیر وسیاحت مطالعیاتی سفر بھی پیش آئیں گے **2023**ء میں میزانی افراد کیلئے یہ سال سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا ذرا سی کوشش فرمانے سے مذہبی قانونی ماحول اور دلچسپیاں آپکے حسبِ حال آسانیاں لے کر آئیں گی۔ ستارہ عطارد کی رجعت (اُلٹا) یکم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **16** ستمبر اور **23** نومبر تا **02** جنوری **2024**ء ہونے سے اہم کاموں میں سُست روی تاہم خیر وبرکت جاری رہیگی۔ سفر سے قبل اس دوران سبز اشیاء کا صدقہ دینا نہایت مفید رہیگا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں منزل شرطین (اشونی نچھتر) پر ہونے سے **2023**ء کا کاروباری اور پیشہ ورانہ آغاز آپ ایک نئے جوش وجذبے سے شروع کریں چار اہم کواکب زحل، مشتری، کی زائچے میں سعد پوزیشن ہونے کے سبب کاروباری پیشہ ورانہ معاملات میں جدت پسندی اور دوسروں سے آگے بڑھنے کا جوش وجذبہ یوں تو تمام سال جاری رہیگا تاہم راہو، کیتو کی طالع ساتویں **29** نومبر تک نشست آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری ساکھ کو دیکھتے ہوئے کچھ حاسدین آپ کو نقصان پہنچانے کی اپنے بدارادے کے تحت سازشیں کر سکتے ہیں تاہم ایسے ناعاقبت اندیش لوگ اپنے بد

ارادوں میں کامیاب نہ ہوسکیں گے مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے آپ اپنی کاروباری اُلجھنوں کا حل بآسانی تلاش کرسکیں گے کاروباری مقاصد کیلئے اگرچہ قرض آسانی سے مل سکے گا لیکن غیر ضروری قرضہ لینے سے اعتراض کرنا ہی بہتر ہے۔ زحل مریخ سعد نظرات **28** مارچ تا **02** اپریل، **12,13,14,15** اکتوبر نظم و ضبط اور بہتر صلاحیتوں کی بدولت آپ اپنے خصوصی کاروباری معاہدے کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے زحل مریخ نحس نظرات **19,20,21** جولائی، **24,25,26,27** نومبر بننے سے آپ کو کاروباری حاسدین کی مخالفت ومخاصمت اور مزاحمت کا سامنا رہیگا اپنے مسائل کو حل کرنے کی مشاورت کے ساتھ ساتھ خصوصی توجہ دیں۔ **2023**ء کے گرہن **28** اپریل سورج گرہن، **05** مئی چاند گرہن، **29** اکتوبر چاند گرہن اچانک کاروباری پریشانیاں لاسکتے ہیں محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات دیتے رہیں۔ ان ایام سے **15** دن قبل تا بعد حسبِ توفیق صدقات وخیرات کے ساتھ ساتھ محتاط رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ شمس **14** اپریل تا **14** مئی شرف یافتہ، **15** جون تا **16** اگست اوج یافتہ، **17** اگست تا **17** ستمبر عروج یافتہ ہونے سے حلقہ احباب میں وسعت آپ کی بعض دیرینہ خواہشات کی تکمیل دو اہم ستارے زحل مشتری کی اس سال اہم تبدیلی کے سبب دکھائی دیتے ہیں اس کے علاوہ راہو کیتو طالع ساتویں کچھ رکاوٹیں بھی ڈالیں جو بتدریج دیگر ستاروں کی مضبوط پوزیشن ہونے کے سبب دُور ہوسکیں گی شمس مشتری مریخ سعد نظرات **24,25,26,29,30,31** جنوری، **19,22,25** مئی، **30** جون، یکم **,2,31** جولائی، **2,3** اگست، **7,8,9** ستمبر، **26,27,28** دسمبر بننے سے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافے سے اجتماعی طور پر آپ اپنے سے زیادہ دوسروں کیلئے فلاحی کام کرنا پسند کریں جن سے آپ کی اخلاقی مذہبی سماجی عزت وتوقیر دوسروں کی نظر میں اضافہ ہو اور دوسروں کا اعتماد حاصل کرنے میں آپ کامیاب ہوسکیں گے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازشیں، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ عطارد بارہویں گھر میں یکم تا **19** اکتوبر شرف یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں با آور ثابت ہوں اس کے علاوہ **24** جون تا **08** جولائی، **19** اکتوبر تا **22** نومبر ستارہ عطارد عروج واوج یافتہ رہتے ہوئے حفظانِ صحت کے اصول مراقبہ یا چلہ کشی کیلئے بھی موزوں وقت ہوگا ستارہ عطارد رجعت (اُلٹا) یکم تا **18** جنوری، **21** اپریل تا **15** مئی، **24** اگست تا **16** ستمبر اور **13** نومبر تا **02** جنوری **2024**ء ہونے کے سبب اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں ان ایام میں بڑھتے ہوئے اخراجات پر بھی قابو پایا جاسکے گا۔

میزانی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ **2023**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے پہلا سورج گرہن **28** اپریل کاروباری شراکتی امور خصوصاً شریکِ حیات سے اختلاف رائے کا اندیشہ **05** مئی طالع میں چاند گرہن خرابی صحت اور آپ کے خلاف کوئی سازش متوقع ہو سکتی ہے ٹریفک میں جلد بازی سے کام نہ لیں **14** اکتوبر بارہویں سورج گرہن آپ کے حاسدین ومخالفین آشکار ہوں **29** اکتوبر چاند گرہن ساتویں لگنے سے ایک مرتبہ پھر دوسروں سے اختلاف رائے شکوک وشبہات بے چینی پیدا ہونے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ یکم **,4,9,13,22,23,26,30,31** جنوری، **2,13,15,18,19,22,27** فروری، **5,11,15,18,20,24,29,31** مارچ، **4,7,11,14,18,23,29** اپریل، **4,5,13,18,23,26,29** مئی، **3,12,17,22,27** جون، **2,10,15,20,25,27,30** جولائی، **7,11,13,16,21,25** اگست، **2,7,12,17,22,30** ستمبر، **5,10,16,21,22,30,31** اکتوبر، **4,6,9,14,15,19,28** نومبر، **6,9,12,14,19,25,29** دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ **11,15,18,24** جنوری، **5,8,16** فروری، **2,9,17** مارچ، یکم **,9,16** اپریل، یکم **,9,16,31** مئی، **2,7,11,14,30** جون، **6,13,28** جولائی، **3,9,22,23,29** اگست، **4,19,26,29** ستمبر، **3,11,18,25** اکتوبر، یکم **,17,24** نومبر، یکم **,3,10,16,21,23,31** دسمبر۔

SCORPIO

عقرب

مریخ

MARS

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفرد نمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یارسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہراؑ السلام علیکم یا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکر ونکیر کو باآدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء **آسمانی کونسل** پر وتد الارض کا حاکم ستارہ زحل تیس سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء اپنے ذاتی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے اور گزشتہ سال سے بیت اولاد کا حاکم ستارہ مشتری بھی یکم جنوری تا **22** اپریل **2023**ء اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ ہر دو ستاروں کی راج یوگ جیسی خوش بختیاں **2023**ء میں آپ کا مقدر ہونگی عروج وزوال کا ستارہ زحل طالع پہلے، چوتھے، چھٹے، دسویں اور سعد اکبر ستارہ مشتری طالع پانچویں، نویں، گیارہویں گھروں کے منسوبات میں خوش بختیاں عطا کریں گے آپکا تعلق دُنیا کے کسی بھی ملک شہر قصبے سے کیوں نہ ہو **2023**ء ہر لحاظ سے مثبت تبدیلیوں کا سال دکھائی دیتا ہے زمین جائیداد پراپرٹی زراعت باغبانی رہائشی تزئین وآرائش خانگی وخاندانی خوشیوں میں اضافہ ہوگا آپکی اُلجھنیں پریشانیاں سلجھ جائیں گی بگڑے کام سنورنے لگیں گے اور آپکے اندر خلق خدا اپنے قریبی عزیز واقارب کی مدد کرنے کیلئے جذبہ صلہ رحمی میں اضافہ ہوگا **2023**ء اس لحاظ سے خاصہ اہم دکھائی دیتا ہے کاروباری پیشہ ورانہ اور ملازمت پیشہ بہتر مواقعوں کی تلاش میں اپنے روزگار میں جلد از جلد تبدیلیاں لانا پسند کریں راہو کیتو کے چھٹے بارہویں **29** نومبر تک ہونے سے مستقل مزاجی جذباتی پن جلد فیصلے کرنے سے خوامخواہ مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ راہو کیتو کی خراب پوزیشن نظر بد جادو ٹونہ حاسدین اور مخالفین کی جانب سے آپکی بڑھتی عزت اور ساکھ کو نقصان پہنچانے کیلئے خفیہ سازشیں کی جاسکتی ہیں **2023**ء حصول کامیابیوں اور ترقی کے گراف کو قائم اور بحال رکھنے کیلئے ہر ہفتے یا ہر ماہ خصوصاً پیر کے دن سفید اشیاء کا صدقہ دینا نہایت ہی تحفظ وامان بخش صدقہ دکھائی دیتا ہے سفید اشیاء شمسی زائچے کے نویں کے حاکم قمر سے منسوب نصیب یاوری اور نصیب کی بحالی کا بہترین صدقہ ہے تمام دستیاب سفید اشیاء کا حسبِ توفیق صدقہ دینا بہترین عمل اسکے علاوہ دیگر ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے حسبِ توفیق دے کر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو ڈالنا اس سال کا بہترین صدقہ ثانی ہے۔ مجموعی طور پر **2023**ء منفرد خوش بختی ترقی کا سال دکھائی دیتا ہے جب عزت شہرت بلند ہوتی ہے تب حسد اور نظر کے عرض کردہ صدقات دینے سے آپ ہر قسم کی ناگہانی آفات وبلیات سے محفوظ رہیں گے اور ترقی کا سلسلہ جاری رہیگا گزشتہ سالوں میں آپکے جو روزگار کاروبار کورونا کے سبب متاثر ہوئے تھے آپکو دوبارہ حسب منشاء روزگار کے مواقع ملیں گے **2023**ء مجموعی طور پر ایک خوش بختی کا سال اپنی خوش بختیوں میں اضافے کیلئے بلاناغہ چاشت کی نماز کے بعد گیارہ آیات کی سورۃ الضحیٰ ایک مرتبہ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر جب آیت نمبر **5** پر آئے تو اس آیت کو **21** مرتبہ اسی جگہ دہرائیں اس آسان روحانی عمل سے آپکا مقدر یاوری کر جائے تو پھر خاندان زنجانیہ کے تمام گزشتگان کیلئے ایصال ثواب کرنا نہ بھولیں۔

آپ کی شخصیت:۔ **2023**ء طالع کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **13** مارچ ساتویں ہونے سے عجیب وغریب ناخوشگوار حالات وواقعات شراکتی ازدواجی دوسروں سے تعلقات متاثر ہونے کے خدشات اور ایسا ایک احتیاط طلب دور **10** مئی تا یکم جولائی ستارہ مریخ کے نصیب کے گھر آنے سے ہوسکتا

ہے ان ایام میں احتیاط کی گئی تو مجموعی طور پر باقی سبھی ایام آپ کیلئے درجہ بہ درجہ خوش بختیاں لانے کا سبب بنیں دوا ہم کواکب مشتری کی سعد نظر 22 اپریل جبکہ زحل کی سعد نظر 17 جنوری تا آخر سال تک آپ کے شمسی طالع پر رہنے سے آپ کے نظریات وخیالات شعور وادراک میں اضافہ حالات کے مطابق اپنے مثبت نظریات بدل لینے کی صلاحیت آپ میں بڑھے گی آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ خوشگوار تبدیلیاں محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے خوش بختی اور نعمتوں کے حصول پر سجدہ شکر بجالاتے رہیں نیکی کے صلے میں دوسروں کی حوصلہ افزائی نیکی کا بہترین بدل مریخ مشتری شمس سعد نظرات 31,30,29 جنوری، 31,30,29,28 مارچ، 26,25,24,2 اپریل، 25,24,23,22,21,20,19 مئی، 30,29,28 جون، 25,24,23,15,14,13,12 اکتوبر، 26,25,24,23 دسمبر بننے سے آپ اپنے ذاتی اور اجتماعی زندگی کے اہم فیصلے مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے بآسانی کر پائیں آپ کے اندر ہمت حوصلہ دلیری اور دلاوری آگے بڑھنے کی خداداد صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ مریخ مشتری شمس نحس نظرات 18,17,16,15 فروری، 18,17,16,15 مارچ، 29,28,27 مئی، 21,20,19 جولائی، 28,27,26 اگست، 15 تا 27 نومبر نہایت احتیاط طلب تواریخ دکھائی دیتی ہیں ان ایام میں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی دیتے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد یکم تا 22 اپریل طالع پانچویں، نویں، گیارہویں شمسی زائچے کے سعد گھروں کو ناظر ہونے سے ذرائع آمدن مال واسباب میں اضافہ انعامی فوائد نصیب یا وری مستقل آمدن کے ذرائع باعث اطمینان اور مسرت کا باعث بنیں آپ اپنے اور اپنے بچوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی کوششیں کریں اس میں خوش بختی پائیں مریخ مشتری سعد نظرات 31 جولائی تا 03 اگست خاندان اور ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ جبکہ مریخ مشتری نحس نظرات 26,25,24,23,22,21,20 مئی، 30,29,28,27 اکتوبر بننے سے ان ایام میں بڑا کاروباری معاہدہ لین دین اور غیر ضروری قرض سے بھی سے متعلقہ امور میں محتاط رہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور بیت الارض کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل یکم تا 16 جنوری تیسرے اپنے ثانوی گھر اور پھر 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء زحل کا طاقتور سعد پوزیشن میں چوتھے آکر طالع چوتھے، چھٹے اور دسویں گھروں کے سعد منسوبات کو اُبھارے گا آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو محسوس کئے بغیر نہ رہ سکیں گے بعض لوگوں اور خاندانوں کے نصیب بدل جائیں گے شاہ گدا اور گدا شاہ بن سکتے ہیں قدرت کی یہ حکمت عملی عروج وزوال کی داستان ہم سب کو ایک زبردست نتیجہ سے آگاہ کرتی ہے ہر شے کا مالک ہمارا مالک اور خالق اور یہ زندگی عارضی اور 2023ء اپنی زندگی کو سنوارنے خوبصورت بنانے اور توشہ آخرت کیلئے آپ کے ہاتھوں بہت سارے صدقہ جاریہ کے کام منتظر ہیں نیک عمل کی جلد بجا آوری دینی روحانی امور میں شائستگی مذہبی روحانی اطمینان اور سکھ کا باعث بنے۔ شمسی زائچے کے 18 سال بعد راہو کیتو کا چھٹے بارہویں آنا نظر بد جادو ٹونے کا بھی اشارہ ہے آیۃ الکرسی کے مسلسل ورد سے ان نحوستوں سے تحفظ پایا جا سکتا ہے۔ 2023ء میں ملنے والی خوش بختیاں آپ اپنے عزیز واقارب، بہن بھائیوں پڑوسیوں اور اپنے پیاروں سے بھی شیئر کریں گے آپ کا جذبہ صلہ رحمی آپ کی عزت وتوقیر میں مزید اضافے کا باعث بنے زمین جائیداد پراپرٹی سواری زراعت باغبانی کے امور میں بھی حسبِ منشا خوشیاں ملیں زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ تا 02 اپریل، 15,14,13,12 اکتوبر نظم وضبط صبر وتحمل عملی معاملات میں پیشرفت آپ کی کوششوں کی طالب ہوگی مستقل مزاجی صبر وتحمل فرمانے سے آپ ذاتی اور اجتماعی فوائد یقینی طور پر پالیں گے زحل مریخ نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر مایوسی جذباتی پن غم وغصہ اور کسی حیرت میں پڑنے کے بجائے صدقہ وخیرات اور رجوع الٰہی کرنے سے یہ خراب دُور بھی تسلی بخش انداز سے گذر جائے گا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2023ء وتد الارض اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے فعلی ذاتی گھر آکر راج یوگ خوش بختی کا یوگ بنائے گا یہاں رہتے ہوئے طالع چوتھے، چھٹے، دسویں گھر کو تمام سال سعد ناظر رہے گا اِدھر ستارہ مشتری کی سعادت بھی 22 اپریل

تک ملنے سے خاندان اور خانگی معاملات کی خوشیوں میں اضافہ وسعت تو خاندان اور اندرون خانہ تمام سال مہمانوں کی آمد اور رونق کا سلسلہ جاری رہیگا آپ مہمانوں کی بھرپور مہمان نوازی تواضع کرنے کیلئے تیار رہیں جن کی والدہ حیات ہیں تو ان کی خدمت سے ان کی دُعائیں آپ کے حق میں مستجاب ہوسکیں گی بہت سارے عقربی فیملیز کا رہن سہن بدل جائے گا آپ ایک جگہ سے دوسری جگہ ایک ملک سے دوسرے ملک یا بیرون ملک سے وطن عزیز واپس آنے میں سنجیدہ ہونگے ایسے عقربی جو اہل خاندان کو ساتھ لیکر چلیں اور سخاوت کریں ان کے مال واسباب میں قدرت کئی گنا اضافہ کرے راہو کیتو کی خراب نشست سے نظر بد جادو ٹونے سے بھی آپ محفوظ رہ سکیں۔آپ کی عزت وتوقیر میں اندرون وبیرون ملک اضافہ ہوگا کچھ حاسد نما قسم کے رشتہ دار آپ کی دل شکنی اُداسی اور آپ کو پریشان کرنے کیلئے سازشیں کرسکتے ہیں ان آزمائشوں پریشانیوں سے بچنے کیلئے اپنے گھر آفس فیکٹری کی چھت پر پرندوں کو ان کا پسندیدہ دانہ اور پانی سارا سال پیش کرتے رہیں اس حُسن عمل سے آپ کے کھیت کھلیان گھر بار آفس اور سواری کا سکھ قائم وبحال رہیگا مزید چاہیں تو صبح نماز فجر کے بعد **27** مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔زحل مریخ سعد نظرات **28** مارچ تا **02** اپریل، **15,14,13,12** اکتوبر نظم وضبط صبر وتحمل عملی معاملات میں پیشرفت آپ کی کوششوں کی طالب ہوگی مستقل مزاجی صبر وتحمل فرمانے سے آپ ذاتی اور اجتماعی فوائد یقینی طور پر پالیں گے زحل مریخ نحس نظرات **21,20,19** جولائی، **27,26,25,24** نومبر مایوسی جذباتی پن غم وغصہ اور کسی حیرت میں پڑنے کے بجائے صدقہ وخیرات اور رجوع الٰہی کرنے سے یہ خراب دُور بھی تسلی بخش انداز سے گذر جائے گا ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب خوش بختی کے معاملات قدرے سُست رفتاری اختیار کریں ایسے میں متفکر ہونے کی بجائے صدقہ وخیرات سے اپنے گھر بار اور فیملی کے سکھ کیلئے صدقہ وخیرات کرکے نعمتوں کے حصول کا یقین کرسکتے ہیں ان ایام میں چلتے پھرتے کثرت سے اَسْتَغْفِرُ اللهَ کا ورد کرتے رہیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ **2023**ء بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری اپنے ہی گھر میں یکم تا **22** اپریل رہتے ہوئے خیر وبرکت کی برسات روحانیت غیر متوقع انعامی فوائد اولاد مال کا سکھ عطا کرے عقربی والدین اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم وتربیت ان کے سکھ ان کے حقوق وفرائض تعلیم اور شادی جیسے امور میں حسبِ حال سرخرو ہوسکیں گے صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کی خوشی دیکھنی نصیب ہو ستارہ مشتری کی شمسی زائچے کے چھٹے گھر **22** اپریل تا یکم مئی تبدیلی مشتری دوسرے، چھٹے، دسویں، بارہویں گھروں کو تب بھی سعد ناظر ہونے سے آپ کی عزت وشہرت بحال رہیگی اعلیٰ ادراک وشعور انعامی فوائد بچوں کے فرائض وذمہ داری اور جاری محبت مستقبل قریب میں شادی پر منتج ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت اور انکے اساتذہ سے کونسلنگ کے ساتھ ساتھ ان سے دوستانہ ماحول میں زمانے کی بے راہ روی سے بھی انہیں مناسب الفاظ میں پند ونصاح کرتے رہیں آپ کی اولاد کی اچھی تعلیم وتربیت آپ کی زندگی اور زندگی کے بعد توشۂ آخرت کیلئے بہترین سرمایہ ہے وہ عقربی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز پرائز بانڈز میں دلچسپی رکھتے ہیں **23,22** فروری، **31,30,29,28,3,2** مارچ، یکم **,2,3,4,5,6,7,8,9,22,23,24,25** اپریل، **09** سے **22** مئی، **30,29,28,27,26,25,24,23,22,21** جون، **30,29,28,23,22,15,14,13,12** اکتوبر، یکم **,2,3,21,22,27,28** دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ **2023**ء بیت المرض میں ایک اہم ستارہ یا سایہ راہو **29** نومبر تک یہاں مقابل کیتو ہونے سے والدین کے رشتہ داروں کی جانب سے فکرو پریشانی اور ان کی خدمت کیلئے تیار رہیں **2023**ء صحت جسمانی اور گھر بار میں کچھ پُراسرار واقعات نظر بد جادو ٹونے جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں جس سے آپ کی صحت نقل وحمل مال واسباب اور دیگر قیمتی اشیاء میں بے برکتی ہونے لگے ایسے ایام میں روزانہ یا ایک چلّہ سورۃ البقرہ کی تلاوت اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اور اپنے بچوں پر دَم کریں اور خیر وبرکت کے عروج کیلئے دُعائیں کرنا دم شدہ پانی پئیں اور اسی دَم شدہ پانی کو اپنے گھر کاروبار اور اپنی قیمتی اشیاء پر دم کرنے کے ساتھ ساتھ سپرے کرنا بھی باعث برکت ثابت ہوگا۔اس سال کسی اچھے روحانی اور جسمانی معالج سے

رابطے میں رہیں۔اپنی صحت نظام تنفس کمزوری معدہ اور جگر بلڈ پریشر یا ڈائیباٹیز کی علامات پائیں تو کسی اچھے معالج سے مشاورت میں رہیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ ہمراہ زحل ابتدائے سال میں تیسرے ہونے اور ساتویں گھر مریخ کا 13 مارچ تک قیام ایسے لڑکے لڑکیاں جن کی شادی خاندان یا رشتہ داروں میں طے پا چکی ہے ہر دو خاندان کے مابین شکوک و شبہات لڑائی جھگڑے نظر بد حاسدین کی جانب سے جادوٹونے کی شکایت کے سبب رشتوں کا التواء یا متاثر ہو جانا بعید از قیاس نہیں اس سال زحل، مشتری، راہو، کیتو بتدریج برج تبدیل کریں گے عقربی لڑکے لڑکیوں کی شادی طے ہونے کے عجیب وغریب منفرد انداز دکھائی دیتے ہیں اس سال جو عقربی والدین اپنے بچوں کا رشتہ طے کریں ان کی منگنی سے شادی میں تاخیر کے سبب رشتوں کے ٹوٹ جانے کے خدشات بعید از قیاس نہیں بیرون ملک رشتوں کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کو اچھے رشتے میسر آسکتے ہیں تاہم اس سال شادی کرنے والے جوڑوں کو چاہئے کہ وہ کسی صاحب علم سے نیک وقت نکاح کا تعین کروالیں تاکہ ان کا بندھن مضبوط اور انہیں مستقبل کی خانگی ازدواجی خوشیاں نصیب ہوں زہرہ مشتری سعد نظرات 10,9 جنوری، 13,12,11,10 مارچ بننے سے ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی اور ٹوٹے ہوئے رشتے اس عرصہ میں دوبارہ غیر متوقع طور سے جوڑ سکتے ہیں زہرہ مریخ نحس نظرات 6,5,4 فروری شراکتی اور ازدواجی آزمائش و پریشانیاں اچانک پیش آسکتی ہیں۔2023ء مشکلات و پریشانیوں سے بچنے کیلئے ہر جمعہ چینی یا مصری یا پھر گڑ کی شکر حسبِ توفیق حشرات الارض کو صدقہ ڈالنا بہترین عمل رہے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے وراثتی شراکتی اور قانونی امور میں غیر متوقع حالات میں خیر و برکت اور فوائد ظاہر ہوتے ہیں وراثتی اور قانونی معاملات بزرگوں کی مشاورت اور کوشش سے حل کئے جاسکیں گے شراکتی فوائد کے علاوہ کوئی انشورنس کلیم یا ڈوبی ہوئی رقم مل سکے گی ستارہ عطارد 16 تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 20 دسمبر وبال یافتہ ستارہ عطارد کی رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 نومبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے ان ایام میں اپنے حقوق حاصل کرنے کیلئے صبر وتحمل سے کام لیں بزرگوں کی مشاورت اور انکی دُعائیں حسبِ حال رہیں گی۔ عطارد مریخ سعد نظرات 23,22 فروری، 9,8,7، 25,24,23,22 اپریل، 22,21 جون، 30,29,28 اکتوبر، 30,29,28,27 دسمبر بننے سے حصول وراثت یا ڈوبی ہوئی رقوم کی وصولی کیلئے فیصلہ کن ایام دکھائی دیتے ہیں نظم وضبط صبر وتحمل مہارت اور ایمانداری سے کی گئی کوششیں غیر متوقع مالی مادی فوائد از قسم وراثت انشورنس کلیم یا پھر پرائز بانڈ انٹرنیشنل لاٹریز بھی خوشی کا باعث بنیں ایسے میں غرباء و مساکین حاجت مندوں کی خدمت اور صلہ رحمی کا مذہبی اور اخلاقی فریضہ انجام دیکر دُنیاوی اور روحانی خوشیاں پاسکتے ہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلٰی تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں چھٹے ہمراہ راہو مقابل کیتو منزل شرطین (اشونی نچھتر) ہونے سے ابتدائے سال میں ہیجانی سی کیفیت مایوسی ذہنی دباؤ ڈپریشن تنقید کا خوف بلاوجہ کے انجانے وسوسے نظر بد جادوٹونا جیسی کیفیات محسوس کرسکتے ہیں اگر ایسا محسوس کریں تو متفکر ہونے کے بجائے حسبِ توفیق منگل کے دن کسی جانور کا صدقہ دینا رد بلا ثابت ہوگا گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر خصوصاً سال کے پہلے تین مہینے پڑھ کر گھر سے نکلنا ہر بلا سے محفوظ رکھے اس سال چار اہم ستاروں کی تبدیلی کے سبب زحل، مشتری، راہو، کیتو مستقبل کی منصوبہ بندی نہایت اہم ہوگی کیونکہ آنے والے 2025,2024,2023ء غیر معمولی اہم سال دکھائی دیتے ہیں خصوصاً زحل کی تبدیلی 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء مستقبل کی منصوبہ بندی اور نظر ثانی کیلئے نہایت اہم وقت دکھائی دیتا ہے چیلنج پسندانہ کاموں میں حصہ لینے سے اپنی دلاوری اور دلیری کے تحت 2023ء کے آخر تک بہت ساری کامیابیاں آپ کے حصے میں آئیں گی۔ 14 اپریل تا 14 مئی شرف شمس، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج شمس اور خصوصاً ستارہ شمس 16 جولائی تا 17 اگست شمسی زائچے کے نویں گزرنے سے حالات وواقعات میں خیر وبرکت اور بہتری پائیں گے ان سبھی ایام میں بیرون ملک کاروباری سفر یا اعلٰی تعلیم کے خواہاں طلبہ کیلئے بیرون ملک

جانا کامیابی کا باعث بنے قانونی مسائل و پریشانیاں بھی حل کی جا سکیں گی مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے مندرجہ بالا سبھی ایام نیک دکھائی دیتے ہیں۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے 2023ء ایک اہم اور روشن سال دکھائی دیتا ہے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ 2023ء میں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی کاروبار میں استحکام اور بہتری کا باعث ثابت ہو کیرئیر کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 مئی تا 16 اگست اوج یافتہ جبکہ 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے نئے کاروباری وسائل کاروباری عزت وساکھ میں اضافہ حوصلہ مندی اور دلاوری سے مندرجہ بالا ایام میں کسی نئے کاروبار کا آغاز کرنا اور جاری کام میں مزید سرمایہ کاری کرنا باعث برکت ثابت ہوگا۔ 20 اپریل سورج گرہن اور 29 اکتوبر چاند گرہن کا چھٹے گھر میں لگنا کاروباری مسائل و پریشانیاں اچانک کاروباری نقصانات کا اشارہ ہے 15 دن قبل تا بعد نہایت محتاط رہیں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی نیک تاہم شمس مریخ نحس نظرات 18,17,16,15 مارچ بننے سے کاروباری جذباتی معاملات بقاء کی جنگ حوصلہ مندی اور صبر وتحمل سے لڑنے کی ضرورت ہوگی جذباتی پن میں از خود اپنا کوئی نقصان کرنے سے بچیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی اور سال کے پہلے پانچ ماہ دوستوں اور دوسروں سے وابستہ تعلقات حسبِ منشاء پوری نہ ہوسکیں زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی کئی ایک لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور اُن کی جگہ نئے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا عموماً سارا سال ہی سماجی سیاسی مذہبی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ 24 جون تا 09 جولائی، یکم اکتوبر تا 18 اکتوبر ستارہ عطارد کی سعد پوزیشن کاروباری اور زمین جائیداد کی خرید وفروخت سے غیر متوقع طور سے فوائد ملیں گے ستارہ مشتری کی طاقتور مکمل سعد نظرات یکم جنوری تا 24 اپریل ملنے سے آپ کی کوئی ایسی اہم دیرینہ خواہش پوری ہوجائیگی جس کے لئے آپ نے برسوں تمنا اور دُعا کی ہو اسم اعظم یَالَطِیْفُ کا 129 مرتبہ ورد کرنا آپ کی خواہشات کی تکمیل میں مستجاب دُعا ثابت ہوگا۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 03 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے بیرون ملک اور حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں روحانی ارتکاز توجہ خداشناسی کی طرف آپکا رجحان بڑھے گا 05 مئی چاند گرہن آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہونگے۔

عقربی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ 2023ء دو سورج اور دو چاند گرہن 20 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن شمسی زائچے کے چھٹے لگنے سے آپ کا دشمنوں پر غلبہ اور آپ کے حاسد آپ سے معافی کے خواستگار ہونگے غیر ضروری مقدمات اور پریشانیوں سے بھی نجات ملے گی 05 مئی چاند گرہن بارہویں لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار ہوں بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جاسکتا ہے نظر بد جادو ٹونہ کے بداثرات بھی دور ہوسکیں گے 14 اکتوبر سورج گرہن گیارہویں گھر لگنے سے کاروباری نقصانات جائیداد کے لین دین کرتے وقت محتاط رہیں۔ 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 31,30,26,13,9,4 جنوری، 28,23,19,10 فروری، 31,28,23,19,11,10,5 مارچ، 30,26,24,21,16,8,7,3 اپریل، یکم 30,25,22,19,15,6 مئی، 27,22,21,17,12,3 جون، 31,26,21,16,11,2 جولائی، 28,25,24,19,16,13,8,2 اگست، 26,22,17,11,6 ستمبر، 29,25,20,15,13,10,5 اکتوبر، 22,18,17,13,8,3 نومبر، 31,28,21,17,12,7,2 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 24,18,11 جنوری، 21,15,8,5 فروری، 21,17,16,15,8 مارچ، 19,12,5 اپریل، 23,21,17,10,4 مئی، یکم 30,26,15,8 جون، 29,13,6 جولائی، 26,23,11,4 اگست، یکم 30,24,9 ستمبر، 28,22,9,7 اکتوبر، 25,24,20,12,5 نومبر، 29,26,19,4 دسمبر۔

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفر دنمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یارسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہرؑا السلام علیکم یا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداءامام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکرونکیر کو باآدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء **آسمانی کونسل** پر آپکا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری **21** اپریل **2023**ء وتد الارض راج یوگ ذاتی گھر میں رہتے ہوئے شمسی زائچے کے چوتھے آٹھویں دسویں اور بارہویں گھر کو سعد ناظر رہے۔ آپ کی شخصیت کی اعلیٰ صلاحیتیں اُجاگر رہیں گی سچائی اخلاقیات کے سبب آپ کو اعلیٰ معاشرتی عزت واحترام اہل خاندان کی نظر میں عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا زمین جائیداد پراپرٹی زراعت حسب حیثیت سواری جیسی خوش بختیاں ملیں آپ کا تعلق کسی بھی ماحول یا معاشرہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے حالات میں بہتری معاشی اور مادی کامیابیاں حاصل کر پائیں سال کے پہلے چار مہینے جنوری، فروری، مارچ، اپریل مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے نہایت اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں آپ کی صحت جسمانی بہتر ہو اور آپ کے اندر فیاضی اور خلق خدا کی خدمت کرنے کا جذبہ بڑھے۔ **2023**ء مشتری کے ساتھ زحل، راہو، کیتو کی بھی بروجی تبدیلی مستقبل میں حالات و واقعات میں مثبت تبدیلیاں آئیں ستارہ زحل **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء **30** سال کے بعد اپنے شمسی زائچے کے تیسرے اپنے ذاتی گھر برج دلو میں عروج یافتہ رہتے ہوئے آکر اڑھائی سالہ خوش کُن قیام کرے گا **12,9,5,3** گھروں کو مکمل سعد ناظر رہتے ہوئے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اولاد کی تعلیم وتربیت نگہداشت میں غیر معمولی اضافہ روحانی سفر حج وعمرہ زیارات اور بیرون ملک حصول امیگریشن یا بیرون ملک روزگار کیلئے آسان وسائل ملیں اہم شخصیات یا جذباتی تعلقات احتیاط طلب رہیں گے دوسروں کیلئے ایثار اور قربانی دینے کے مواقع ملیں جس سے سکون اور خوشیاں ملیں۔ **2023**ء اس لحاظ سے بھی نہایت اہم دکھائی دیتا ہے ذاتی یا اجتماعی طور پر آپکے اہل خاندان کی عزت وتوقیر میں اضافے کا باعث بنے اپنے گھر میں کوئی خوش بخت پودا گلاب یا منی پلانٹ کا گملہ اپنے گھر یا فلیٹ میں خیر وبرکت کیلئے ضرور رکھیں گھر میں اصلی یا مصنوعی آبشار جس کا پانی گھر کے اندر نارتھ ویسٹ سمت میں گرے ایسی خوش بخت بنائی گئی آبشار آپ کے گھر اور خاندان میں زرخیزی اور خوش بختی لانے کا باعث بنے دیگر اپنے گھر گرتی آبشار کی تصویر بھی نارتھ ویسٹ لگا سکتے ہیں یا پھر دو جوڑے گولڈن فش فش ایکوریم میں پالنا بھی باعث برکت ثابت ہوگا۔ **2023**ء کے اہم صدقات ہر جمعرات مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی خدمت اور ہفتے کے دن **60** سے زیادہ مرد اور عورتوں کی خدمت ہفتے کے دن کرنا بہترین صدقہ اور رد بلا ثابت ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ **2023**ء ستارہ مشتری کی سعادتیں جو گزشتہ سال سے جاری ہیں اس سال کے پہلے چار مہینوں میں بھی جاری رہیں گی مجموعی طور پر **2023**ء زندگی میں خوشگوار تبدیلیاں لانے والا سال دکھائی دیتا ہے ستارہ مشتری کی سعد پوزیشن آپ کی حیثیت وشخصیت میں اضافہ کئی طرح کی خوش بختیاں جن کے آپ متمنی ہیں مالی اور مادی فوائد دُنیاوی نعمتیں ستارہ مشتری **21** اپریل **2023**ء برج تبدیل کرتے ہوئے آپ کو دیکر جائے گا یا پھر ان کی

مضبوط بنیاد مہیا کرے گا 12 سال بعد مشتری کی پانچویں تبدیلی 21 اپریل سے آئندہ ایک سال کیلئے ہونے سے سماجی سیاسی مذہبی حلقوں میں آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا محبت اولاد اور انعام سے غیر متوقع خوشیاں ملیں گی۔ ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 31 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے کچھ اہم کاموں میں سُست روی اور کچھ میں زیادہ محنت اور توجہ کی ضرورت ہوگی راہو پہلے پانچویں نویں کیتو تیسرے ساتویں گیارہویں گھروں کو 29 نومبر تک ناظر رہنے سے خوشحالی کے کاموں میں دوسروں سے غیر متوقع مدد مل سکتی ہے زندگی کے اہم کاموں میں خوش بختی صحت مندی اور کاروباری وسائل میں اضافہ اور بہت ساری متوقع پریشانیوں اور حادثات سے دُعا اور صدقات کرنے سے آپ محفوظ رہیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت الاقرباء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء تیسرے اپنے ذاتی گھر میں ہونے سے آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی 17 جنوری سے ختم ہوجائے گی دو اہم ستارے زحل اور مشتری کی بروجی تبدیلی ذرائع آمدن میں اضافہ اور تسلی بخش حد تک مالی پوزیشن کو بہتر کرنے کے وسائل و اسباب ملیں گے مستقل بنیادوں پر آمدن کے کئی ایک منصوبے زیر غور رہیں اور کسی ایک منصوبے پر مشاورت سے عمل کرنا ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے 2023ء اس حوالے سے غیر معمولی سال دکھائی دیتا ہے کہ آپ اپنے عزیز و اقارب بہن بھائی اور پڑوسیوں کی مالی و اخلاقی مدد بھی کریں اگرچہ یوں لگے گا کہ جیسے آپ کا اپنا سرمایہ کم ہو رہا ہے قدرت آپ کو دیگر کئی ذرائع سے نواز دے گی۔ زحل مشتری سعد نظر 14 تا 24 جون رہنے سے خوش قسمتی مالی اعتماد زندگی میں کچھ اچھے فیصلے کرنے سے حاصل ہو سکے گا مخلصین سے مشاورت کے بعد دانشمندانہ کئے گئے فیصلے کاروباری ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنیں آپ کی عقل و دانش فہم و فراست سے دوسرے بھی فوائد اُٹھائیں 2023ء سے خوش قسمتی کا جاری سفر اپریل 2025ء تک جاری رہے گا 2023ء کا بہترین صدقہ بزرگ افراد کی ہفتے کے دن خدمت کرنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء اپنے ذاتی برج دلو میں آکر عزیز و اقارب بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کی آپ کی جانب سے خدمت کا باعث بنے سنجیدگی انصاف پسندی اور اعلیٰ اخلاقیات کا مظاہرہ کرتے ہوئے آپ اپنے قرباء کو ہمت و حوصلہ دلانے کے ساتھ ساتھ اُن کی ہر قسم کی مدد کرنا پسند کریں گے خوش دلی اور خوش اسلوبی سے کی گئی خدمت دوسروں کی نظر میں آپ کی عزت و وقار میں اضافے کا باعث بنے نا صرف یہ آپ کے ہاتھ سے اس سال صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں۔ ستارہ زحل کی رجعت (اُلٹا) 17 جون تا 04 نومبر ہونے سے کچھ لوگ آپ کو بیوقوف بنانے اور دھوکہ دہی کرنے کی ناکام کوشش کر سکتے ہیں ستاروں کی مضبوط پوزیشن آپ کے اندر سنجیدگی ملنساری نقطہ نظر میں بلندی شعور و ادراک کے سبب آپ بہت ساری مثبت تبدیلیاں اس سال کر پائیں خصوصاً اپنے عزیز و اقارب کی خوشنودی کیلئے ان کی ہر ممکنہ خدمت مدد اور اپنا قیمتی وقت اُن کی تعمیر و ترقی اصلاح اور انہیں خوشیاں بانٹنے میں صرف کریں ان سے میل ملاقات کیلئے اندرون ملک کئی ایک سفر اس کے علاوہ مطالعاتی سیاحتی کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کئے گئے سفر کامیاب رہیں۔ زحل مریخ نحس نظرات 19 تا 31 جولائی، 24 نومبر تا 27 نومبر غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں ورنہ دوران سفر حادثات اور کئے گئے سفر میں بے آرامی مایوسی جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں حسبِ توفیق ان ایام میں صدقہ و خیرات دینا نہایت نیک عمل ثابت ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کے حاکم ستارے سعد اکبر مشتری کا قیام 13 اپریل 2022ء تا 21 اپریل 2023ء تک یہاں رہنے سے قوسی افراد کو زراعت باغبانی زمین جائیداد پراپرٹی اور حسبِ حیثیت سواری کا حصول آسان ہوگا ستارہ مشتری فطرتی طور پر خوش قسمتی دولت اور اولاد سے منسوب ہے ستارہ مشتری کی سعد نظرات 12,10,8,4 گھروں کو سعد ناظر ہونے سے دانشمندانہ تقاضے کے تحت بعض لوگ اپنی زندگی میں اپنی وراثت اپنی اولاد کو دینا پسند کریں ستارہ مشتری جیسے ہی 12 سال بعد 24 اپریل ایک سال کیلئے پانچویں گھر میں جائے گا تب غیر ارادی طور سے دانشمندانہ فیصلے کئے جاسکیں گے ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 21 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اہم کاموں میں سُست روی آسکتی ہے اور خاندان کے قریبی لوگوں کی ذمہ داریاں بھی آپ کے کندھوں پر آسکتی ہیں۔ ذہنی طور پر کچھ غیر متوقع واقعات کے لئے بھی اپنے آپ کو تیار رکھیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال میں چھٹے 13 مارچ تک اور پھر 10 مئی تا یکم جولائی آٹھویں نحس ہونے سے انعام اولاد محبت جیسے کبھی امور قابل توجہ ہیں اور ایک اور اہم ستارہ یا سایہ راہو 29 نومبر 2023ء تک 18 سال بعد پانچویں گھر رہتے ہوئے آپ کی تخلیقی اور شعوری صلاحیتوں میں اضافے کا باعث بنے آئی ٹی انفارمیشن اور دُنیا ریسرچ سے آمدہ جدید علوم کی طرف آپ کی توجہ ہے دُنیاوی اور روحانی ریاضت سے آپ کی باطنی آنکھ کھل سکتی ہے اور بہت سارے آنے والے واقعات کا آپ کو بااحسن اندازہ ہوسکتا ہے جن افراد کے زائچے میں ستاروں کی قدرے کمزور پوزیشن ہے ایسے قوسی افراد رات سوتے وقت اسم اعظم یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ 962 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا معمول بنالیں تو انہیں آنے والے بہت سارے واقعات خواب میں آشکار ہوسکتے ہیں۔ 2023ء میں نظر آنے والی بہت ساری خوابیں سچ ثابت ہونگی آپ کی اولاد کا مستقبل اور انعامی لکی نمبرز کی راہنمائی آپ خواب میں دیکھ پائیں اولاد کی تعلیم و تربیت اور انکی شادی بیاہ کی خوشیاں بھی وہ والدین دیکھ پائیں جن کی اولاد جوان ہو چکی ہے حسبِ خواہاں اولاد انعام محبت کا سکہ اس سال یقینی دکھائی دیتا ہے پرائز بانڈ اور انٹرنیشنل لاٹریز میں حصہ لینے والے قوسی افراد ان تواریخ میں حصہ 3,4,5,9,10,22,23,24 جنوری، یکم,2,3,10,11,12,13,17,18,19,28,29,30,31 مارچ، 2 اپریل، 4,5,6,12,13,14 مئی، 14 سے 24 جون، 31 جولائی، 2,3 اگست، 12,13,14,15,21,22,23 اکتوبر، 5,6,7 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں خانہ مال کے حاکم زحل کے ہمراہ دوسرے ہونے سے آپ اپنی اور اپنے قریبی لوگوں کی صحت جسمانی بہتر اور بحال رکھنے کیلئے کچھ اضافی اخراجات خوش دلی سے کرنا پسند کریں صحت جسمانی بہتر اور بحال رکھنے کیلئے حفظان صحت کے اصول اپنانے کی جانب فطرتی طور پر آپ کا رجحان رہے گا ستارہ مشتری اور ستارہ زحل خاص طور سے آپ کو مفید حفظان صحت کے اصولوں سے آگاہ کرنے کیلئے اجتماعی یا انفرادی طور پر ایسا اچھا ماحول فراہم کرے جس سے آپ اپنی صحت اور اپنے گزشتہ پیدا شدہ ہونے والے مسائل و پریشانیوں کو دُور کرسکیں ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 30 مئی عروج یافتہ، 30 نومبر تا 25 دسمبر اوج یافتہ رہتے ہوئے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ملازمتی مراعات اور ترقی کا عنصر غالب رہے گا۔ قانونی مسائل اور پریشانیوں سے بھی آپ عہدہ براں ہوسکیں گے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 3,4,5 جنوری، یکم,2,3 مارچ، 4,5,6 مئی، 21,22,23 اکتوبر بننے سے صحت و تندرستگی آرام و آسائش اور اپنی صحت کی بحالی اور بہتری کی غرض سے فیملی کے ہمراہ قدرتی پُرفضا صحت افزا مقامات کی سیاحت کو بھی اپنی مصروفیات میں اس سال شامل رکھیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 16 مارچ تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 20 دسمبر وبال یافتہ اور خصوصاً یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء رجعت (اُلٹا) ہونے سے کاموں میں سُست روی دوسروں سے تعلقات میں شکوک و شبہات اور اہم کاموں میں سُست روی دکھائی دیتی ہے تاہم اپنے شراکتی نوعیت کے پینڈنگ کاموں کو مکمل کرنے کیلئے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے شراکتی اور ازدواجی نوعیت کے مسائل اور پریشانیوں کو بہ آسانی حل کیا جاسکے گا ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی اور بہت سارے خوش کُن واقعات رونما ہونگے عطارد مشتری سعد نظرات 17,18,19 فروری، 27,29 مارچ، یکم,2 جولائی، 9,10,11 اگست، 3,4,5,24,25,26 ستمبر، 7,8,9,17,18,19 دسمبر بننے سے قیاس آرائیوں سے ہٹ کر مثبت سوچ کے سبب اپنے اور اپنے پیاروں کیلئے مستقبل پر مبنی اچھے فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ بزرگوں اور مخلصین کی دُعائیں بھی شامل حال رہیں گی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2023ء ستارہ مشتری اور ستارہ زحل کی مشترکہ سعد نظرات بیت الخوف یا وراثت کے گھر مکمل سعد نظرات

پڑنے سے دیرینہ پیچیدہ وراثتی شراکتی یا انشورنس کلیم سے متعلقہ اہم معاملات حل ہوسکیں گے جو اس سے پہلے خواہ مخواہ کی مشکلات ہٹ دھرمی یا ضد کا باعث دوسروں کی جانب سے بنے ہوئے تھے 2023ء میں بھی چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی حل المشکلات کا باعث بنے مشترکہ مفادات کے کام بھی آسانی سے حل ہوسکیں گے۔ اپنی وراثتی اور شراکتی اُلجھنوں کی سلجھن کیلئے اسم اعظم یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب ایک تسبیح اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا اور دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ ہونے سے نصیب یاوری اور خوش بختی کے بہت سارے نیک وسائل آپ کو اپنی طرف متوجہ کئے بغیر نہ رہ سکیں گے خصوصاً ستارہ زحل کی سعادت 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء آپ کی زندگی مستقبل کو درخشاں بنانے کے منصوبوں میں پیدا شدہ رکاوٹیں از خود دور ہوتی رہیں گی اس خوش بختی میں مزید اضافہ اُس وقت ہوجائے گا جب ستارہ مشتری 24 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء شمسی زائچے کے پانچویں آکر طالع پانچویں نویں اور گیارہویں خصوصاً نصیب کے گھر کو سارا سال سعد ناظر رہے گا ستاروں کی یہ خوش بختیاں آپ کا نصیب سنوار دیں گی آپ اپنی اور اپنی فیملی کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی مثبت کوششیں فرمائیں گے کامیابی آپ کا مقدر ہوگی اعلیٰ تعلیم کے لئے طلبہ بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں گے حج عمرہ وزیارات کے خواہاں اس نیک سفر کو اپنا مقدر بناسکیں گے کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے کئے گئے سفر باعث برکت ثابت ہونگے اور مزید اچھی خبر یہ ہے کہ 17 جنوری 2023ء سے شمسی زائچے کی جاری ساڑھ ستی بھی اس سال ختم ہوجائے گی۔ شمس مشتری سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 30 جون، یکم ,2 جولائی، 9,8,7 ستمبر، 28,27,26 اکتوبر اس سال کی نہایت اہم سعد تواریخ ہیں جن میں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ بہ آسانی نیک وسائل پالیں والدین بزرگوں اور کسی مرشد کامل کی دُعا بھی آپ کا مقدر بدل دے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ 2023ء کی سب سے اہم بریکنگ نیوز یہ ہے کہ آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا خاتمہ 17 جنوری سے ہوجائے گا یوں 2023ء سے ایک نئے خوش کُن دور کا آغاز ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے سعد اکبر ستارہ مشتری یکم تا 21 اپریل سعد اکبر ستارہ مشتری جو فطرتی طور پر عزت اور دولت کا حاکم ستارہ عزت اور کیریئر کے گھر کو 12 سال بعد سعد ناظر رہتے ہوئے ایک نئے 12 سالہ بتدریج اُبھرتے ہوئے ترقی یافتہ دور کا آغاز شروع ہوجائے گا جو اس سال لوگ اپنی زندگی کے کیریئر کا آغاز خوش اسلوبی سے کرسکیں گے اور اولڈ ایج قوسی افراد ریٹائرمنٹ کے بعد خوشحال زندگی گذارنے کی کامیاب منصوبہ بندی کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ 2023ء ستارہ زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کا تعلق کسی شعبہ یا ملک سے کیوں نہ ہو آپ ان خوشگوار تبدیلیوں کو محسوس کریں گے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ اچھے وقت میں اپنے اور اپنے پیاروں کی تعمیر وترقی اور اپنی کاروباری عزت وساکھ اور ذمہ درانہ پیشہ ورانہ کامیابیاں آپ کا بہ آسانی مقدر بن سکتی ہیں بشرطیکہ آپ کامیابی کی طرف پہلا قدم اُٹھالیں کیریئر اور عزت کا حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے مزید نیک وسائل مہیا کرے گا آپ کاروباری چیلنج پسندانہ کام کرنے بھی پسند کریں تاہم ستارہ عطارد 16 مارچ تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 20 دسمبر وبال یافتہ اور خصوصاً ستارہ عطارد رجعت (اُلٹا) ہونے سے یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء اہم کاموں میں سُست روی کا اندیشہ ہوسکتا ہے متفکر اور پریشان ہونے کی بجائے صبر وتحمل سے کام لیں 2023ء کا بہترین صدقہ مستحق طلبہ کی پڑھائی میں ان کی مدد کی جائے۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال بیت المال میں ہونے کے سبب اپنے دوست احباب سے مدد اور نصرت ملے نہ صرف بلکہ آپ بھی ان کی ایسی مالی خدمت جس کی جزاء آپ قدرت کی طرف سے چاہیں کچھ نیکیاں کچھ صدقہ جاریہ کے کام آپ کے ہاتھوں 2023ء میں نمایاں طور سے دکھائی دیتے ہیں 17 جنوری ساڑھ ستی کے خاتمے کے بعد ماضی قریب میں جن دوست احباب نے آپ کی مدد کی ہوگی اب آپ انکی جواباً خدمت کرکے روحانی خوشی محسوس کریں گے چار اہم کواکب زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کی سماجی سیاسی مذہبی

تقریبات میں شرکت کے متعدد مواقع ملیں کاروبار جائیداد کی خرید وفروخت سے غیر متوقع مالی مادی فوائد ملیں آپ کے فنکارانہ ذوق آپ شخصیت کی سحر انگیزی اور پُرکشش تحریر وتقریر دوسروں کو آپ کا گرویدہ بنا سکتی ہے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات **17,18,19** فروری، **27,28,29** مارچ، یکم، **2** جولائی، **9,10,11** اگست، **3,4,5,24,25,26** ستمبر، **7,8,9,17,18,19** دسمبر بننے سے قریبی دوست احباب سے مل کر اور باہمی سوچ و بچار کے بعد اجتماعی طور پر اپنی اور اپنے احباب کی فیملیز کو درخشاں اور خوشگوار بنانے کیلئے اہم فیصلے بھی کر سکیں گے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **12** مارچ چھٹے، **10** مئی تا یکم جولائی آٹھویں نحس گھر ہونے سے آپ کے خفیہ دشمن زیر و آشکار ہوں ستارہ مشتری کی سعد نظر بارہویں گھر پر **21** اپریل **2023**ء تک ہونے سے بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے والوں کو آسانیاں ملیں اور ایسے قوسی جو بیرون ملک جانے کا ارادہ رکھتے ہیں آسمانی کونسل پرستاروں کی اچھی نظرات دو اہم ستارے زحل مشتری کی تبدیلی اور ساڑھ ستی کا خاتمہ اس بات کی نوید ہے کہ بیرون ملک نئے قوسی افراد حصول روزگار یا امیگریشن کیلئے اپلائی کرنے والوں کیلئے **2023**ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے نظر بد جادو ٹونہ جیسے بد اثرات بھی دور ہوسکیں گے اور کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے آپ کو فیض ملے گا۔ مریخ مشتری سعد نظرات **31** جولائی تا **03** اگست آپ اپنی روح کے اندر ایک انفرادی روحانی قوت آپ کا دل و دماغ ایک تازگی جذب وسرور کی کیفیت محسوس کریں گے۔ مریخ مشتری نحس نظرات **20,21,22,23,24,25,26** مئی، **27,28,29,30** اکتوبر دوسروں سے اختلاف رائے اپنے جذباتی غم وغصہ پر قابو رکھیں **2023**ء کا بہترین صدقہ ہر منگل کسی قربانی کے جانور کا صدقہ دینار دبلا ثابت ہوگا۔

قوسی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ **2023**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن لگیں گے **20** اپریل سورج گرہن، **29** اکتوبر چاند گرہن پانچویں لگنے سے صاحب اولاد قوسی افراد کو اپنے بچوں کے روز وشب اور انکی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے بازاری قسم کی محبت عزت ورسوائی کا باعث بن سکتی ہے اسٹاک ایکسچینج کے کاموں میں بھی محتاط حصہ لیں حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں **05** مئی چاند گرہن خواہشات اور دوستوں کے گھر میں لگنے سے آپ کی دوسروں سے متعلقہ توقعات پوری نہ ہوسکیں **14** اکتوبر سورج گرہن آپ کی عزت وتوقیر کے گھر میں لگنے سے کاروباری مالی نقصانات حاسدین مخالفین کی جانب سے مسائل و پریشانیاں پیش آنے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں خصوصاً آپ اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ اپنے حاسدین ومخالفین سے خاص طور پر محتاط رہیں ورنہ وہ آپکی بدنامی رسوائی کیلئے خواہ مخواہ کی افواہیں پھیلا سکتے ہیں۔ گرہن سے **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات دیں اور دو نفل نماز کسوف وخسوف ادا کر کے اپنی نحوستیں اور پریشانیاں دُور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ **3,4,8,8,18,22,25,26,31** جنوری، **5,14,18,19,23,27** فروری، **4,14,18,23,27,28** مارچ، یکم، **11,12,15,19,24,29** اپریل، **5,9,13,17,22,27** مئی، **5,10,14,19,24** جون، یکم، **3,7,12,16,21,31** جولائی، یکم، **4,8,10,13,18,27,31** اگست، **4,8,9,14,24,25,28** ستمبر، **2,6,11,21,22,25** اکتوبر، **2,7,17,21,25,30** نومبر، **4,8,14,18,22,27** دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ **5,13,20** جنوری، **2,10,17** فروری، **2,9,16,30** مارچ، **6,13,27** اپریل، **4,11,18,23,24** مئی، یکم، **7,11,21,29** جون، **5,17,19,26** جولائی، **2,7,15,22,23,29** اگست، **12,17,19,26** ستمبر، **8,16,23,28,29** اکتوبر، **3,5,12,19** نومبر، **2,9,10,16,29** دسمبر۔

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفر دنمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور، ور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یا رسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہرا السلام علیکم یا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہدا امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکر ونکیر کو با آدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء آسمانی کونسل پر برج جدی والوں کیلئے بریکنگ نیوز خوشخبری یہ ہے کہ آپ کی شمسی ساڑھ ستی کا زور کم ہو جائے گا ستارہ زحل **27** سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء سے **29** اپریل **2025**ء شمسی زائچے کے دوسرے خانہ مال اور اپنے ذاتی برج دلو میں آنے سے پہلے جیسے اُتار اور چڑھاؤ جیسے حالات نہ رہیں گے بلکہ جنوری سے ہی حالات میں بتدریج بہتری کا ایک نیا دور شروع ہو جائے گا سعد اکبر ستارہ مشتری بیت الاقرباء کے اپنے ذاتی ثانوی گھر **21** اپریل **2023**ء تک تیسرے ساتویں نویں اور گیارہویں گھروں کو سعد ناظر رہنے سے خوشگوار سفر وسیلہ ظفر نصیب یاوری شراکت شادی اور مشترکہ مفادات کی دلچسپی کے کئی ایک امور خوش اسلوبی سے طے پائیں اس سال آپکی کئی ایک دیرینہ خواہشات بھی پوری ہو سکیں گی سعد اکبر ستارہ مشتری **22** اپریل تا یکم مئی **2024**ء وتد الارض پر آنے سے خاندان میں اضافہ رہائشی تزئین وآرائش زمین جائیداد پراپرٹی کا سکھ زراعت باغبانی سے نفع حسبِ خواہاں سواری کا حصول وراثتی تقسیم خوش اسلوبی سے طے پائے۔ نئے کاروبار کی ابتداء اور جاری کام میں مزید سرمایہ کاری کرنا **2023**ء میں نہایت مفید دکھائی دیتا ہے خصوصاً صحت وتندرستی شفایابی حفظان صحت کے اصول جان کر آپ اپنے خاندان اور پیاروں کو آگاہ کریں بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا مئی تا دسمبر بہترین وقت اور جن جدوی افراد نے پہلے سے اپلائی کر رکھا ہے انہیں اس سلسلے میں کامیابی ملے روحانی ریاضت چلہ کشی یا پھر اسم اعظم خدا شناسی کی جستجو بزرگ جدوی افراد تلاش اور جستجو میں مصروف عمل رہیں **20** اپریل، **05** مئی، **14** اکتوبر اور **29** اکتوبر کے گرہن آپ کے جاری خوشگوار حالات وواقعات میں خواہ مخواہ کے مسائل اور پریشانیاں لانے کا سبب بنیں کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ان ایام سے **15** دن قبل تا بعد محتاط رہیں اور حسبِ توفیق جی کھول کر صدقہ وخیرات دیتے رہیں۔ جو لوگ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ان کی شمسی ساڑھ ستی کا خاتمہ کب ہوگا وہ **28** اپریل **2025**ء کی تاریخ نوٹ فرمالیں ساڑھ ستی میں اہم کاموں کی ترتیب وتکمیل میں سُست روی لالچ میں آکر مالی نقصان اور پریشانیاں غیر متوقع طور سے پیش آسکتی ہیں۔ **2023**ء ان خدشات کو یا دور کرنے کیلئے اپنے ہاتھ میں ایک سُچا موتی یا سفید مرجان چاندی کی انگشتری میں دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا نیک رہے گا اور سفید اشیاء کا صدقہ دینا خصوصاً سفید لباس بطور کفن مذہبی وسماجی ادارے جو اس سلسلے میں خدمات انجام دیتے ہیں ان کے سپرد کرنا نیک عمل رہے گا۔

آپ کی شخصیت:۔ آپکا حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء اپنے فعلی ذاتی برج دلو شمسی زائچے کے خانہ مال میں آکر **17** جنوری **2023**ء تا **24** اپریل **2025**ء تک یہاں سعد پوزیشن میں رہے گا آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ وسعت وخوشیوں کا احساس محسوس کریں گے یوں بھی اس سال زحل کے ساتھ مشتری راہو کیتو کی تبدیلی بھی آپ کی عزت ساکھ نیک نامی میں اضافے کا باعث بنے انفرادیت سے ہٹ کر اجتماعی طور پر خلق خدا کی خدمت کے جذبے سے آپ معجزاتی طور پر سرشار رہیں گے۔ **2023**ء آپ اپنی کاروباری پیشہ ورانہ یا پھر فنکارانہ صلاحیتوں کو اُجاگر ہوتا ہوا محسوس کریں نہ صرف یہ اس سال غیر متوقع طور سے کئی ایک مستقبل کو درخشاں بنانے کے نیک وسائل آپ کے منتظر

ہوں دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ پلیٹ فارم پر آئی درست وقت میں درست ٹرین کا آپ انتخاب کرلیں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر آپ قابو پانے کی مثبت صلاحیت کواُجاگر کرسکیں جس سے آپ کی ذہنی وقلبی سکون میں اضافہ ہوگا۔ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب کچھ اہم معاملات میں سُست روی پیش آسکتی ہے ان ایام میں **60** سے زیادہ عمر کے بزرگ مرد وخواتین کی حسبِ توفیق خدمت کرنا نیک رہے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء شمسی زائچے کے دوسرے اپنے ذاتی برج دلو میں آکر نہایت طاقتور ہونے سے شمسی ساڑھ ستی کا جاری زور قدرے کم ہوگا۔ **2025,2024,2023**ء نہایت اہم منافع بخش سال ثابت ہونگے جزوقتی یا طویل المعیاد معاشی اسکیموں میں حصہ لینا مستقبل میں یقینی طور پر نفع بخش ثابت ہوگا مقروض جدوی افراد کو قدرت اتنا عطا کردے گی کہ وہ اپنے قرض سے نجات پاسکیں ذرائع آمدن میں اضافہ اور ہر طرح کی مالی خوش بختیوں کے حصول کیلئے چاشت کی نماز کے بعد ایک مرتبہ گیارہ آیات کی سورۃ الشمس اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا معمول بنالیں (آیت نمبر **5** جب آئے تو اسے **21** مرتبہ اسی جگہ دہرائیں) ایسے جدوی افراد جو **2023**ء میں یقینی طور پر خوش بختیاں چاہتے ہیں وہ اپنے ہاتھ میں ایک قراٹ ہیرا یا پھر دس قراٹ سفید پکھراج یا اوپل لیکر اپنے ہاتھ میں پہنیں یقیناً قدرت کے عطا کردہ جوہرات کے طبی اور سحری خواص سے حیرت انگیز طریقے سے فیض پائیں ستارہ زہرہ زحل سعد نظرات **24,23,22** جنوری، **19,18,17** مارچ، **14,13,12** مئی، **7,6,5** دسمبر بننے سے نئے کاروباری معاہدے مالی مفادات کواستحکام بخشیں کوئی بڑا انشورنس پلان لینا بھی دانشمندانہ فیصلہ ہوگا قدامت پسندی سے جدت پسندی کے سفر کا آغاز یا جاری سفر مزید تیز ہوسکے گا زہرہ زحل نحس نظرات **15,14,13** اپریل، **5** جون، **11** اکتوبر، **31** دسمبر بننے سے لالچ میں آکر اپنا قیمتی سرمایہ اور وقت دوسروں کی نذر نہ کریں ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے یہ بھی ایام احتیاط طلب ہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ سعد اکبر مشتری گزشتہ سال سے آپ کے تیسرے اپنے ذاتی گھر میں چلا آرہا ہے اس کا قیام **21** اپریل تک یہاں رہے گا اس کی سعد نشست عزیز واقارب، بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اور ان کی مالی اخلاقی اور وقت کے حوالے سے خدمت کے مواقع ملیں، بہن بھائیوں کے مابین وراثتی جائیداد کی منصفانہ تقسیم سے ماحول خوش کُن ہوسکتا ہے علمی ادبی روحانی تخلیقی مصروفیات شوق جنون کی طرح جاری رہیں گی خداشناسی اور اپنی معارفت کے حصول کا شوق آپ کو باشعور نیک دل نیک سیرت بزرگوں سے روحانی فیضیابی بھی ملے اندرون ملک سیر وتفریح مطالعاتی اور عزیز واقارب سے ملنے کے لئے کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں سفر وسیلہ ظفر سچائی آپ ملاحظہ فرماسکیں گے ستارہ مشتری **22** اپریل **2023**ء تا یکم مئی **2024**ء چوتھے گھر آنے سے آپ یا آپ کے عزیز واقارب کی تبدیلی رہائش اور اندرون ملک ہجرت کے خوش کُن مواقع ملیں ستارہ مشتری **04** ستمبر تا **31** ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب بہن بھائیوں اور قریبی افراد کی کچھ ایسی اضافی خدمات آپ کو انجام دینی پڑیں جس سے آپ روحانی سکون محسوس کرنے کے ساتھ ساتھ ایک لطیف گوناں گوں خوشی کا احساس پائیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا **12** مارچ وبال یافتہ، **10** مئی تا **30** جون ہبوط یافتہ اور ایک اور اہم ستارہ راہو **18** سال کے بعد وتد الارض پر **29** نومبر **2023**ء تک رہے گا ستاروں کی غیر معمولی تبدیلی سال کا آغاز نہایت غیر معمولی قسم کے واقعات سے شروع ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے شریر اور حاسد قسم کے لوگ آپ کے خاندان میں پھوٹ ڈلوانے کی ناکام کوششیں کرسکتے ہیں جنوری، فروری، مارچ، اپریل نہایت اہم مہینے دکھائی دیتے ہیں اہل خاندان کے مابین تب آزمائش وپریشانیاں اختلاف رائے جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں خصوصاً والدین ووالدہ کی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں اور انہیں کوئی بھی اذیت یا دُکھ دینے سے گریز کریں ان کی حیات آپ کیلئے دُعاؤں اور نعمت کا وسیلہ ہے ستارہ مشتری **12** سال کے بعد **22** اپریل تا یکم مئی **2024**ء جیسے ہی وتد الارض پر آئے گا مشکلات دُور اور حالات میں خیر وبرکت شروع ہوجائے گی۔ اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت کا سلسلہ مئی تا دسمبر وقفہ وقفہ سے جاری رہے گا زمین جائیداد زراعت کی خرید وفروخت نفع بخش رہائشی تزئین وآرائش سے خوش قسمتی اور خوش بختی میں اضافہ ہوگا ستارہ مریخ یکم جولائی تا **18** اگست اوج یافتہ، **16** نومبر تا **27** دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے خاندانی خوشیوں میں اضافہ جرأت مندانہ فیصلوں سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر قابو پاسکیں گے ستارہ مریخ اور زحل کی سعد نظرات **28** مارچ سے **02** اپریل، **12** اکتوبر

سے 15 اکتوبر تک بننے سے بگڑے معاملات کنٹرول میں آجائیں گے نظم وضبط برداشت سے آپ اجتماعی طور پر خاندانی معاملات کا تحفظ کر پائیں گے۔ 20 اپریل 2023ء سورج گرہن، 29 اکتوبر 2023ء چاند گرہن اسی گھر میں لگنے کے سبب کچھ صدمات مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ 15 دن قبل تا بعد محتاط رہیں اس کے علاوہ مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بھی مشکلات غیر متوقع پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ جس سے اداسی مایوسی محسوس کریں ان ایام میں احتیاط کے ساتھ صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت کی یکساں خوشیاں خواہاں جدوی افراد کو مل سکیں گی بچوں کی تعلیم وتربیت اور ان کی شادی منگنی کے خوش کُن واقعات آپ کی خوشیوں میں اضافے کا باعث بنیں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ 2023ء جلد جلد تبدیلیوں کا سال دکھائی دیتا ہے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ آئی ٹی انفارمیشن ٹیکنالوجی سے فیضیابی آپ کو اسٹاک شیئرز انشورنس اور دیگر کچھ انعامات غیر متوقع طور سے مل سکیں گے زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے معیشت کی مضبوطی بچوں کے مستقبل کی درخشاں پلاننگ کچھ اچھے اہم فیصلے آپ کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے کچھ ناپسندیدہ واقعات رکاوٹیں جذباتی معاملات میں رسوائی کے خدشات بعید از قیاس نہیں ان ایام میں خاص طور سے محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں ایسے جدوی افراد جو انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈز میں دلچسپیاں رکھتے ہیں ان کیلئے 24,23,22,10,9 جنوری، 31,30,29,28,19,18,17,13,12,11,10 مارچ، 2 اپریل، 14,13,12 مئی، 15,13,12 اکتوبر، 7,6,5 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض اور بیت النصیب کا حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے حفظان صحت کی شعور وآگاہی میں اضافے سے آپ اپنے اور اپنے خاندان کے احباب کی بہتر نگہداشت کرنے کی پوزیشن میں ہونگے ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی کا عنصر غالب رہے گا زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی ملازمتی اور پیشہ ورانہ معاملات میں تبدیلی اور بہتری کا امکان دکھائی دیتا ہے۔ 2023ء اس حوالے سے نہایت اہم سال ہے جتنی زیادہ جستجو آپ کریں گے اس سے دوگنا اجر اپنے کیرئیر اور دیگر روزگار کے معاملات میں پائیں گے اندرون و بیرون ملک روزگار کی تلاش میں جانے والے جدوی افراد کیلئے یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے حیلہ کرنے سے بہترین وسیلہ آپ کا منتظر ہوگا ستارہ عطارد 16 مارچ تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 28 دسمبر کمزور ہونے کے سبب ارضی وبائی موسمیاتی تبدیلیاں آپ کے مزاج پر گراں گذر سکتی ہیں ممکنہ سارا سال نیم گرم پانی پینا شفایابی کا باعث بنے ستارہ عطارد چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 2 جنوری 2024ء ان ایام میں اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں ملازمتی فرائض بھی ذمہ داری سے انجام دیں اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے ہلکی زود ہضم اغذیہ وادویہ کا استعمال آپ کی صحت کو بہتر اور بحال رکھے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ ساتویں کا حاکم قمر ابتدائے سال میں منزل شرطین (اشونی نچھتر) ہمراہ راہو ہونے سے شراکتی خانگی ازدواجی تعلقات میں خوشگواری رہے گی جواں سال شادی کے امیدوار جدوی لڑکے لڑکیوں کی پُرکشش شخصیت اچھے رشتے ملنے کا سبب بنے ستارہ مشتری کی سعد نظر یکم تا 21 اپریل ساتویں گھر پڑنے سے خواہاں افراد خواہ وہ عقد ثانی کے ہی امیدوار کیوں نہ ہوں ان کے اچھی جگہ پر شادی خانہ آبادی ہو سکے گی 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء کے دوران جن افراد کی شادی ہوگی انہیں ستارہ مشتری کی خوش بختی سے ہر دو خاندان والوں میں عزت و پذیرائی ملے شادی کی خوش بختی مادی اور مالی فوائد بھی ملیں مشتری کے علاوہ ستارہ زحل اور راہو کیتو کی تبدیلی بھی شراکتی ازدواجی خانگی معاملات میں

حسبِ حال وقفہ وقفہ سے خوشیوں کا باعث بنے ستارہ قمر کی سعد پوزیشن 31,30,9,8,7,4,3,2 جنوری، 28,27,26,6,5,4 فروری، 31,30,27,26,25,5,4,3 مارچ، 28,27,26,25,24,23,22 اپریل، 21,20,19 مئی، 22,21,20,17,16,15 جون، 19,18,17,15,14,13 جولائی، 16,15,14,11,10,9 اگست، 12,11,10,7,6,5 ستمبر؛ 31,30,5,4,3,2 اکتوبر، 28,27,26,6,5,4 نومبر، یکم,2,3,24,25,26,28,29,30 دسمبر بننے سے خوش بختی کے اعتبار اور رشتوں کے حصول میں آسانی کیلئے مندرجہ بالا تواریخ نہایت اہم اور نیک دکھائی دیتی ہیں۔ من پسند شادی کیلئے اسم اعظم یا وارثُ 707 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے نیک مقصد کیلئے دُعائیں کرنا نصیب یاوری کا باعث بنے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2023ء میں بھی چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی اور خصوصاً ستارہ مشتری کی سعد نظر 22 اپریل 2023ء تا یکم مئی 2024ء وراثتی گھر پر سعد نظر پڑنے سے وراثتی شراکتی امور میں آسانیاں پیدا ہوں اور آپ کے سبھی امور حسبِ منشا طے پائیں بیت الخوف کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 14 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 17 اکتوبر اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے انشورنس کلیم بغیر محنت کے دولت از قسم وراثت اور شراکت سے بہ آسانی ملے شمس زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 26,25,24 اپریل، 14,13,12 مئی، 30,29,28 جون، 25,24,23 اکتوبر، 25,24,23,7,6,5 دسمبر مالی و مادی مستحکم نوعیت کی پیشکش آپ کے مستقل ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات حل کی جاسکیں مندرجہ بالا سبھی سعد ایام مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں آسودگی اور بہتری پائیں مشترکہ طور سے اپنے اور دوسروں کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے کئی گئی سبھی کوششیں بار آور ثابت ہوں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ عطارد 12 منقطۃ البروج میں اہم ستاروں سے سعد نظرات بنائے چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی بروجی تبدیلی اس بات کا یقینی اشارہ ہے کہ آپ اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی اور اپنی فیملی کا مستقبل درخشاں بنانے کیلئے مندرجہ ذیل ایام میں جو کوششیں فرمائیں گے ان میں آپ کو متعدد کامیابیاں ملیں ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کئی طرح کے چیلنج کا سامنا کرنے کیلئے اپنے آپ کو تیار پائیں اور کئی ایک اہم کامیابیاں آپ کا مقدر ہوں۔ طلبہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں بیرون ملک حصول امیگریشن اور کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے ان ایام میں کی گئی پلاننگ اور ان پر عمل درآمد کرنے سے کئی طرح کی خوش بختیاں آپ کا مقدر ہوں حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے خواہاں افراد کو ممکنہ ہر طرح کے نیک وسائل ملیں ستارہ عطارد زحل زہرہ سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17,3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,19,18,17,16,15,14,13,12,11,10,9 مئی، 30,18,17,16 جون، 28,27 جولائی، 18,17,16,15,14,13 نومبر، یکم,2,3,4,5,6,7,10,11,12,21,22 دسمبر بننے سے سنجیدہ اور منظم سوچ جسے آپ عقلی اور منطقی اکائیوں پر پرکھ چکے ہوں ان ایام میں مستقبل کو درخشاں بنانے کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل درآمد بھی کرنا پسند کریں قانونی مشاورت بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کئے گئے سفر یقینی طور پر کامیابی کا باعث بنیں تاہم ستارہ عطارد امسال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 10 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے معاملات میں قدرے سُست روی آسکتی ہے صبر و تحمل اور مستقل مزاجی سے اپنے مستقبل کے کاموں کو جاری رکھیں نہ صرف ان ایام میں بنائے گئے مستقبل کے منصوبوں پر نظرثانی کرنا بھی نیک رہے گا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کے گھر میں 29 نومبر 2023ء کیتو کی 18 سال بعد آمد آپ کے جاری کاروباری معاملات نظرثانی کے طالب ہو سکتے ہیں آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ سے حاسدین مخالفین آپ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں مناسب احتیاط کی گئی تو آپ کے کاروباری معاملات میں خیر و برکت کا سلسلہ جاری و بحال رہے گا خوش بختی کا ستارہ مشتری 12 سال بعد 22 اپریل تا 04 مئی 2024ء مکمل سعد نظرات سے کیرئیر اور عزت کے گھر کو ناظر رہتے ہوئے غیر متوقع طور سے کئی ایک کامیابیاں عطا کرے ستارہ مشتری کی 12 سال بعد سعادت آپ کو مضبوط کاروباری شخصیت بنانے میں خوش بختی کاروباری نئے وسائل ملنے اور کاروباری دولت میں اضافے کا

سبب بنے۔ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ عزت توقیر نیک نامی سماجی سیاسی مذہبی حلقوں میں عزت اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔2023ء کسی نئے کام کی ابتداء اور جاری کاموں میں حصہ لینا باعث برکت ثابت ہوگا زحل، مشتری، راہو، کیتو کی اس سال تبدیلی نئے کاروباری وسائل اور جدت پسندانہ روزگار کی طرف آپ کو متوجہ کرائیں گے زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے بااثر اور حکام سے قربت ملازمتی ترقی اور تبدیلی ملازمت کے اچھے مواقع بھی آپ کے منتظر ہونگے تاہم زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اگست، 5 جون، 12 اکتوبر، 31 دسمبر بننے کے علاوہ 5 مئی عزت کے گھر میں چاند گرہن اپنے لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہنے کا اشارہ ہے ان سبھی ناقص ایام میں دوسروں سے دوری بلاوجہ کی کاروباری رکاوٹیں آزمائش و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ احتیاط کا پہلو بھی شامل حال رکھیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات کی تکمیل میں آسانیاں لائے گا زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور شراکتی کاموں میں نفع حاصل ہوگا سماجی سیاسی مذہبی مصروفیات وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہیں گی طالع کے حاکم زحل کی 2023ء میں مضبوط پوزیشن آپ کے اندر قائدانہ صلاحیتیں نمایاں ہونگی اور حلقہ احباب دن بدن وسیع ہوتا جائیگا۔ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ، 10 مئی تا یکم جولائی کمزور ہونے سے اپنے حاسد نما دوستوں کی تطہیر اوران سے دوری یا محتاط رہنے میں ہی عافیت دکھائی دیتی ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔بیت الاعداء کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 21 اپریل 2023ء آپ کے قریبی لوگ آپکے خلاف ایسی سازشیں کرسکتے ہیں جن کا آپ کو اندازہ بھی نہ ہو۔تاہم 22 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2024ء ستارہ مشتری کی چوتھے گھر تبدیلی اور اپنے بارہویں گھر مشتری کی سعد نظر حاسدین ومخالفین زیروآشکار ہوں حصول امیگریشن میں آسانی اور روحانی چلہ کشی ریاضت مراقبہ اور اسی جیسے سبھی علوم مخفیہ کی مشقیں کرنا نیک آپکی روحانی ارتکاز توجہ بڑھنے کے ساتھ ساتھ خود شناسی سے خداشناسی کی طرف روحانی ذوق وشوق بڑھے۔

جدوی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔2023ء میں دوسورج اور دو چاند گرہن 20 اپریل سورج گرہن، 29 اکتوبر چاند گرہن وتدالارض پر لگنے سے گھریلو خاندانی مسائل اور پریشانیاں ناگہانی حادثات خدانخواستہ پیش آسکتے ہیں 05 مئی چاند گرہن عزت کے گھر میں لگنے سے آپ کی عزت وتوقیر میں حاسدین کی سازشیں کامیاب ہوسکتی ہیں سخت محتاط رہیں 14 اکتوبر سورج گرہن نویں لگنے سے بیرون ملک کاروباری معاملات اور غیر متوقع بدقسمتی کے واقعات پیش آنے کا اندیشہ ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔27,23,19,15,5 جنوری، یکم, 24,20,16,11 فروری، یکم, 31,28,24,19,18,15,11,2 مارچ، 25,20,16,12,7,5 اپریل، 22,19,18,13,12,9,5 مئی، یکم, 30,29,19,14,10,6 جون، 30,26,16,11,7,3 جولائی، 31,27,22,12,7,3 اگست، 27,23,18,8,4 ستمبر، یکم, 28,24,22,20,15,13,5 اکتوبر، 29,25,20,16,12,2 نومبر، 27,22,21,18,13,9,6,2 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔30,17,10,2 جنوری، 26,14,6 فروری، 26,13,6 مارچ، 30,22,14,10,8 اپریل، 28,20,7 مئی، 24,16,15,3 جون، یکم, 28,21,20,14 جولائی، 24,17,10,2 اگست، 20,13,6 ستمبر، 30,18,11,10,3 اکتوبر، 27,23,14,10,7 نومبر، 24,11 دسمبر۔

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفر دنمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یارسول اللہ ﷺ اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہراؑ السلام علیکم یاامیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یامنکر ونکیر کو باادب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء **آسمانی کونسل** پر اس سال بھی چار اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی آپ کی زندگی میں انقلابی تبدیلیاں رونما کریں گے زحل، مشتری، راہو، کیتو میں سب سے اہم تبدیلی آپ کا حاکم ستارہ زحل **30** سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء طالع میں اڑھائی سال کیلئے آجائے گا یہ آپ کی بند قسمت کا دروازہ کھول دے گا بعض منجمین کے نزدیک آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی بے اثر ہو جائے گی کوئی بھی ستارہ اپنے ذاتی گھر میں کبھی خرابی نہیں دیتا ایسی مضبوط دلیل قابل قبول ہے آپ کا حاکم ستارہ زحل ایک سنجیدہ معلم اور انصاف پسند ستارہ ہونے کے ساتھ ساتھ یہ عروج وزوال کا ستارہ بھی مانا جاتا ہے اسی سبب علم نجوم سے آشنا لوگ زحل (شنی دیو) کی اڑھائی سالہ نحوست ڈھایہ اور ساڑھے سات سالہ نحوست ساڑھ ستی سے خائف رہتے ہیں لیکن آپ کیلئے ستارہ زحل ہمہ وقت خوش بختی اور خیر وبرکت کا ستارہ مانا جائے گا زحل کا اپنے برج دلو میں آئندہ اڑھائی سال تک بتدریج عروج کی نشاندہی کرتا ہے یہ آپ کو ایک مضبوط مستقل مزاج شخصیت بنادے گا۔ تحمل اور بردباری ثابت قدمی مستقل مزاجی قائم رکھنے سے آپ کے اندر تخلیقی وجدانی روحانی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا خصوصاً بزرگ دلوی خوش تدبیری سے مطالعہ باطن خود شناسی سے خدا شناسی کی طرف مائل ہوں جبکہ جواں سال دلوی افراد کا رجحان جدت پسندی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور نئے نئے علوم وفنون سیکھنے کی خواہشات موجزن رہیں خانہ مال کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری کا اپنے ذاتی گھر میں **21** اپریل تک قیام سال کی شروعات ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے کی گئی کوششیں بھی بارآور ثابت ہوں مستقل بنیادوں پر ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے کوئی بڑا انشورنس پلان یا ایسی زمین جائیداد پراپرٹی یا مستقبل کا کوئی ایسا کاروبار جس سے آپ اور آپ کے خاندان کے ذرائع آمدن میں مستقل اضافے کا باعث بنے۔ خاندان میں اضافہ اور دوسری شادی کرنے کے خواہاں دلوی افراد کیلئے **2023**ء ایک آسان سال اور خوش بخت سال دکھائی دیتا ہے آپ کی روشن ضمیری اور سخاوت پسندانہ رجحان میں اضافہ اس سال آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے کئی ایک نیک منصوبے انجام پائیں حج وعمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں افراد کی نیک آرزوئیں پوری ہوں آپ کا دل ودماغ مذہبی رجحانات آپ کی روح از خود حمد ونعت خوانی اور تلاوت کلام پاک میں ذہنی وقلبی سکون محسوس کرے اس سال آپ اپنے اہل خاندان سے مل کر اپنے ہاں کئی ایک روحانی تقاریب منعقد کرنا پسند کریں ایمان والوں کا ایمان کامل ہے کہ جہاں پر ذکرِ محمدؐ وآل محمد کیا جائے وہاں پر ان ہستیوں کی آمد ضرور ہوتی ہے دُنیا کا کوئی بھی محب آل رسولؐ عاشق مصطفیٰ سرکار کی نگاہوں سے پوشیدہ نہیں۔

آپ کی شخصیت:۔ 2023ء آپ کے حاکم ستارہ زحل کا **27** سال کے بعد **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء اڑھائی سال کیلئے طالع میں آنا آپ کی زندگی کا خوش بخت ترین دور دکھائی دیتا ہے آپ کی خود اعتمادی مستقل مزاجی نظم وضبط ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں کا اُجاگر ہونا مخلصین بزرگوں ماں باپ اور خصوصاً ماں کی دُعا کا آپ کے حق میں مستجاب ہونا آپ کی زندگی کا ایک نیا ترقی کا دور شروع ہو جائے گا آپ کا تعلق دُنیا کے کسی بھی ماحول سے کیوں نہ ہو آپ ان خوش بختیوں کو اپنی طرف آتا محسوس کریں جن کے ذاتی زائچے میں ستارہ زحل طاقتور ہے وہ تو جلد از جلد خوش بختیاں پائیں اور جن کا

ذاتی ستارہ زحل کمزور ہو وہ کسی منجم سے اپنا پیدائشی زائچہ بنوا کر اس کا اعلیٰ روحانی تدارک کر سکتے ہیں یوں تو مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے مجموعی طور پر یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے تاہم ستارہ زحل مریخ مشتری کی سعد نظرات 28,29,30,31 مارچ، 2 اپریل، 14 سے 24 جون، 31 جولائی، 3,2 اگست، 15,14,13,12 اکتوبر بننے سے کمال ہمت اور دلاوری سے آپ گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر قابو پا کر خوش بختی کی راہیں تلاش کر لیں گے۔ زحل مریخ مشتری نحس نظرات 20, 21, 22, 23, 24, 25, 26 مئی، 19, 20, 21 جولائی، 27, 28, 29, 30 اکتوبر، 27,26,25,24 نومبر جلد بازی جذباتی پن اپنے غم و غصہ پر قابو رکھنے سے آپ بہت سارے مسائل سے محفوظ رہ سکتے ہیں 2023ء کا بہترین صدقہ بروز منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لیکر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر کسی کھلی جگہ جانوروں کو ڈالنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ بیت المال اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے خانہ مال میں چلا آ رہا ہے یہ اپنے 12 سالہ سعد قیام کے بعد 24 اپریل کو برج تبدیل کر کے تیسرے برج حمل میں آ جائے گا ہر دو سعد گھروں میں اس کا قیام غیر متوقع طور سے خیر و برکت اور ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے خاندان میں اضافہ خوش لباسی خوش خوراکی سماجی سیاسی مذہبی محافل میں آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہوگا ذرائع آمدن میں اضافے کیلئے معمولی سی کوششیں بھی بار آور ثابت ہوں بہ آسانی دولت کمانے کی قابلیت آپ اپنے اندر محسوس کریں اسٹاک ایکسچینج پرائز بانڈز لاٹریوں سے بھی کچھ دلوں افراد امیر کبیر ہو سکیں گے ایسا اچھا وقت جو زندگی میں جشن بہاراں کی طرح ہے مستقل ذرائع آمدن کوئی بڑا انشورنس پلان لینا یا کوئی ایسی جائیداد جو آپ اور آپ کی فیملی کیلئے مستقل ذرائع آمدن کا ذریعہ بن سکتی ہے آپ کی کوشش آپ کی فیملی کے مالی تحفظ کا باعث بنیں۔ ستارہ مشتری یوں تو پورا سال ہی عجیب و غریب طریقے سے ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے اولاد اور اولاد نرینہ کے خواہاں افراد کے ہاں اولاد نرینہ کی خوشی ملے ادائیگی قرض سے نجات بھی پا سکتے ہیں قرض کی ادائیگی ذاتی یا کسی مالیاتی ادارے کی کیوں نہ ہو اس سال آپ اسے بہ آسانی ختم کر سکتے ہیں اور قرض جیسی مرض کا خاتمہ ہی آپ کیلئے نیک فال ہے ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 21 دسمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے مالی معاونت کے حصول کیلئے سست روی عارضی طور پر متفکر ہونے کی بجائے اسم اعظم یَا رَزَّاقُ یَا ربِّ یَا رَزَّاقُ 313 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھکر نماز فجر کے بعد اپنے لئے دُعائیں کرنا معمول بنا لیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کے گھر میں 18 سال کے بعد راہو مقابل کیتو کا قیام 29 نومبر 2023ء تک یہاں رہے عزیز واقارب بہن بھائی رشتہ داروں اور ہمسائیوں سے غیر معمولی تعلقات میں خوشگواری آئے آپ اپنی فیاضانہ طبیعت کے تحت اپنے ہر اُس پیارے کی مالی اخلاقی خدمت کرنا پسند کریں جسے اس کی ضرورت ہو خاص طور پر بیمار عزیز واقارب کی تیمارداری اور اُن کی صحت سلامتی پر آپ بڑھ چڑھ کر اُن کی خدمت کرنا پسند کریں۔ آپ اور آپ کے پیاروں کے درمیان آنے والی مشکلات بھی بتدریج دور ہوتی رہیں بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 12 مارچ، 10 مئی تا 30 جون کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب یہ وقت عزیز واقارب کی زیادہ سے زیادہ خدمت کیلئے ذہنی طور پر تیار رہیں ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست، 16 نومبر تا 21 دسمبر سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کے عزیز واقارب جو اپا آپ کیلئے تشکر اور آپ کیلئے کسی خدمت کو انجام دینے کے متمنی ہونگے عجیب وغریب طریقے سے خیر و برکت کا حصول اور آزمائش و پریشانیاں بہ آسانی دور ہو سکیں۔ ستارہ مریخ زحل سعد نظرات 28 مارچ سے 02 اپریل، 12 اکتوبر سے 15 اکتوبر بننے سے نظم وضبط قوت برداشت میں اضافے سے آپ اپنے عزیز واقارب کی دلجوئی اور انکی فراغ دلانہ خدمت کو ترجیح دیں اور ان کی دُعائیں آپ کی نصیب یاوری کیلئے کافی دکھائی دیتی ہیں۔ مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بننے سے دوران سفر چوٹ لگنے یا حادثہ پیش آنے کا اندیشہ ہے سفر سے قبل یا روزانہ کی بنیاد پر ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دینا نہایت نیک رہیگا خصوصاً کاروباری حضرات اس دوران اپنے سفر کو محفوظ بنانے کیلئے اور اپنی تجارتی سامان کی نقل وحمل سے قبل اپنے سامان کا انشورنس بھی از بس ضرور کروالیں۔ اپنی ہمت اور حوصلہ کو بڑھانے کیلئے سید الملائکہ حضرت جبرائیل کا شعر'' شاہ مرداں شیر یزداں قوتِ پروردگار لافتی الاعلی لاسیف الاذوالفقار '' اسے 110 مرتبہ سفر کی ابتداء ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کا وسیلہ بنا سکتے ہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال میں طالع کے حاکم زحل کے ساتھ بارہویں نحس گھر میں اور چوتھے گھر میں مریخ کا وبال یافتہ ہونا اندرون خاندان فکر و پریشانی کا اشارہ دکھائی دیتا ہے کچھ پریشانیاں تو قدرتی طور پر آتی ہیں جن کیلئے صبر

جمیل اور کچھ پریشانیاں ہم از خود اپنے لئے سہواً پیدا کر لیتے ہیں اسی طرح کے واقعات خاندانی جھگڑے ناخوشگوار واقعات اندرون خانہ نظر بد جادو ٹونہ یا الیکٹریکل چیزوں کا نقصان آپ کیلئے وقتی طور پر آزمائش و پریشانیوں کا باعث بن سکتا ہے کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ابتدائے سال سے ہی دو مٹھیاں گڑ کی شکر یا چینی حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کو ڈالنا معمول بنالیں اس معمولی سے عمل کا ردعمل بہت ساری ناگہانی آفات و بلیات دور ہو سکیں گی۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے اہل خاندان کی آزمائش و پریشانیاں دور ہو سکیں ان ایام میں اندرون خانہ مہمانوں کی آمدورفت یکدم بڑھ جائے آپ اپنے ہاں مذہبی وسوشل تقریبات کرنا پسند فرمائیں زمین جائیداد پراپرٹی اور زراعت سے متعلقہ کسان بھائیوں کیلئے مندرجہ بالا سبھی ایام نہایت خوش بخت دکھائی دیتے ہیں رہائشی تزئین و آرائش اور حسب حیثیت سواری کے حصول میں آسانیاں پائیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے خانگی اور خاندانی گزشتہ پیدا شدہ سبھی آزمائش و پریشانیاں دور ہو سکیں خود اعتمادی بڑھنے سے آپ اپنے اہل خاندان کیلئے اجتماعی اچھے فیصلے کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11 اکتوبر، 31 دسمبر بننے سے خاندان کے افراد خصوصاً بزرگ افراد والدہ سے ان ایام میں دوری اختیار نہ کریں اور ان سے ممکنہ اپنے لئے دُعائیں کرواتے رہیں اور جن کے والدین یا والدہ حیات نہیں وہ ہر شب جمعہ عالم برزخ سے ارواح کی اپنے گھر آمد پر انہیں ایک مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ہدیۂ تحفۂ پیش کریں اور یہ ہی اچھی تربیت اپنے فیملی ممبر اپنے بچوں اور آنے والی نسلوں کیلئے بطور نصیحت عمل کرنے کی تلقین اور نیک عادت اپنی اولاد میں ڈالیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے اولاد انعام محبت آپ کی زندگی کے قریب ترین وہ پہلو اُجاگر ہونگے آپ عمر کے جس حصہ سے گزر رہے ہونگے صاحب اولاد اپنے بچوں کی نگہداشت اور ان کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں گے ستارہ زحل اور مشتری کی مشترکہ سعادت انفارمیشن ٹیکنالوجی شعور اور آگاہی میں اضافے کا باعث بنے انعامی مقابلوں میں حصہ لیکر جلد امیر ہونے کی خواہش بھی بڑھے۔ محبت اور جذبات ستارہ مشتری کی سعادت سے جلد منگنی یا شادی کی خوشیاں عطا کرے ستارہ عطارد زحل سعد نظرات 3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30 جون، 23,22 اکتوبر، یکم 22,21,3,2, دسمبر بننے سے آپ اور آپ کے بچوں کی ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ صحت و تندرستی کے حصول کیلئے اپنی روحانی قوتوں کو اُجاگر کرنا پسند کریں عطارد زحل نحس نظرات 20 مئی، 16,15 جون، یکم اگست، 11,10 نومبر بننے سے ان ایام میں اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں دوسروں کو چیلنج دینا یا قبول کرنا کسی بھی لحاظ سے مناسب نہ ہوگا۔ انٹرنیشنل لاٹریز اور پرائز بانڈز میں دلچسپی لینے والے حضرات 19,18,17 فروری، 29,28,27,3,2 مارچ، 6,5 اپریل، 22,21,20,12,11,10,9 مئی، 30,24,23,22,21,20,19,14 جون، یکم 2, جولائی، 11,10,9 اگست، 26,25,24,5,4,3 ستمبر، 23,22 اکتوبر، یکم 22,21,20,19,18,17,9,8,7,3,2, دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب **"انعام لکی نمبر ز آئینہ قسمت"** کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2023ء ابتدائے سال میں بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر منزل شرطین (اشونی نچھتر) پر ہونے سے صحت کے معاملات میں آپ فکر و پریشانی محسوس کر سکتے ہیں خصوصاً جوان حضرات کو اگر کمزوری معدہ وجگر کا عارضہ محسوس کریں تو اپنے معالج سے فوری رجوع کریں اس کے علاوہ غیر ضروری ذہنی پریشانیاں تفکرات ملیریا (ڈینگی) مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں سے خصوصی طور پر احتیاط برتیں غفلت سے گر کر سر پر چوٹ لگنے کا اندیشہ خواتین خصوصاً کھانا بناتے وقت آگ سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔ یکم جنوری تا 21 اپریل ستارہ مشتری کی سعد نظرات بیماری سے شفایابی کی قوت میں اضافہ پائیں جبکہ 24 اپریل ستارہ مشتری کی تبدیلی صحت اور شفایابی کا پہلے جیسا تحفظ نہ رہے اپنی سالگرہ کے ایام کے قریب ممکن ہو تو اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروائیں 2023ء کی پورے سال کی یہ تواریخ 9,8,7 جنوری، 6,5,4 فروری، 31,30,5,4,3 مارچ، یکم 29,28,27,26, اپریل،

26,25,24 مئی، 22,21,20 جون، 19,18,17 جولائی، 16,15,14 اگست، 12,11,10 ستمبر، 9,8,7 اکتوبر، 6,5,4 نومبر، یکم ,2,3, 30,29,28 دسمبر کے سبھی ایام اچانک خرابی صحت پریشانی حادثات مقدمہ بازی جیسی نحوستیں اچانک پیش آسکتی ہیں ان ایام میں احتیاط کے ساتھ ساتھ حسبِ توفیق سفید اشیاء کا صدقہ دینا بہترین عمل آسان عمل چاول کا ٹوٹا اور پانی گھر کی چھت پر پرندوں کے کھانے کیلئے رکھنا نیک رہے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی: ۔بیت الزوج کا حاکم ستارہ شمس 14 اپریل تا 15 مئی شرف یافتہ، 15 جون تا 16 اگست اوج یافتہ، 17 اگست تا 17 ستمبر عروج یافتہ اور اِدھر 12 سال کے بعد ستارہ مشتری کی ساتویں گھر پر 22 اپریل 2023ء تا 04 مئی 2024ء تک مکمل سعد ناظر رہنے سے اس سال شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی شادی تو بہ آسانی ہو جائے گی اور ایسے دلوی مرد و زن جو اپنی شادی کی عمر سے آگے جا چکے ہیں اور خصوصاً عقد ثانی کے خواہاں افراد کیلئے 2023ء نمایاں اور خوش بختی کا سال دکھائی دیتا ہے شمسی ساڑھ ستی کے تدارک اور جلد شادی ہو جانے کیلئے نگینہ یاقوت دو نفل شکرانے کے ادا کر کے دائیں ہاتھ میں پہننا مفید دکھائی دیتا ہے۔ستارہ شمس مشتری زحل کی سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 26,25,24 اپریل، 14 سے 30,29,24 جون، یکم ,2 جولائی، 9,8,7 ستمبر، 25,24,23 اکتوبر، 28,27,26,25,24,23 دسمبر بننے سے شراکتی ازدواجی تعلقات میں خوشگواری ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی قیاس آرائیوں سے ہٹ کر 2023ء ازدواجی خوشیوں کیلئے نہایت نیک سال دکھائی دیتا ہے اسم اعظم یَا وَارِثُ 707 مرتبہ پڑھ کر اپنے نیک مقاصد کیلئے حصول مقصد تک دُعائیں کرنا معمولی بنالیں انشاءاللہ جلد ہی آپ گوہرِ مقصود پالیں گے۔

وراثت، انشورنس، کلیم: ۔2023ء وراثت کے گھر پر ستارہ مشتری کی مکمل سعد نظر چھٹے آٹھویں اور دسویں گھر پر اور خصوصاً وراثت کے گھر پر ہونے سے سال کے پہلے چار ماہ تصفیہ طلب وراثتی امور احسن طریقے سے حل کئے جاسکتے ہیں قانونی پنچائتی اور خانگی طور پر انہیں حل کرنا نہایت آسان دکھائی دیتا ہے ایسے دلوی افراد جو عرصہ دراز سے وراثتی پیچیدہ قسم کے ماحول سے گذر رہے ہیں انہیں ہر قسم کی حل المشکلات کیلئے آسانیاں اور نیک وسائل ملیں طالع کے حاکم ستارہ زحل بھی 17 جنوری سے اڑھائی سال کیلئے طالع میں آکر آپ کی قابلیت مستقل مزاجی اور خود اعتمادی سے اپنے معاملات کو حل کرنے کیلئے ہر قسم کی مدد اور نصرت کا حصول آپ کیلئے آسان رہے گا کوئی بڑا انشورنس کلیم اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کام بھی نفع بخش ثابت ہوں۔وراثت کا حاکم ستارہ عطارد سال میں چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) یکم تا 18 جنوری، 21 اپریل تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے یہ سبھی ایام مندرجہ بالا امور میں خصوصی توجہ اور مستقل مزاجی سے معاملات کے حل کیلئے توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم: ۔بیت السفر کا حاکم ستارہ زہرہ یوں تو 2023ء میں طالع کے حاکم زحل اور خانہ مال کے حاکم مشتری کی سعد پوزیشن کے سبب مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے 2023ء میں وقفہ وقفہ سے متعدد مواقع ملیں ایک اہم ستارہ کیتو 18 سال کے بعد اس گھر میں 29 نومبر 2023ء تک رہتے ہوئے مستقبل کی تعمیر و ترقی پلاننگ خصوصاً بیرون ملک کاروباری تجارتی قیام حصول امیگریشن ایک نئے انداز سے نیا نقطہ نظر آپ کے زیر غور رہے گا کچھ دلوی افراد بیرون ملک کی جائیدادیں فروخت کر کے وطن واپس آنا پسند کریں جبکہ جواں سال دلوی افراد بیرون ملک اپنا کوئی آشانہ بنانے کو ترجیح دیں 2023ء میں خواہاں دلوی افراد کیلئے روحانی سفر تو مقدر ہونگے لیکن زیادہ تر دلوی افراد دُنیا کی سیر و سیاحت بیرون ملک اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ہجرت کرنا پسند کریں یوں بھی آپ کا حاکم ستارہ زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 اپریل 2025ء طالع میں آکر خواہاں دلوی افراد کو بیرون واندرون ملک ہجرت کرتے وقت سنت ہجرت سرکار دوعالم ﷺ مکہ سے مدینہ ہجرت کی نیت سے کریں تو یہ ہجرت باعث برکت ہوگی۔سفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ جبکہ 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے 2023ء اپنے اور اپنے قریبی احباب کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو سعد کوششیں کی جائیں گی ان میں ممکنہ کامیابیاں نصیب ہونگی۔زہرہ زحل سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 19,18,17 مارچ، 14,13,12 مئی، 7,6,5 دسمبر بننے سے روحانی قانونی مذہبی شعور وآگاہی میں اضافہ اپنی روح کی بے چینی اور تشنگی کو دور کرنے کیلئے خود شناسی سے خدا شناسی کی جانب رغبت بڑھے وفاداری خدا شناسی استقامت سے بہت ساری متوقع رکاوٹیں آپ کی زندگی سے دور ہوسکیں گی ستارہ زہرہ زحل نحس نظرات 15,14,13 اپریل، 5 جون، 11

اکتوبر، **31** دسمبر بننے سے عارضی مسائل و پریشانی پیش آنے کا اندیشہ صدقہ و خیرات دینے سے آپ ممکنہ نحوستوں سے محفوظ رہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کے گھر پر سعد اکبر ستارہ مشتری کی مکمل سعد نظر **21** اپریل **2023**ء اور اس کے بعد بھی ستارہ زحل مشتری کی تبدیلی بھی آپ کے کیرئیر اور عزت کے معاملات میں بہتری لائے جاری کاروبار میں سرمایہ کاری کرنا یا پھر نئے کام کی ابتداء کرنا جنوری، فروری، مارچ، اپریل، جولائی، اگست اور **16** نومبر تا **27** دسمبر یہ سبھی ایام کیرئیر پیشہ ورانہ معاملات ملازمتی ترقی نئے کام کی ابتداء کرنا اور اپنے جاری کاموں میں جدت پسندانہ اصول اپنانے سے **2023**ء خود اعتمادی کے ساتھ کامیابیوں کا سال دکھائی دیتا ہے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری گزشتہ ماضی قریب کے چند گزشتہ سالوں کی نسبت **2023**ء اس لحاظ سے اہم دکھائی دیتا ہے یکم جنوری تا **21** اپریل اس کی **12** سال بعد دوسرے وسعت کے گھر قیام اور پھر **22** اپریل **2023**ء تا **02** مئی **2024**ء ستارہ مشتری تیسرے رہتے ہوئے خواہشات اور دوست احباب کے ذاتی گھر کو مکمل سعد ناظر رہتے ہوئے اس سال آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات پوری ہوں حلقہ احباب میں سماجی سیاسی مذہبی شخصیات کا اضافہ ہو اور آپ کے کئی بگڑے کام سنور جائیں اس سال کا بہترین صدقہ جمعرات کے دن مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی حسبِ توفیق خدمت کرنا بہت ہی نیک عمل ثابت ہوگا۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء ستارہ زحل کی طالع میں اپنے ذاتی فعلی برج دلو میں آنے سے آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا زور قدرے کم ہوگا خفیہ دشمن آشکار ہونگے بڑھتے ہوئے اخراجات پر بہ آسانی قابو پا سکیں گے **2023**ء بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے نیک سال دکھائی دیتا ہے نظر بد جادو ٹونہ بے چینی جیسی کیفیات بھی جنوری سے کم ہونا شروع ہو جائیگی آپ اپنے حاسدین و مخالفین پر غلبہ پاسکیں گے ستارہ زحل **17** جون تا **04** نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں ممکنہ قرض لینے سے اجتناب برتیں۔

دلوی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ **2023**ء میں دو سورج اور دو چاند گرہن **20** اپریل سورج گرہن تیسرے لگنے سے آپ کی ہمت و حوصلہ عزیز و اقارب کی جانب سے مسائل و فرمائشیں **05** مئی چاند گرہن بیرون ملک سفر اور کاروباری معاملات احتیاط طلب ہونگے **14** اکتوبر آٹھویں سورج گرہن لگنے سے شراکتی اور وراثتی مسائل پریشانیاں پیش آسکتی ہیں **29** اکتوبر پھر تیسرے چاند گرہن لگنے سے اندرون ملک سفر ٹریفک حادثات اور عزیز و اقارب کی جانب سے مسائل و پریشانیاں پیش آنے کے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ ان ایام میں باجرہ اور چاول کا ٹوٹہ ملا کر صدقہ و خیرات ضرور دیں **15** دن قبل تا بعد احتیاط برتیں اور ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دینے کے ساتھ ساتھ دو نفل نماز کسوف و خسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ **27,23,19,15,5** جنوری، یکم **24,20,16,11,2** فروری، یکم **31,28,24,19,18,15,11,2** مارچ، **25,20,16,12,7,5** اپریل، **22,19,18,13,12,9,5** مئی، یکم **30,29,19,14,10,6** جون، **30,26,16,11,7,3** جولائی، **31,27,22,12,7,3** اگست، **27,23,18,8,4** ستمبر، یکم **28,24,22,20,15,13,5** اکتوبر، **29,25,20,16,12,2** نومبر، **27,22,21,18,13,9,6,2** دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ **30,17,10,2** جنوری، **26,14,6** فروری، **26,13,6** مارچ، **30,22,14,10,8** اپریل، **28,20,7** مئی، **24,16,15,3** جون، یکم **28,21,20,14** جولائی، **24,17,10,2** اگست، **20,13,6** ستمبر، **30,18,11,10,3** اکتوبر، **27,23,14,10,7** نومبر، **24,11** دسمبر۔

روحانیات کے سال **2023**ء کے مفرد نمبر **7** میں کعبہ صفہ مروا، آسمان، زمین، قوس وقزح سبع کواکب ہمارا ہالہ نور اور سبھی کی گردش قانون قدرت کے تحت سات ہے۔ **2023**ء کا ایک بہترین اور مجرب عمل آپ صبح بستر سے اُٹھتے ہی اسلام علیکم یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسلام علیکم جناب سیدہ بی بی فاطمۃ الزہراؑ السلام علیکم یا امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ اسلام علیکم شہزادہ علی اکبرؑ ہم شکل پیغمبر رسول خدا اسلام علیکم سید والشہداء امام عالی مقام مولا حسینؑ واصحاب حسینؑ السلام علیکم صاحب الزمانؑ اسلام علیکم یا منکر ونکیر کو باآدب سلام کریں یہ ایک منٹ کا روحانی عمل اگر اُدھر سے جواب وعلیکم السلام آجائے تو آپ کی قسمت سنور سکتی ہے اس مجرب وخوش بختی کے عمل کو فیض عام کر کے اپنے نامہ اعمال میں لاتعداد نیکیاں درج کروانے کا ذریعہ بنیں۔ دُعا گو:۔ شاہ زنجانی

2023ء **آسمانی کونسل** پر آپ کیلئے ایک بریکنگ نیوز **17** جنوری **2023**ء سے آپ کی شمسی ساڑھ ستی کا آغاز ہو جائے گا آئندہ ساڑھے سات سال آپ کی زندگی کے نہایت ہی اہم اور غیر معمولی سال دکھائی دیتے ہیں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو بھی اس سال بروج تبدیل کریں گے آپ کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری **21** اپریل **2023**ء تک طالع میں ہونے سے پہلے چار ماہ میں اس سال کی پلاننگ کرلی گئی تو آپ کا سال ہذا بتدریج بخیر وخوبی گذر جائے گا آپ کا تعلق کسی بھی ملک شہر یا گاؤں سے کیوں نہ ہو آپ اپنی زندگی کے حالات وواقعات اور روزمرہ کاموں میں تبدیلی آتے ہوئے محسوس کریں ستارہ زحل کے بارہویں آنے سے آپ کی شمسی ساڑھ ستی کا پہلا دور **17** جنوری **2023**ء تا **29** اپریل **2025**ء تک نہایت اہم دکھائی دیتا ہے آپ کو کچھ چاہتے ہوئے یا نہ چاہتے ہوئے بھی عجیب وغریب حالات وواقعات کا سامنا کرنا پڑے گا روزمرہ اخراجات میں اضافہ قرض کی نوبت جیسے خدشات بھی دکھائی دیتے ہیں وہ حوتی افراد اپنے اخراجات میں توازن اور کمی لائیں گے وہ بہت ساری ناگہانی مسائل اور پریشانیوں سے بچ سکتے ہیں اچانک روحانیات میں کشش صاحب تصوف اور روحانی لوگوں کی صحبت آپ کو بہت ساری بلاوجہ کی بے چینیوں سے بچا پائے وہ حوتی افراد جو خود شناسی سے خدا شناسی کی طرف متوجہ ہونگے وہ اپنی دُنیاوی اور دینی مشکلات پر قابو اور اپنی روحانی ارتکاز توجہ بڑھا پائیں گے۔ آپ کے اس سال کئے گئے صدقہ جاریہ کے کام آپ کو آئندہ آنے والے دنوں میں محفوظ رکھیں گے اب یا اس وقت سورۃ الرحمٰن میں ذکر کردہ نگینہ مرجان **10,9** قراٹ یا اس سے بڑا مرجان چاندی کی انگشتری میں بنوا کر دو نفل شکرانے کے ادا کر کے اپنے ہاتھ میں پہننا نیک ثابت ہوگا اس کے علاوہ ادارہ ہذا سے شرف زحل کا نقش ہدیۃً یا تحفۃً بھی منگوا کر فیض یاب ہو سکتے ہیں ستارہ زحل کی رجعت (اُلٹا) **05** جون تا **23** اکتوبر ہونے سے یہ ایام آزمائش اور مشکلات میں مبتلا کر سکتے ہیں ان ایام میں **60** سال یا اس سے زیادہ عمر کے مرد وزن کی بروز ہفتہ حسب توفیق ان کی مالی مدد کرنا بہترین صدقہ شمار کیا جا سکتا ہے۔

آپ کی شخصیت:۔ آپکا حاکم ستارہ مشتری **21** اپریل **12** سال کے بعد طالع میں ہونے کے سبب اولاد انعام صحت عزت آپ کی کی گئی محنت کے ثمرات آپ کو ادا کر کے **22** اپریل تا **23** مئی شمسی زائچے کے دوسرے چلا جائے گا یہاں جا کر بھی مالی خاندانی وسعت پیشہ ورانہ کامیابیاں وراثت اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں آسانیاں نہ صرف بلکہ آپ کی عزت وتوقیر سماجی سیاسی مذہبی حلقوں میں عزت اور پذیرائی میں اضافہ رہے گا ستارہ مشتری **04** ستمبر تا **21** اکتوبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے خیر وبرکت کے جاری کاموں میں قدرے سُست روی آسکتی ہے تب مستقل مزاجی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں ہر جمعرات حسبِ توفیق مسجد کے جھاڑو کش یا موذن حضرات کی خدمت کرنا بہترین عمل ثابت ہوگا۔ **20** اپریل سورج گرہن، **29** اکتوبر چاند گرہن کے ناقص اثرات آپ کے روزمرہ کے معاملات میں انتشار اور پریشانیاں لانے کا باعث بن سکتے ہیں **15** دن قبل تا بعد ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینا بہترین عمل ثابت

ہوگا 2023ء شعور اور آگاہی نیکی بدی کی جنگ اپنے مالک سے فضل و کرم کی دُعا کرنا اور اپنے چاہنے والے بزرگوں اور پیاروں سے بھی مسلسل دُعا کی گذارش کرتے رہیں اس حسنِ عمل سے وہ خرابیاں بُرائیاں اور سازشیں جن سے آپ مستقبل قریب میں دور چار ہونے والے ہیں ان سے نجات مل سکتی ہے 2023ء مسلسل صدقہ و خیرات خصوصاً جمعہ، ہفتہ اور اتوار صدقات دیتے رہنے سے آپ ممکنہ بہت سارے مسائل اور پریشانیوں سے اپنے اور اپنی فیملی کو تحفظ میں پائیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ، 16 نومبر تا 27 دسمبر عروج یافتہ رہتے ہوئے اور ایک اور اہم ستارہ راہو بھی 18 سال بعد 29 نومبر 2023ء تک اسی گھر میں مقیم ہونے سے احساس غربت ناگہانی اخراجات دولت میں کمی کا خوف قریبی لوگوں کی بیوفائی اور دشمنوں اور حاسدین سے سازشوں کے خدشات رہ سکتے ہیں حصول خیر و برکت کے تسلسل کو قائم رکھنے کیلئے نگینہ مرجان چاندی میں دو نفل شکرانے کے ادا کر کے پہننا بہت نیک رہے گا طالع کا حاکم مشتری خانہ مال میں 22 اپریل 2023ء تا 02 مئی 2024ء تک رہنے سے آپ کی کوشش اور محنت ذرائع آمدن میں اضافے کا باعث بنے۔ آپکے خاندان اور عزت میں اضافہ ہوگا تقریبات میں شرکت اور اپنے ہاں مذہبی سماجی سیاسی تقریبات کرنا بھی آپ پسند کریں آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی بہت سارے احباب کو آپ کا گرویدہ بنا سکتی ہے 2023ء اس حوالے سے نہایت اہم اور نیک سال دکھائی دیتا ہے کہ آپکے ہاتھوں صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں خواہ آپ خلقِ خدا کی خدمت کریں یا پھر جانوروں اور پودوں کی افزائش کیلئے کوئی مسلسل نیکی کا کام اپنے ذمے لے لیں اس حسنِ عمل سے اطمینان اور سکون کی کیفیت بڑھے گی۔ زحل مریخ سعد نظرات 28 مارچ سے 02 اپریل تک، 15,14,13,12 اکتوبر بننے سے ذرائع آمدن میں اضافہ مستقل مالی اور کاروباری وسائل بڑھیں گے نظم و ضبط سے آپ پیدا شدہ مشکلات دور کرنے میں بہ آسانی کامیاب ہوسکیں گے مریخ زحل نحس نظرات 21,20,19 جولائی، 27,26,25,24 نومبر بننے سے ایسی غیر ضروری سرگرمیوں میں حصہ نہ لیں جن میں بلاوجہ حصہ لینے سے آپکا قیمتی وقت اور روپیہ ضائع ہو کر مایوسی غم وغصہ کی کیفیت اور خود پیدا کردہ مسائل و پریشانیاں لانے سے اجتناب برتیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی اور 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہتے ہوئے اندرون ملک ذریعے معاش یا پیشہ ورانہ کئی ایک خوشگوار سفر پیش آئیں انٹرنیٹ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مدد سے بھی آپ اپنے وسائل میں اضافے کے لئے کوشاں رہیں عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کی خدمت کیلئے جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون کچھ ایسے مہینے ستاروں کی نشست و برخاست کے سبب دکھائی دیتے ہیں جب انہیں آپ کی مدد اور تعاون کی اشد ضرورت محسوس ہوگی خصوصاً ستارہ زہرہ 12 مارچ تا 06 اپریل، 03 نومبر تا 30 نومبر جب کمزور ہوگا تب آپ کو اپنے عزیز و اقارب کے تعاون اور مدد کی ضرورت کو محسوس کریں گے سورۃ الرحمٰن کی آیت نمبر 60 هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ **ترجمہ:** نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں۔ 2025,2024,2023ء اس قرآنی آیت کے ترجمہ اور تفسیر کو ہمہ وقت یاد رکھیں جتنی زیادہ نیکیاں آپ دوسروں سے کریں گے اتنے زیادہ تحفظ سکون خوشی اور سکھ محسوس کریں گے یاد رہے کہ آپ کی شمسی ساڑھ ستی کا آغاز 17 جنوری سے ہو چکا ہے نیکیاں دُعائیں صدقات بارش میں چھتری کی طرح کام کرتی ہیں۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 5,4,3 جنوری، یکم 3,2 مارچ، 6,5,4 مئی، 23,22,21 اکتوبر بننے سے عزیز و اقارب اور ان سے قریبی تعلق رکھنے والے احباب کی جانب سے ایسی خوشگوار آرام دہ سماجی روحانی تقریبات میں شمولیت سکون اور سکھ کا باعث بنے ان حلقہ احباب میں آپ کی حیثیت قائدانہ رہے آپ کو ان سے اور انہیں آپ سے کچھ اچھا سیکھنے کے مواقع ملیں زہرہ مشتری نحس نظرات 13,12,11,10 جون، 24,23,22,21,20 اگست، 19,18,17,16,15 ستمبر، 11,10,9 دسمبر بننے سے بعض غیر معمولی ڈرامائی واقعات حاسدین ومخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت و ساکھ کو حسد کی بناء پر مخالفت اور مخاصمت سے نقصان پہنچانے کی سازشیں کر سکتے ہیں ٹریفک حادثات کا اندیشہ بھی بعید از قیاس نہیں محتاط رہتے ہوئے ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض اور بیت الزوج کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 24 جون تا 08 جولائی عروج یافتہ، یکم اکتوبر تا 19 اکتوبر شرف یافتہ، 19 اکتوبر تا 22 نومبر اوج یافتہ رہتے ہوئے خاندانی اور خانگی ماحول خوشگوار رہے گا زمین جائیداد پراپرٹی زراعت باغبانی کے سبھی امور حسبِ منشا فوائد دیں گے چار اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو آپ کے رہن سہن اور ماحول میں تبدیلیوں کی نشاندہی ہوتی ہے آپ اگر از خود ان

خوشگوار تبدیلیوں کیلئے تیار ہوں تو اچھی بات ورنہ حالات و واقعات میں تبدیلی کیلئے ذہنی طور پر آپ کو تیار رہنا چاہئے بیشتر حوتی افراد گاؤں سے شہر اور شہر سے بیرون ملک جانے کی خواہشات بھی موجزن رہیں ایسی ہجرت سنت نبوی سرکار دو عالم ﷺ کے سفر مکہ و مدینہ کی سنت سمجھ کر ہجرت کرنا یقینی طور پر باعث برکت ثابت ہوگا عطارد مشتری سعد نظرات 17,18,19 فروری، 27,28,29 مارچ، یکم,2 جولائی، 9,10,11 اگست، 3,4,5,25,26 ستمبر، 7,8,9,17,18,19 دسمبر بننے سے مثبت سوچ کو اپنانے سے بزرگوں کی صحبت اور ان کی مشاورت سے اہم خاندانی خانگی فیصلے کئے جاسکیں گے اہل خاندان میں اتفاق و محبت اور اسی قسم کی خوشی کی تقریبات وقفہ وقفہ سے جاری رہیں عطارد مشتری نحس نظرات 17,18 جولائی، 28,29 اکتوبر بننے سے اور 16 مارچ تا 31 مارچ، 27 نومبر تا 02 دسمبر عطارد وبال یافتہ اور اس سال چار مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر یکم تا 18 جنوری، 21 تا 15 مئی، 24 اگست تا 16 ستمبر، 13 دسمبر تا 02 جنوری 2024ء ہونے سے یہ سبھی ایام صبر و تحمل بزرگوں سے حد ادب اور سبھی اہم معاملات میں حد سے تجاوز کرنے سے گریز کریں حسبِ توفیق ان ایام میں صدقہ و خیرات دینا بہترین عمل بدھ کے دن مستحق طلبہ کی خدمت ہفتے کے دن بزرگ لوگوں کی حسبِ توفیق خدمت کرکے ان سے دُعائیں لیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ قمر ابتدائے سال میں منزل شرطین (اشونی نچھتر) جسکی ابتداء برج حمل میں مریخ کی حکمرانی جبکہ نچھتر کیتو (ذنب) کی حکمرانی صاحب اولاد افراد کیلئے مشاورت ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت ان کی نگہداشت پر خصوصی توجہ دیں ورنہ زمانے کی بے راہ روی ان میں ہیجانی جارحیت پسندی ضدی اور گھمنڈی پن آنے کے ساتھ حصول علم میں ذہنی سکون کا فقدان اور پڑھائی میں عدم دلچسپی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں گزشتہ اڑھائی سال سے ستارہ زحل کی بد نظری اگرچہ 17 جنوری کو دور ہوسکے گی تاہم اولاد انعام اور محبت جیسے جذباتی معاملات آسان نہ ہونگے۔ 2023ء میں ناگہانی مسائل اور پریشانیوں سے بچنے کیلئے سفید اشیاء آٹا، معدہ، سوجی، چاول کا ٹوٹا اور پانی خلق خدا یا پرندوں کو ڈالنا نہایت ہی نیک عمل ثابت ہوگا۔ ستارہ مشتری کی سعادت یکم جنوری تا 21 اپریل ملنے سے آپ اپنے وسائل میں رہتے ہوئے اپنے مسائل کا حل بہ آسانی تلاش کر پائیں گے اولاد اور انعام کے سکھ کیلئے سورۃ الضحیٰ چاشت کی نماز کے بعد اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر آیت نمبر 5 کا اسی جگہ اکیس مرتبہ تکرار وظیفہ مکمل کرنے کے بعد اپنے اور اپنے بچوں کے لئے بلاناغہ دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔ انٹرنیشنل لاٹریز پرائز بانڈز اسٹاک ایکسچینج اور تخمینہ بازی کے کاموں میں جنوری، فروری، مارچ، اپریل فوائد مل سکتے ہیں اس کے علاوہ 3,4,5,8,9,13,14,15,18,19,22,23,26,27,30,31 جنوری، یکم, 5,10,11,14,16,19,20,23,24,27,28 فروری یکم, 4,5,10,11,14,15,18,19,20,22,23,24,27,28,31 مارچ یکم, 2,3,7,8,11,12,15,16,19,20,21,24,25,29 اپریل یکم, 5,6,8,9,13,17,18,19,22,27,30 مئی، یکم, 5,9,10,12,14,17,19,24,27,29 جون، 2,3,7,11,12,16,21,26,30 جولائی، 3,4,7,8,12,13,18,22,24,27,28,31 اگست، 3,4,5,8,9,11,18,21,22,23,24,28 ستمبر، 2,5,6,10,11,12,13,15,20,21,25,28 اکتوبر، 2,3,7,8,12,16,17,21,22,25,29,30 نومبر، 2,5,7,8,13,14,17,18,21,22,27,31 دسمبر بننے سے حصہ لیں تو کوئی بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب "**انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت**" کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے گا۔
حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اِسم اعظم پڑھنا بھی نیک ہے ادارہ ہذا سے اپنا اِسم اعظم مفت پوچھ سکتے ہیں۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ عزت شفا اور آپ کی شخصیت کا حاکم ستارہ مشتری 12 سال کے بعد 24 اپریل 2023ء تا 02 مئی 2024ء دوسرے زندگی کے گھر میں رہتے ہوئے بیماری اور لاعلاج بیماریوں سے نجات دلانے میں مددگار مسیحا بن کر آپ کے ساتھ رہے کسی بزرگ روحانی سے فیضیابی کے ساتھ کوئی اچھا ڈاکٹر یا مسیحا آپ کو مل سکے گا حفظان صحت کا شعور و آگاہی جان کر آپ اپنے اور اپنے پیاروں کی صحت کی حفاظت کو یقینی بنانے میں کامیاب ہوسکیں گے بیت لمرض کا حاکم ستارہ شمس 14 جنوری تا 13 فروری، 17 اگست تا 17 ستمبر، 18 اکتوبر تا 16 نومبر نحس گھروں سے گزرتے ہوئے صحت جسمانی کے مسائل اور پریشانیاں لاسکتا ہے سال میں کم از کم دو مرتبہ خصوصاً اپنی سالگرہ کے قریب اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں چار اہم ستارے زحل، مشتری، راہو، کیتو کی تبدیلی اس سال بھی ملازمتی فرائض و ذمہ داری سے انجام دینے سے عزت ترقی اور مراعات کا حصول بے

روزگار افراد کو اندرون و بیرون ملک روزگار کے اچھے مواقع مل پائیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی: ۔2023ء چار اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، مشتری، راہو، کیتو شادی کے خواہاں افراد کیلئے نصیب کشائی خوشی اور شادمانی کا باعث بنے آپ کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 12 سال کے بعد یکم جنوری تا 21 اپریل، 22 اپریل تا 02 مئی 2024ء مشتری طالع اور خاندانی وسعت کے دوسرے گھر میں قیام ہونے کے سبب شادی کے خواہاں سبھی افراد کیلئے خوشی اور شادمانی لئے طلوع ہو رہا ہے۔ عقد ثانی کے خواہاں افراد کیلئے بھی اچھے مواقع میسر آئیں گے۔ عطارد مشتری سعد نظرات 17,18,19 فروری، 27,28,29 مارچ، یکم ,2 جولائی، 9,10,11 اگست، 3,4,5,24,25,26 ستمبر، 7,8,9,17,18,19 دسمبر بننے سے منگنی اور شادی کی خوشیوں میں اضافہ نا صرف بلکہ دو خاندانوں کے درمیان ناراض زوجین کی صلح صفائی سے خوشیاں نصیب ہونگی عطارد مشتری نحس نظرات 17,18 جولائی، 28,29 اکتوبر بننے سے ازدواجی مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ قدرت نے آدم اور حوا کی ایسی خوبصورت جوڑی بنائی ہے کہ حوا اگر آدم نہ بنے تو خانگی ازدواجی خوشیاں ہمیشہ بحال رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم: ۔وراثت و بیت الخوف کا حاکم ستارہ زہرہ 15 فروری تا 12 مارچ شرف یافتہ، 06 اپریل تا 02 مئی، 30 نومبر تا 25 دسمبر عروج یافتہ، 02 مئی تا 30 مئی اوج یافتہ رہنے کے علاوہ 12 سال بعد دولت اور خوش بختی کا کارک ستارہ مشتری جو آپ کے طالع اور عزت اور کامیابی کا مالک بھی ہے 24 اپریل 2023ء تا 02 مئی 2024ء تک خانہ مال میں آ کر وراثت کے گھر کو مکمل سعد ناظر رہے گا آپ کے شراکتی معاملات انشورنس کلیم اور خصوصاً وراثت جائیداد کی منصفانہ تقسیم مندرجہ بالا سبھی سعد ایام میں حسبِ منشا ہو سکے گی۔ اس سلسلہ میں مخلصین اور بزرگوں کا تعاون بھی شامل حال رہے گا ایک اور اہم ستارہ کیتو (ذنب) 29 نومبر تک یہاں رہتے ہوئے خفیہ معاملات از قسم غیر قانونی دولت مل تو سکتی ہے لیکن ایسی دولت بعد از آپ کی بدنامی اور رسوائی کا باعث بنے زہرہ مشتری سعد نظرات 3,4,5 جنوری، یکم ,2,3 مارچ، 4,5,6 مئی، 21,22,23 اکتوبر بننے سے غیر متوقع طور پر انعامات انشورنس یا وراثت سے کوئی بڑی رقم مل سکتی ہے زہرہ مشتری نحس نظرات 10,11,12,13 جون، 20,21,22,23,24 اگست، 15,16,17,18,19 ستمبر، 9,10,11 دسمبر بننے سے ان ایام میں قدرے محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلٰی تعلیم: ۔بیت السفر اور بیت المال کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم جولائی تا 18 اگست، 16 نومبر تا 27 دسمبر اوج و عروج یافتہ رہتے ہوئے مستقبل کی نظر ثانی شدہ منصوبہ بندی یکم جنوری تا 21 اپریل ستارہ مشتری کی سعادت کے سبب حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے کے خواہاں حوتی افراد کا یہ روحانی سفر مقدر دکھائی دیتا ہے اعلٰی تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جانے والے طلبہ و طالبات کو اعلٰی بین الاقوامی یونیورسٹیوں میں فل یا ہاف اسکالر شپ پر داخلہ بہ آسانی مل سکے گا امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ بیرون ملک کاروباری تجارت کا دائرہ 2023,2024,2025ء میں وسیع ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے جدت پسندانہ کاروباری ماحول اور وسائل سے سعادت پانے کے ساتھ ساتھ کاروباری پیشہ ورانہ معاملات جن کا تعلق بیرون ملک سے ہو اس میں چیلنج پسندانہ مقابلے کا رجحان رہے گا۔ قانونی امور اگرچہ پہلے چار مہینوں میں موافق اور مئی تا دسمبر نظر ثانی کے طالب ہونگے مریخ مشتری سعد نظرات 31 جولائی سے 03 اگست بننے سے خود اعتمادی سے آپ بیرون ملک کاروباری وسائل میں اضافے کیلئے از خود جانا پسند کریں کچھ حوتی افراد بیرون ملک اپنے بہتر علاج معالجہ کیلئے بھی جا سکیں آپ کی روح میں شفایابی کی ایک نئی تڑپ پیدا ہوگی اپنی نصیب یاوری کیلئے بلاناغہ سورۃ یٰسین کی تلاوت کے بعد دُعائیں کرنا معمول بنالیں آپ کی شمسی ساڑھ ستی 17 جنوری سے شروع ہو چکی ہے یاد رہے کہ آئندہ آنے والے ساڑھے سات سال دُعا صدقات اور روحانی تدارک سے خوشگوار یا کم از کم تسلی بخش حد تک بہتر بنائے جا سکتے ہیں اسی سال سے صدقات و خیرات ہر روز یا کم از کم ہر ہفتے دینا معمول بنالیں آپ کا بہترین صدقہ منگل کے دن گوشت یا کلیجی پھیپھڑے لے کر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ ڈالنے کے علاوہ ہر جمعرات دو کلو نمک کسی صاحب مزار کی درگاہ پر حاضری دیگر زائرین کیلئے نمک بطور تبرک نمک دان میں ہدیۃً تحفۃً رکھنا آپ کے نصیب یاوری کا باعث بنے گا۔

کیریئر، کاروبار، عزت و وقار: ۔کیریئر اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ سعد اکبر مشتری بارہ سال کے بعد 21 اپریل 2023ء تک طالع

میں رہنے اور راج یوج کی سعادت دیتے ہوئے سال کے ابتداء چار مہینے نئے کام کی ابتداء تبدیلی کاروبار یا پھر جاری کام میں جدت پسندی اور مزید سرمایہ کاری کرنے کا عمل بھی نیک ثابت ہوگا بعداز 22 اپریل 2023ء تا 30 جون 2024ء بیت المال میں فطرتی دولت کا حاکم ستارہ مشتری یہاں رہیگا۔ بارہ سال بعد مشتری کی سعادت رزق روزی میں برکت کشادگی رزق کا باعث بنے کاروباری معاونین و ملازمین کی تعداد میں اضافہ 2022/2023ء میں قدرت عجیب وغریب طریقے سے آپ کا کاروبار بھی بتدریج بڑھنے لگے۔ اگر پسند کریں تو اپنا بزنس شریک حیات کے نام ٹرانسفر کر کے ان کے نام اور انکی قسمت سے بھی نفع پا سکتے ہیں۔ (مشہور زمانہ کہاوت ہے کہ رزق عورت کے نصیب اور اولاد مرد کے نصیب سے ملتی ہے) ستارہ مشتری 04 ستمبر تا 11 دسمبر رجعت (اُلٹا) پذیر ہونے سے کاروباری مالی امور میں سست روی نفع میں کمی یا پھر بلا سوچے سمجھے کسی ایسے کاموں میں روپیہ نہ لگائیں جسکا آپ کو تجربہ نہ ہو ورنہ وقت اور روپیہ ضائع ہوسکتا ہے۔ زحل کی موجودگی امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کرنے والے حوتی افراد کا نفع بڑھ جائیگا۔ کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر اندرون اور بیرون ملک وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور بیت الاعداء کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء تک بارہویں رہتے ہوئے دوستوں قریبی احباب سے کسی خاص مقصد کی تکمیل کے لئے وقت اور پیسہ دینا پڑے اکثر حوتی مرد و زن اپنے توشہ آخرت کے لئے صدقہ جاریہ کے کام کرنا پسند کریں 17 جون تا 04 نومبر ستارہ زحل رجعت (اُلٹا) ہونے سے آپ کے حاسد نما دوست آشکار ہوں۔ بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کی اشد ضرورت پر زور دیں۔ اور کچھ ضروری خاندانی اخراجات ازقسم بچوں کی تعلیم وتربیت شادی بیاہ پر اُٹھنے والے اخراجات میں میانہ روی اختیار کرنے سے قرضہ لینے سے بچیں رہیں۔ 2023ء میں کوئی بڑا قرضہ ہرگز نہ لیں ورنہ اس کا اُتارنا مشکل ہوجائے گا۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء کا حاکم ستارہ زحل 17 جنوری 2023ء تا 29 مارچ 2025ء اپنے ذاتی فعلی برج دلو میں رہیگا۔ ایسے حوتی (فیملیز) جو بیرون ملک حصول امیگریشن کے لئے اپلائی کرنا اور جانا پسند کریں انہیں ممکنہ بیرون ملک ہجرت کے مواقع اور وہاں سے وطن آنے والی اولڈ ایج فیملیز بھی آسانیاں پائیں نئی روحانی تخلیقی تجربات اور صلاحیتوں میں اضافہ بڑھتے ہوئے اخراجات کو اعتدال پر لانے میں کامیاب ہوسکیں۔ ستارہ زحل 17 جون تا 04 نومبر رجعت پذیر ہونے سے حاسدین مخالفین نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کے لئے ہر ہفتہ بزرگ مرد و زن کی حسب توفیق خدمت کریں۔

حوتی مرد و زن پر گرهنوں کے اثرات:۔ امسال دو سورج دو چاند گرہن پہلا سورج گرہن 20 اپریل اور 29 اکتوبر چاند گرہن مالی اُتار چڑھاؤ کاروباری نقصانات فیملیز صدمات کا اشارہ 05 مئی چاند گرہن وراثت اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں نقصان کا اندیشہ 14 اکتوبر سورج گرہن شراکتی ازدواجی دوسروں سے تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں۔ ان ایام میں باجرہ اور چاول کا ٹوٹہ ملا کر صدقہ وخیرات ضرور دیں 15 دن قبل تا بعد احتیاط برتیں اور ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ دو نفل نماز کسوف وخسوف پڑھ کر دُعائیں کرنے سے اپنی پریشانیاں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 31,26,25,22,18,8,4,3 جنوری، 27,23,19,18,14,5 فروری، 28,27,23,18,14,4 مارچ، یکم ,29,24,19,15,12,11 اپریل، 27,22,17,13,9,5 مئی، 24,19,14,10,5 جون، یکم ,31,21,16,12,7,3 جولائی، یکم ,31,27,18,13,10,8,4 اگست، 28,25,24,14,9,8,4 ستمبر، 25,22,21,11,6,2 اکتوبر، 30,25,21,17,7,2 نومبر، 27,22,18,14,8,4 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 20,13,5 جنوری، 17,10,2 فروری، 30,16,9,2 مارچ، 27,13,6 اپریل، 24,23,18,11,4 مئی، یکم ,29,21,11,7 جون، 26,19,17,5 جولائی، 29,23,22,15,7,2 اگست، 26,19,17,12 ستمبر، 29,28,23,16,8 اکتوبر، 19,12,5,3 نومبر، 29,16,10,9,2 دسمبر۔

عامل شاہ زنجانی

مجرب عمل ہمزاد نورانی

خاندانِ زنجانیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیض یاب ہو چکے ہیں

عامل شاہ زنجانی! میں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے، والد بزرگوار حیات تھے، جنہوں نے اپنی زیرنگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب وغریب کام لیے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہو گیا اور گھریلو وخاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہو سکے جو عمل ہمزاد کے لیے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد آزاد کر دیا اور پھر آج تک طبع ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جا رہا ہے تاکہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کر سکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد، حقائق ہمزاد، بیاضِ عملیات، حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لیے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کر کے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں، دورانِ عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ، لسی، مکھن، گھی، دہی، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے، تیسرے روز ہمزاد حاضر ہوگا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں۔ 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں، جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کیے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا، وہ بوتل میں آجائے گا، آپ بوتل کو کارک سے بند کر دیں اور پھر اس سے کہیں کے عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں کا تم فوراً آجاؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا، اب بوتل کا منہ کھول دیں، وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے:

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتِ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِنْ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا يَا قَوْمِ هَمْزَادْ حَاضِرْ شُوْ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

نوٹ: بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دورانِ عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کے لیے دعاگو ہوں، اجازت کے لیے کسی بھی روحانی سلسلہ یا عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

آدابِ عملیات

از تحقیق: سلطان محمود، لاہور

☆ کوئی بھی عمل اس وقت تک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتا جب تک عامل کو اسکے صحیح ہونے کا اعتبار نہ ہو۔ سب سے پہلے عمل کے تعین کے ساتھ اس پر مکمل یقین کے ساتھ اسے انجام دیں آیاتِ قرآنیہ اور اسمائے الٰہی کے مؤکلین (روحانی قوت) کی تاثیر میں شک کو ذہن میں جگہ نہ دیں کیونکہ متزلزل مزاج افراد کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتے۔

☆ انسانی مصروفیات کی بناء پر اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ روحانی اعمال میں ایسے طریقوں کا انتخاب کیا جائے جس میں وقت کم اور تاثیر وقوت زیادہ ہو بہترین نتائج سے بہرہ مند ہونے کیلئے عامل کو صاحب روحانیت ہونا چاہیے کہ جس کیلئے "اکلِ حلال" (حلال کھانا) "صدقِ مقال" (سچ بولنا) از بس ضروری ہے

☆ عامل عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے استغفار پڑھے۔

صدقہ: صدقہ بلاؤں کو روکتا ہے لہٰذا عامل عمل سے پہلے حسب توفیق صدقہ دے اور فقیروں و مسکینوں کو کھانا کھلائے نیز پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالے۔

روزہ: روحانیت کے کمال اور اس کو پروان چڑھانے کیلئے روزہ رکھ کر یا افطاری کے بعد عمل کو بجالائے کیونکہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور اسکے منہ سے نکلی دعا کو بھی قبول فرماتا ہے

☆ حاجات کی برآوری کے اعمال کو نمازِ فجر کے فوراً بعد اور نمازِ عشاء کے بعد بالخصوص تہجد کے وقت بجالائے

بخور: عملیات میں خوشبودار دخنہ (دھونی) سلگانا مؤکلین کی آمد اور خوشنودی کا موجب ہے لہٰذا خوشبودار دھونی اگرچہ وہ اگربتی ہی کیوں نہ ہو ضرور سلگائے۔

نماز: عامل کو چاہیے کہ ہر عمل سے پہلے دو رکعت نماز حاجت بجالا کر عمل شروع کرے۔

☆ عمل سے پہلے باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے خلوت یا خاموش ماحول میں عمل بجالائے

☆ عامل کو چاہیے کہ ورد شروع کرنے سے پہلے استعاذہ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر نہایت خضوع وخشوع اور رجوع قلب ویکسوئی سے عمل بجالائے

نوٹ: یہ بات مسلم ہے کہ جو دعا دل سے نکلتی ہے وہ اثر رکھتی ہے پس عامل کو اذکار کے تراجم سے واقف ہونا چاہیے تا کہ اسے معلوم ہو کہ کیا کہہ رہا ہے اسی لئے ہم نے عربی عبارات کا نیچے ترجمہ لکھ دیا ہے تا کہ سمجھنے میں آسانی رہے اور عامل بارگاہ الٰہی میں بطور احسن اپنا مدعا پیش کر سکے

اوقاتِ عملیات

اوقاتِ تسخیر: حکام کو زیر کرنے اور رشتہ کے حصول اور لوگوں کے دل میں محبت ڈالنے اور حصول ملازمت اور سرکش کو تابع کرنے اور اصلاح اولاد اور دوسروں سے مطلب نکالنے جیسے اعمال کو روز جمعرات پہلی ساعت مشتری (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک اور روز جمعہ پہلی ساعت زہرہ (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک جو بھی اعمال بجالائے گا تو وہ فوری نتائج کے حامل ہوں گے۔

اعمالِ شب: ادائیگی قرض ومشکلات سے چھٹکارا اور دلی آرزوؤں کی برآوری اور حصول ملازمت وغیرہ کے اعمال بجالائے جاسکتے ہیں کیونکہ رات کے سناٹے میں انسان نہایت توجہ اور اضطرابی کی حالت میں اپنا مدعا پیش کر سکتا ہے جو عامل کیلئے موقع غنیمت سے کم نہیں ہوتا

نوچندی جمعرات: عملیات میں نوچندی جمعرات کو خاصی اہمیت حاصل ہے رزق و ادائے قرض کے عملیات اس میں بجالائے جاتے ہیں نیز عقد مطلوب (من پسند شادی) کے حصول کے اعمال اور خوش بختی وسعادت وتزکیہ نفس وغیرہ کے اعمال اور تسخیر کی تمام اقسام مثلاً محبت زوجین وغیرہ کے عملیات کے لئے سعید ترین اور نیک دن ہے۔

شبِ جمعہ وروز جمعہ: ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور حاجات کی برآوری اور مشکلات سے نجات کیلئے نیز رزق میں وسعت وبرکت کیلئے اور کاروبار میں نقصان سے بچنے اور نفع پانے والے اعمال اس شب وروز میں بجالانا تاثیر سے خالی نہیں۔

ایامِ بیض: ہر قمری ماہ کی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخ کو "ایام بیض" کہا جاتا ہے ہر ماہ کی چودہ کو "شرف قمر" ہوتا ہے لہٰذا چودہ کی رات اور دن کو محبت زوجین وحصول رشتہ اور تسخیر کے اعمال کا بجالانا پایۂ تکمیل تک پہنچنے کے مترادف ہے۔

آخری عشرہ: ہر قمری ماہ کا آخری عشرہ مقہوری اعداء مغلوبیٔ دشمنان اور ان کی بیخ کنی کے اعمال کیلئے مختص ہے اس عشرہ کے آخری منگل بدھ ہفتہ اور سوموار کو بجالایا جانے والا عمل مخالفین کی شکست کا موجب بنتا ہے نیز اس قسم کے عملیات کو قمر درعقرب کے ایام میں انجام دینے سے یہ سو فیصد نتائج کے حامل ہوجاتے ہیں۔

رجالُ الغیب

از انتخاب: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۞ فرشتے اس کی پشت پر ہوتے ہیں (سورہ تحریم: ۴)

☆ اس ترقی اور سرعت کے دور میں ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ کم سے کم وقت میں اسے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں۔ علمائے اہل فن نے روحانی عملیات کی متعدد ومکمل تشریحات کی ہیں جن کے ذریعے عملیات کو باقوت وزود اثر بنایا جاسکتا ہے۔ یہ بات بددیانتی کے مترادف ہوگی کہ مشتاقانِ عملیات وراہ سلوک کے متلاشی حضرات سے ان روحانی رموز واسرار کو مخفی رکھا جائے پس یہ جاننا چاہیے کہ عمل کو سریع الاثر بنانے میں روحانی قوتوں کی استمداد واستعانت کا بڑا عمل دخل ہے ان روحانی قوتوں کو عملیات کی زبان میں رجال الغیب کہا جاتا ہے۔

☆ ہر آیت وحرف اور اسم کے لئے اللہ نے مؤکلین مقرر فرمائے ہیں یہ مؤکلین صاحب ریاضت کی پشت پناہی کرتے ہیں اور تمام امور میں امداد بہم پہنچاتے ہیں جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۞ کوئی چیز ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں (الطارق: ۴)

☆ رجال الغیب (مؤکلین فرشتے) عامل کی حفاظت ومدد ہی نہیں کرتے بلکہ نورانی علوم کے دشمن ومخالفین "شیاطین" کے وسوسوں اور حملوں سے عامل کو محفوظ بھی رکھتے ہیں۔

☆ یہ ارواحِ مقدسہ قمری مہینہ کی مختلف تاریخوں میں مختلف اطراف کی سیر کرتے ہیں جس طرح کہ آنے والے جدول رجال الغیب میں ظاہر کیا گیا ہے۔ چاند کی جس تاریخ کو عمل کرنا مقصود ہو تو اس روز دیکھیں کہ رجال الغیب آج کس سمت پر ہیں اس سمت کے مخالف منہ کر کے عمل کریں تا کہ رجال الغیب پشت پر آجائیں اور پشت پناہی کرتے رہیں۔

رجال الغیب کا سامنے ہونا مضر ہے بلکہ پشت پر ہونا اچھا ہوتا ہے

معصومینؑ سے استمداد: عملیات میں انبیاء علیہم السلام وآئمہ اطہار علیہم السلام اور اہل بیتؑ کی ارواحِ مقدسہ سے توسل کرنا عمل کے نتائج کو چار چاند لگاتا ہے کیونکہ یہ بزرگ ہستیاں روحانیات میں اعلیٰ مقام رکھتی ہیں ان ارواحِ طیبہ سے توسل کے لئے سورۂ فاتحہ فاتحہ اول وآخر تین مرتبہ صلوات کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے ان سے مدد طلب کرے

دعائے رجال الغیب: رجال الغیب سے عملی مدد حاصل کرنے کیلئے عمل سے پہلے یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَرْوَاحَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے اے رجال الغیب (پوشیدہ مخلوق) تم پر سلام ہو، اے پاک ارواح تم پر

الْمُقَدَّسَةِ اَغِيْثُوْنِيْ وَانْظُرُوْا اِلَيَّ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ

سلام ہو تم میری مدد کرو اور میری طرف خاص نظر سے دیکھو اے رقباء اے نجباء اے ابدال اے اوتاد

صرف عمار: صرف عمار کے بغیر کوئی عمل پر تاثیر واقع نہیں ہوسکتا عمل کے اثرات کو ہوائی جنات وبدروحوں سے محفوظ بنانے کے لئے عمل سے پہلے تین مرتبہ سورۂ زلزال کو اس طرح پڑھے کہ لفظ اَشْتَاتًا کو تین مرتبہ دہرا کر سورۂ مکمل کر کے یہ درج ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھے (الاحضار للاجنۃ)

يَا عُمَّارُ هٰذَا الْمَكَانِ اِنْصَرِفُوْا اِلٰى اَمَاكِنِكُمْ اے اس جگہ کے عمار اپنے اصلی ٹھکانوں کو چلے جاؤ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۞ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۞ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۞ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۞ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۞ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۞ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۞ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۞

دائمی جدول رجال الغیب

جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	مفید جہت	جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	مفید جہت
جنوب مشرق	۹-۱ ۲۴-۱۶	شمال مغرب	شمال مغرب	۱۳-۵ ۰۰-۲۰	جنوب مشرق
جنوب مغرب	۱۰-۲ ۲۵-۱۷	شمال مشرق	شمال مشرق	۲۱-۶ ۰۰-۲۸	جنوب مغرب
جنوب	۱۱-۳ ۲۶-۱۸	شمال	مشرق	۱۴-۷ ۲۹-۲۲	مغرب
مغرب	۱۲-۴ ۲۷-۱۹	مشرق	شمال	۱۵-۸ ۳۰-۲۳	جنوب

کل امر مرھون باوقتھا ٥ (حدیث رسول ﷺ)

2023 کے بہترین اوقات عملیات

حضور پُرنور ختم المرسلین سید یوم النشور ﷺ کا فرمان پاک ہے کہ **کل امر مرھون باوقتھا** یعنی تمام امور اپنے اوقات کے مرہون ہیں۔ فرمودۂ پاک کے بعد کسی چوں چراں کی گنجائش نہیں ہے۔ اب تمام غور صرف یہی ہے کہ علم نجوم کی بنیاد بھی اس ہی فلسفہ پر ہے۔ چنانچہ حکمائے اشراق و ماہرین علم نجوم نے مختلف اجرام فلکی کے باہم متناظر ہونے کے اوقات کو مناسب اعمال کے لئے منطبق کیا ہے۔ لہٰذا بعد از بسیار تحقیق و تدقیق **2023**ء میں قائم ہونے والی مختلف نظرات کواکب کو استخراج کیا گیا ہے تا کہ عامل حضرات فیضیاب ہوسکیں۔

نظرات کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں

علم النجوم کے زائچہ اور عملیات میں انہی کو مدنظر رکھا جاتا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

تثلیث (ث): یہ نظر سعد اکبر ہوتی ہے یہ کامل دوستی، فاصلہ **120** درجہ کی نظر سے بغض وعدوات مٹاتی ہے۔ اگر حصول رزق، محبت، حصول مراد و ترقی وغیرہ سعد اعمال کئے جائیں تو جلد ہی کامیابی لاتے ہیں۔

تسدیس (س): یہ نظر سعد اصغر ہوتی ہے۔ نیم دوستی اور فاصلہ **60** درجہ اثرات کے لحاظ سے تثلیث سے کم درجہ پر ہے۔ سعد دنیاوی امور سرانجام دینا اور سعد عملیات میں کامیابی لاتا ہے۔

مقابلہ (لہ): یہ نظر نحس اکبر اور کامل دشمنی کی نظر ہے۔ فاصلہ **180** درجہ، جنگ و جدل، مقابلہ اور عداوت کی تاثیر ہر دو ستاروں کی منسوبات میں پائی جاتی ہے۔ دو افراد میں جدائی، نفاق، عداوت، طلاق، بیمار کرنا وغیرہ نحس اعمال کئے جائیں تو جلد اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ سعد اعمال کا نتیجہ بھی خلاف ظاہر ہوگا۔

تربیع (ع): یہ نظر نحس اصغر ہے۔ فاصلہ **90** درجہ، اس کی تاثیر بدی میں نمبر **1** مقابلہ کم ہے۔ تمام نحس اعمال کئے جاسکتے ہیں۔ اگر دشمن دوست ہو چکا ہو تو اس کی تاثیر سے دشمنی کا احتمال ہوتا ہے۔

قران (ن): فاصلہ صفر درجہ سیارگان، سعد سیاروں کا سعد، نحس ستاروں کا نحس قران ہوتا ہے۔

سعد کواکب: قمر، عطارد، زہرہ اور مشتری ہیں۔

نحس کواکب: شمس، مریخ، زحل، یورانس، نیپچون ہیں۔

یہ نظرات پاکستان کے موجودہ نئے سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان میں اپنے ہاں کا تفاوت وقت جمع یا تفریق کر کے مقامی وقت نکالا جاسکتا ہے۔ یہ تمام اوقات نظر کے عین نقاط ہیں۔ قمری نظرات کا عرصہ دو گھنٹے ہے۔ ایک گھنٹہ وقت نظر سے قبل اور ایک گھنٹہ بعد جدید علم نجوم کے مطابق جنتری ہذا میں اہم کواکب شمس، مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ اور زحل میں بننے والی نظرات کی ابتداء، مکمل اور خاتمہ نظر کے اوقات بھی دیئے جارہے ہیں تا کہ عملیات میں دلچسپی رکھنے والے وقت سے بھرپور ممکنہ فیض حاصل کریں۔ دیگر الگ مکمل نظرات میں قمر، یورانس نیپچون پلوٹو بھی شامل ہے۔ اوقات رات کے ایک بجے سے شروع ہو کر دن کے **12** بجے تک اور پھر دوپہر کے ایک بجے سے **12** بجے رات تک **13** تا **00** لکھے گئے ہیں۔ **13** بجے کا مطلب ہے کہ ایک بجے دوپہر اور **18** بجے کا مطلب **6** بجے شام اور رات بارہ بجے کو **00** لکھا گیا ہے۔

اختصارات کواکب: شمس (س)، قمر (ر)، عطارد (د)، زہرہ (ہ)، مریخ (خ)، مشتری (ی)، زحل (ل)، یورانس (نس)، نیپچون (ن) اور پلوٹو (ٹو)

نظرات گھنٹے (ہ) منٹ (ا): قران (ن)، مقابلہ (لہ)، تربیع (ع)، تثلیث (ث)، تسدیس (س) تثلیث اور تسدیس کے اوقات سعد ہوتے ہیں۔ مقابلہ اور اور تربیع کے اوقات نحس ہوتے ہیں۔

قرانات مابین قمر، عطارد، زہرہ اور مشتری کے سعد ہوتے ہیں۔ باقی ستاروں کے آپس میں یا اوپر والے سعد ستاروں کے ساتھ ہوں تو بھی نحس ہوں گے۔

عملیات کے لئے سیاروں کی باہمی نظرات تثلیث ومقابلہ' قران ورجعت واستقامت کا بیان

تسدیس وتثلیث	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
☾ قمر باعطارد ☿	برائے تسخیر ومحبت وصل معشوق
☾ قمر بازہرہ ♀	برائے شادی وصل نسواں' عشق ومحبت
☾ قمر باشمس ☉	سلاطین وامراء کے درمیان محبت کیلئے
☾ قمر بامریخ ♂	برائے خواب بندی ودفع حاسدان
☾ قمر بامشتری ♃	برائے عزت وتوقیر' ترقی مرتبہ وجاہ وجلال
☾ قمر بازحل ♄	برائے ترقی زراعت اور شادابی
☿ عطارد بازہرہ ♀	برائے محبت وصل محبوب اور تسخیر جانوراں آبی
☿ عطارد بامشتری ♃	برائے ترقی علوم اور صنعت وحرفت
☿ عطارد بازحل ♄	برائے حل المشکلات
☿ عطارد بامریخ ♂	الفت ومحبت قائم ودائم رکھنے کیلئے
☉ شمس بامریخ ♂	برائے مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین
☉ شمس بامشتری ♃	برائے ترقی ودولت اور نام آوری نزدیک سلاطین
☉ شمس بازحل ♄	برائے حصول مدعا اور طلب حاجات' ترقی روزگار
♂ مریخ باعطارد ☿	برائے زیادتی قوت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض
♂ مریخ بازہرہ ♀	برائے دفعیہ فتنہ وفساد
♂ مریخ بامشتری ♃	برائے حصول دولت اور زر ومال' بلندی مراتب
♂ مریخ بازحل ♄	برائے ترقی وزراعت اور عمارات
♃ مشتری بازحل ♄	برائے دفعہ غضب سلطانی
تربیع ومقابلہ	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
☾ قمر باعطارد ☿	دوستوں میں جدائی کے لئے
☾ قمر بازہرہ ♀	عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے
☾ قمر باشمس ☉	سلاطین کے درمیان فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے
☾ قمر بامریخ ♂	حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دور کرنے کے لئے
☾ قمر بامشتری ♃	اسرار مخفی کے انکشاف کے لئے
☾ قمر بازحل ♄	دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنے کے لئے
☿ عطارد بازہرہ ♀	دوستوں میں جدائی اور مخالفین کا کاروبار بند کرنے کیلئے
☿ عطارد بامریخ ♂	اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی بستگی کیلئے
☿ عطارد بامشتری ♃	دشمن کی ملک واملاک کو تباہ وخراب کرنے کے لئے
☿ عطارد بازحل ♄	ملک واملاک کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
♀ زہرہ بامریخ ♂	دومحبوبوں کے درمیان فرقت وعداوت کے لئے
♀ زہرہ بازحل ♄	عورتوں اور مردوں میں فتنہ وفساد برپا کرنے کے لئے
♂ مریخ باشمس ☉	مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ وجدل کے لئے
♃ مشتری باشمس ☉	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے کے لئے
♃ مشتری بامریخ ♂	شدید عذاب پیدا کرنے کے لئے
♃ مشتری بازحل ♄	کسی کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے
♄ زحل باشمس ☉	دومحبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے
♄ زحل بامریخ ♂	دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے بغض وعداوت' زبان بندی
قران سیارگان	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
☾ قمر باعطارد ☿	برائے ملاقات اہل قلم وزراء اور اہل صنعت وحرفت
☾ قمر بازہرہ ♀	برائے شادی' عشق ومحبت اور معشوق کو بلانے کیلئے
☾ قمر بامریخ ♂	ملاقات امراء' حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے
☾ قمر بامشتری ♃	ترقی وتجارت حصول مال ودولت اور ترقی علم کیلئے
☾ قمر بازحل ♄	پریشان وسرگرداں کرنے' اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے
☿ عطارد بازہرہ ♀	حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے
☿ عطارد بامشتری ♃	ترقی عقل' حصول علم' مردوں کی محبت اور عاملوں کی تسخیر کیلئے
☿ عطارد بازحل ♄	کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی وخرابی اور ہلاکت دشمن کیلئے
♀ زہرہ بامشتری ♃	برائے عشق ومحبت اور مطیع وفرمانبردار کرنے کیلئے
♂ مریخ باعطارد ☿	کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے
♂ مریخ بازہرہ ♀	برائے تسلط اور غالب آنے مستورات واہل نشاط کیلئے
♂ مریخ بامشتری ♃	لشکر کو تسخیر کرنے' اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح پانے کیلئے
♃ مشتری بازحل ♄	اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے
بحالت استقامت	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
سیارہ عطارد ☿	بزرگی اور علم حاصل کرنے کے لئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کی محبت اور دوستی کے لئے
سیارہ مریخ ♂	لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کے لئے
سیارہ مشتری ♃	امارت اور ملک واملاک قائم رکھنے کے لئے
بحالت رجعت	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
سیارہ عطارد ☿	کسی شخص کو اس کے مرتبے سے گرانے اور ذلیل وخوار کرنے کیلئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا اسقاط حمل کیلئے
سیارہ مریخ ♂	اہل لشکر اور فوج کو خراب ومنتشر کرنے یا جنگ وجدل پیدا کرنے کیلئے
سیارہ مشتری ♃	کسی آبادی یا موضع یا شہر کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
سیارہ زحل ♄	دومحبوبوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لئے

واضح ہو کہ عملیات وطلسمات تیار کرتے وقت سیاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ان میں بالخاصیت دوستی اور دشمنی موجود ہے۔اس لئے دودوستوں کی نظرات معاون محبت اور دودشمنوں کی نظرات معاون نفرت ومخالفت ہوتی ہے۔چنانچہ ادارہ کی کتب جامع النجوم یا رموز سوال کا مطالعہ کریں۔سیاروں کو بحالت گردش مختلف بروج میں بزرگی اور تنزل حاصل ہوتا ہے۔اس لئے امور سعادت کے عمل اور تعویذات میں بزرگی سیارگان اور برائے نحوست بغض وکینہ کے عمل اور تعویذات میں تنزل سیارگان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔لہٰذا شرف وہبوط سیارگان کا نقشہ اس زنجانی جنتری میں ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا نظرات تثلیث وتسدیس بسلسلہ عملیات ووظائف کے ایک ہی احکامات ہیں۔

احمق کے ساتھ ہم نشینی نہ کرو کیونکہ وہ اپنے احمقانہ عمل کو تیرے سامنے خوبصورت بنائے گا (حضرت علیؑ)

اہم اوقاتِ عملیات و وظائف برائے عاملین 2023

تاریخ	نظرات		وقت
03جنوری	تسدیس زہرہ مشتری	ابتداء	16:46
04جنوری	تسدیس زہرہ مشتری	مکمل	14:07
05جنوری	تسدیس زہرہ مشتری	خاتمہ	11:32
07جنوری	قران شمس عطارد	ابتداء	07:47
07جنوری	قران شمس عطارد	مکمل	17:56
08جنوری	قران شمس عطارد	خاتمہ	04:05
09جنوری	تثلیث زہرہ مریخ	ابتداء	01:52
09جنوری	تثلیث زہرہ مریخ	مکمل	20:21
10جنوری	تثلیث زہرہ مریخ	خاتمہ	14:59
22جنوری	قران زہرہ زحل	ابتداء	06:00
23جنوری	قران زہرہ زحل	مکمل	03:12
24جنوری	قران زہرہ زحل	خاتمہ	00:25
24جنوری	تسدیس شمس مشتری	ابتداء	02:01
25جنوری	تسدیس شمس مشتری	مکمل	06:30
26جنوری	تسدیس شمس مشتری	خاتمہ	11:03
29جنوری	تثلیث شمس مریخ	ابتداء	01:43
30جنوری	تثلیث شمس مریخ	مکمل	06:45
31جنوری	تثلیث شمس مریخ	خاتمہ	12:12
04فروری	تربیع زہرہ مریخ	ابتداء	08:23
05فروری	تربیع زہرہ مریخ	مکمل	08:28
06فروری	تربیع زہرہ مریخ	خاتمہ	08:46
15فروری	قران شمس زحل	ابتداء	18:48
16فروری	قران شمس زحل	مکمل	21:48
17فروری	تسدیس عطارد مشتری	ابتداء	12:21
18فروری	قران شمس زحل	خاتمہ	00:48
18فروری	تسدیس عطارد مشتری	مکمل	07:13
19فروری	تسدیس عطارد مشتری	خاتمہ	01:54
22فروری	تثلیث عطارد مریخ	ابتداء	05:09
23فروری	تثلیث عطارد مریخ	مکمل	01:13
23فروری	تثلیث عطارد مریخ	خاتمہ	21:08
یکم مارچ	قران زہرہ مشتری	ابتداء	10:32
02مارچ	قران عطارد زحل	ابتداء	04:17
02مارچ	قران زہرہ مشتری	مکمل	10:35
02مارچ	قران عطارد زحل	مکمل	19:34
03مارچ	قران زہرہ مشتری	خاتمہ	10:41
03مارچ	قران عطارد زحل	خاتمہ	10:44
10مارچ	تسدیس زہرہ مریخ	ابتداء	13:03
11مارچ	تسدیس زہرہ مریخ	مکمل	20:04
13مارچ	تسدیس زہرہ مریخ	خاتمہ	03:19
15مارچ	تربیع شمس مریخ	ابتداء	02:50
16مارچ	قران شمس عطارد	ابتداء	14:40
16مارچ	تربیع عطارد مریخ	ابتداء	17:44
16مارچ	تربیع شمس مریخ	مکمل	23:09
17مارچ	تسدیس زہرہ زحل	ابتداء	05:26
17مارچ	تربیع عطارد مریخ	مکمل	09:48
17مارچ	قران شمس عطارد	مکمل	15:44
18مارچ	تربیع عطارد مریخ	خاتمہ	01:45
18مارچ	تسدیس زہرہ زحل	مکمل	03:25
18مارچ	قران شمس عطارد	خاتمہ	16:22
18مارچ	تربیع شمس مریخ	خاتمہ	20:02
19مارچ	تسدیس زہرہ زحل	خاتمہ	01:24
27مارچ	قران عطارد مشتری	ابتداء	21:58
28مارچ	تثلیث مریخ زحل	ابتداء	10:11
28مارچ	قران عطارد مشتری	مکمل	11:50
29مارچ	قران عطارد مشتری	خاتمہ	01:49
31مارچ	تثلیث مریخ زحل	مکمل	00:03
02اپریل	تثلیث مریخ زحل	خاتمہ	12:41
05اپریل	تسدیس عطارد زحل	ابتداء	04:50
05اپریل	تسدیس عطارد زحل	مکمل	21:20
06اپریل	تسدیس عطارد زحل	خاتمہ	14:28
07اپریل	تسدیس عطارد مریخ	ابتداء	19:16
08اپریل	تسدیس عطارد مریخ	مکمل	11:28
09اپریل	تسدیس عطارد مریخ	خاتمہ	20:04
10اپریل	قران شمس مشتری	ابتداء	18:41
12اپریل	قران شمس مشتری	مکمل	03:06
13اپریل	قران شمس مشتری	خاتمہ	11:33
13اپریل	تربیع زہرہ زحل	ابتداء	23:10

تاریخ	نظرات		وقت
14اپریل	تربیع زہرہ زحل	تکمیل	21:38
15اپریل	تربیع زہرہ زحل	خاتمہ	20:06
22اپریل	تسدیس عطارد مریخ	ابتداء	23:39
24اپریل	تسدیس عطارد مریخ	تکمیل	08:18
24اپریل	تسدیس شمس زحل	ابتداء	12:57
25اپریل	تسدیس عطارد مریخ	خاتمہ	12:44
25اپریل	تسدیس شمس زحل	تکمیل	15:47
26اپریل	تسدیس شمس زحل	خاتمہ	18:36
یکم مئی	قران شمس عطارد	ابتداء	13:34
02مئی	قران شمس عطارد	تکمیل	04:27
02مئی	قران شمس عطارد	خاتمہ	19:17
04مئی	تسدیس زہرہ مشتری	ابتداء	05:33
05مئی	تسدیس زہرہ مشتری	تکمیل	09:02
06مئی	تسدیس زہرہ مشتری	خاتمہ	12:37
09مئی	تسدیس عطارد زحل	ابتداء	20:10
11مئی	تسدیس عطارد زحل	تکمیل	22:59
12مئی	تثلیث زہرہ زحل	ابتداء	12:30
12مئی	تسدیس عطارد زہرہ	ابتداء	12:45
12مئی	تسدیس عطارد زحل	تکمیل	13:41
13مئی	تسدیس عطارد زہرہ	تکمیل	07:43
13مئی	تثلیث زہرہ زحل	تکمیل	11:56
14مئی	تسدیس عطارد زہرہ	خاتمہ	03:42
14مئی	تثلیث زہرہ زحل	خاتمہ	11:26
19مئی	تسدیس شمس مریخ	ابتداء	21:45
20مئی	تربیع مریخ مشتری	ابتداء	12:57

تاریخ	نظرات		وقت
22مئی	تسدیس عطارد زحل	خاتمہ	05:03
22مئی	تسدیس شمس مریخ	تکمیل	10:56
23مئی	تربیع مریخ مشتری	تکمیل	10:12
25مئی	تسدیس شمس مریخ	خاتمہ	00:38
26مئی	تربیع مریخ مشتری	خاتمہ	06:28
27مئی	تربیع شمس زحل	ابتداء	13:51
28مئی	تربیع شمس زحل	تکمیل	15:45
29مئی	تربیع شمس زحل	خاتمہ	17:38
10جون	تربیع زہرہ مشتری	ابتداء	10:26
11جون	تربیع زہرہ مشتری	تکمیل	20:39
13جون	تربیع زہرہ مشتری	خاتمہ	07:26
14جون	تسدیس مشتری زحل	ابتداء	17:33
15جون	تربیع عطارد زحل	ابتداء	07:39
15جون	تربیع عطارد زحل	تکمیل	21:09
16جون	تربیع عطارد زحل	خاتمہ	10:27
16جون	تسدیس عطارد زہرہ	ابتداء	20:53
17جون	تسدیس عطارد زہرہ	تکمیل	20:29
18جون	تسدیس عطارد زہرہ	خاتمہ	18:57
19جون	تسدیس مشتری زحل	تکمیل	20:52
21جون	تسدیس عطارد مریخ	ابتداء	03:33
21جون	تسدیس عطارد مریخ	تکمیل	20:22
22جون	تسدیس عطارد مریخ	خاتمہ	12:55
24جون	تسدیس مشتری زحل	خاتمہ	23:39
28جون	تثلیث شمس زحل	ابتداء	05:59
29جون	تثلیث شمس زحل	تکمیل	06:42
30جون	تثلیث عطارد زحل	ابتداء	00:30

تاریخ	نظرات		وقت
30جون	تثلیث شمس زحل	خاتمہ	07:22
30جون	تسدیس شمس مشتری	ابتداء	08:37
30جون	تثلیث عطارد زحل	تکمیل	11:23
30جون	قران شمس عطارد	ابتداء	14:33
30جون	تثلیث عطارد زحل	خاتمہ	22:16
یکم جولائی	تسدیس عطارد مشتری	ابتداء	00:12
یکم جولائی	قران شمس عطارد	تکمیل	10:05
یکم جولائی	تسدیس عطارد مشتری	تکمیل	12:10
یکم جولائی	تسدیس شمس مشتری	تکمیل	15:25
02جولائی	تسدیس عطارد مشتری	خاتمہ	00:08
02جولائی	قران شمس عطارد	خاتمہ	05:42
02جولائی	تسدیس شمس مشتری	خاتمہ	22:08
17جولائی	تربیع عطارد مشتری	ابتداء	03:09
17جولائی	تربیع عطارد مشتری	تکمیل	17:48
18جولائی	تربیع عطارد مشتری	خاتمہ	08:36
21جولائی	مقابلہ مریخ زحل	تکمیل	03:35
22جولائی	مقابلہ مریخ زحل	خاتمہ	13:38
27جولائی	قران عطارد زہرہ	ابتداء	05:34
27جولائی	قران عطارد زہرہ	تکمیل	20:15
28جولائی	قران عطارد زہرہ	خاتمہ	10:54
31جولائی	تثلیث مریخ مشتری	ابتداء	03:14
02اگست	تثلیث مریخ مشتری	تکمیل	01:44
03اگست	تثلیث مریخ مشتری	خاتمہ	23:40
04اگست	مقابلہ عطارد زحل	خاتمہ	08:17

تاریخ	نظرات		وقت
06اگست	تربیع شمس مشتری	ابتداء	01:20
07اگست	تربیع شمس مشتری	مکمل	05:02
08اگست	تربیع شمس مشتری	خاتمہ	08:37
09اگست	تثلیث عطارد مشتری	ابتداء	02:56
10اگست	تثلیث عطارد مشتری	مکمل	05:47
11اگست	تثلیث عطارد مشتری	خاتمہ	10:15
13اگست	قران شمس زہرہ	ابتداء	01:04
13اگست	قران شمس زہرہ	مکمل	16:15
14اگست	قران شمس زہرہ	خاتمہ	07:25
20اگست	تربیع زہرہ مشتری	ابتداء	21:24
22اگست	تربیع زہرہ مشتری	مکمل	17:16
24اگست	تربیع زہرہ مشتری	خاتمہ	19:04
26اگست	مقابلہ شمس زحل	ابتداء	14:23
27اگست	مقابلہ شمس زحل	مکمل	13:27
28اگست	مقابلہ شمس زحل	خاتمہ	10:40
03ستمبر	تثلیث عطارد مشتری	ابتداء	14:03
04ستمبر	تثلیث عطارد مشتری	مکمل	15:28
05ستمبر	تثلیث عطارد مشتری	خاتمہ	16:18
06ستمبر	قران شمس عطارد	ابتداء	03:47
06ستمبر	قران شمس عطارد	مکمل	16:08
07ستمبر	قران شمس عطارد	خاتمہ	04:33
07ستمبر	تثلیث شمس مشتری	ابتداء	15:45
08ستمبر	تثلیث شمس مشتری	مکمل	16:12
